سلسلہ حقوقِ انسانی

# اسلام میں خواتین کے حقوق

منہاج سی ڈیز
اسلامک سی ڈیز
18, Madina Center, Saleemi Chowk, Faisalabad. Ph: 041-8531823 Mobile: 0333-6535402

شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری

منہاج القرآن پبلیکیشنز

Marfat.com

دورِ حاضر کے عظیم اِسلامی مفکر، مفسر، معلم، مصلح اور نابغہ عصر شیخ الاسلام پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہرالقادری پاکستان کے شہر جھنگ میں 1951ء میں پیدا ہوئے۔ آپ نے پنجاب یونیورسٹی سے ایم۔ اے اور قانون کے اِمتحانات اعلیٰ ترین اِعزازات کے ساتھ پاس کیے۔ 1986ء میں پنجاب یونیورسٹی نے آپ کو ***Punishments in Islam, their Classification and Philosophy*** کے موضوع پر ڈاکٹریٹ کی ڈگری تفویض کی۔

آپ نے عالم اِسلام کی عظیم المرتبت روحانی شخصیت قدوۃُ الاولیاء سیدنا طاہر علاؤالدین القادری الگیلانی البغدادی رحمۃ اللہ علیہ کے دستِ حق پرست پر بیعت کی اور اُن سے طریقت وتصوف کی تربیت اور روحانی فیضان حاصل کیا۔ آپ کے اساتذہ میں آپ کے والد ماجد ڈاکٹر فرید الدین قادریؒ کے علاوہ مولانا عبد الرشید رضویؒ، مولانا ضیاء الدین مدنیؒ، مولانا احمد سعید کاظمیؒ اور ڈاکٹر برہان احمد فاروقیؒ جیسے عظیم المرتبت علماء شامل ہیں۔ آپ پنجاب یونیورسٹی لاء کالج میں قانون کے اُستاد رہے۔ آپ نے پاکستان میں اور بیرونِ ملک خصوصاً یورپی ممالک میں اِسلام کے مذہبی و سیاسی، روحانی و اَخلاقی، قانونی وتاریخی، معاشی و اِقتصادی، معاشرتی و سماجی اور تقابلی پہلوؤں کو محیط مختلف النوع موضوعات پر ہزاروں لیکچرز دیے۔ دنیا کی مختلف یونیورسٹیوں میں وقتاً فوقتاً مختلف علمی وفکری اور عصری موضوعات پر آپ نے فکر انگیز لیکچرز دیے ہیں؛ اور آپ کے لیکچرز عالم عرب اور مغربی دنیا کے مختلف ٹی وی چینلز پر بھی نشر کیے جاتے ہیں۔ آپ کی اب تک 275 سے زائد اُردو، انگریزی اور عربی تصانیف شائع ہو چکی ہیں۔ اِن میں سے متعدد تصانیف کا دنیا کی دیگر زبانوں میں ترجمہ ہوا ہے۔ مختلف موضوعات پر آپ کی آٹھ سو سے زائد کتابوں کے مسودات طباعت کے مختلف مراحل میں ہیں۔

آپ نے دورِ حاضر کے چیلنجوں کے پیش نظر اپنے علمی وتجدیدی کام کی بنیاد عصری ضروریات کے گہرے اور حقیقت پسندانہ تجزیاتی مطالعے پر رکھی، جس نے کئی قابلِ تقلید نظائر قائم کیں۔

Marfat.com

# اِسلام

# میں

# خواتین کے حقوق


## شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری

تحقیق و تدوین:

ڈاکٹر طاہر حمید تنولی



**مِنہاجُ القرآن پبلیکیشنز**

365-ایم، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 5168514، 3-5169111

یوسف مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور، فون: 7237695

www.Minhaj.org - www.Minhaj.biz



Marfat.com

جملہ حقوق بحقِ تحریکِ منہاج القرآن محفوظ ہیں

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | اِسلام میں خواتین کے حقوق |
| تصنیف | : | شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری |
| تحقیق و تدوین | : | ڈاکٹر طاہر حمید تنولی، محمد فاروق رانا |
| معاونِ تخریج | : | محمد ضیاء الحق رازی |
| زیرِ اہتمام | : | فریدِ ملّت رِیسرچ اِنسٹی ٹیوٹ Research.com.pk |
| مطبع | : | منہاج القرآن پرنٹرز، لاہور |
| اِشاعتِ اوّل | : | ستمبر 2006ء (1,100) |
| اِشاعتِ دوم | | دسمبر 2006ء |
| تعداد | : | 2,200 |
| قیمت امپورٹڈ کاغذ | : | -/110 روپے |

۞ ۞ ۞

نوٹ: شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی تمام تصانیف اور خطبات و لیکچرز کے آڈیو، ویڈیو کیسٹس، CDs اور DVDs سے حاصل ہونے والی جملہ آمدنی اُن کی طرف سے ہمیشہ کے لیے تحریکِ منہاج القرآن کے لیے وقف ہے۔

(ڈائریکٹر منہاج القرآن پبلی کیشنز)

sales@minhaj.biz

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مَولَایَ صَلِّ وَ سَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا

عَلٰی حَبِیبِکَ خَیرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

مُحَمَّدٌ سَیِّدُ الْکَونَینِ وَالثَّقَلَینِ

وَالْفَرِیقَینِ مِنْ عُرْبٍ وَّ مِنْ عَجَمِ

﴿صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَ بَارَکَ وَسَلَّمَ﴾

Marfat.com

حکومتِ پنجاب کے نوٹیفکیشن نمبر ایس او (پی۔۱) ۴-۱/ ۸۰ پی آئی وی، مورّخہ ۳۱ جولائی ۱۹۸۴ء؛ حکومتِ بلوچستان کی چٹھی نمبر ۸۷-۴-۲۰ جنرل وایم ۴/ ۹۷۰-۳-۷۲، مورّخہ ۲۶ دسمبر ۱۹۸۷ء؛ حکومتِ شمال مغربی سرحدی صوبہ کی چٹھی نمبر ۲۴۴۱۱-۶۷ این۔۱/ اے ڈی (لائبریری)، مورّخہ ۲۰ اگست ۱۹۸۶ء؛ اور حکومتِ آزاد ریاست جموں وکشمیر کی چٹھی نمبر س ت/ اِنتظامیہ ۶۳-۸۰۶۱/ ۹۲، مورّخہ ۲ جون ۱۹۹۲ء کے تحت ڈاکٹر محمد طاہرالقادری کی تصنیف کردہ کتب تمام سکولز اور کالجز کی لائبریریوں کے لئے منظور شدہ ہیں۔

Marfat.com

# فہرس


| مشتملات | صفحہ |
| --- | --- |
| ✿ پیش لفظ | ۹ |
| اسلام سے قبل عورت کا معاشرتی مقام | ۱۱ |
| ا۔ نومولود بچیوں کو زندہ دفن کرنے کا رواج | ۱۳ |
| ۲۔ زمانۂ جاہلیت میں رائج شادی کے مختلف طریقے | ۱۶ |
| ۳۔ بدکاری کے اعلانیہ اظہار کا رواج | ۱۹ |
| ۴۔ زمانۂ جاہلیت میں عورت کی حقِ ملکیت سے محرومی | ۲۰ |
| مغربی معاشرہ اور عورت | ۲۲ |
| اسلام میں عورت کا مقام | ۲۷ |
| ا۔ عورت کے انفرادی حقوق | ۲۹ |
| (۱) عصمت و عفت کا حق | ۲۹ |
| (۲) عزت اور رازداری کا حق | ۳۲ |
| (۳) تعلیم و تربیت کا حق | ۳۷ |
| (۴) حسن سلوک کا حق | ۴۰ |
| (۵) ملکیت اور جائیداد کا حق | ۴۲ |


Marfat.com

| مشتملات | صفحہ |
| --- | --- |
| (۶) حرمتِ نکاح کا حق | ۴۳ |
| ۲۔عورت کے عائلی حقوق | ۴۴ |
| (۱) ماں کی حیثیت سے حق | ۴۴ |
| (۲) بیٹی کی حیثیت سے حق | ۴۵ |
| (۳) بہن کی حیثیت سے حق | ۴۷ |
| (۴) بیوی کی حیثیت سے حق | ۴۸ |
| ۳۔عورت کے ازدواجی حقوق | ۵۲ |
| (۱) شادی کا حق | ۵۳ |
| (۲) خیارِ بلوغ کا حق | ۵۶ |
| (۳) مہر کا حق | ۵۸ |
| (۴) حقوقِ زوجیت | ۵۹ |
| (۵) کفالت کا حق | ۶۶ |
| (۶) اعتماد کا حق | ۷۳ |
| (۷) حسن سلوک کا حق | ۷۴ |
| (۸) تشدد سے تحفظ کا حق | ۷۷ |
| (۹) بچوں کی پرورش کا حق | ۷۸ |
| (۱۰) خلع کا حق | ۸۳ |
| ۴۔طلاق کے بعد عورت کے حقوق | ۸۷ |


Marfat.com

| مشتملات | صفحہ |
|---|---|
| (۱) مہر کا حق | ۸۹ |
| (۲) میراث کا حق | ۹۰ |
| (۳) حضانت کا حق | ۹۰ |
| ۵۔ عورت کے معاشی حقوق | ۹۱ |
| (۱) وراثت کا حق | ۹۱ |
| (۲) والدین کے مالِ وراثت میں حق | ۹۲ |
| (۳) شوہر کے مالِ وراثت میں حق | ۹۵ |
| (۴) کلالہ کے مالِ وراثت میں حق | ۹۵ |
| کیا عورت آدھی ہے؟ | ۹۹ |
| (۱) عورت کا حصہ تقسیمِ وراثت کی اکائی ہے | ۹۹ |
| (۲) میراث میں حصوں کے تعین کی بنیاد جنس نہیں | ۱۰۰ |
| (۳) مرد و عورت کی حقِ وراثت میں برابری | ۱۰۰ |
| (۴) مرد و عورت کے مساوی حصہ کی نظیر | ۱۰۲ |
| ۶۔ عورت کے قانونی حقوق | ۱۰۳ |
| (۱) قانونی شخصیت (legal person) ہونے کا حق | ۱۰۳ |
| (۲) گواہی کا حق | ۱۰۶ |
| وہ مسائل جن میں صرف عورت ہی کی گواہی معتبر ہے | ۱۰۸ |


Marfat.com

| صفحہ | مشتملات |
| --- | --- |



| | |
| --- | --- |
| ۱۰۹ | (۱) ولادت اور بچے کے رونے پر گواہی |
| ۱۰۹ | (۲) رضاعت |
| ۱۰۹ | (۳) ماہواری پر گواہی |
| ۱۱۰ | ۷۔ عورت کے سیاسی حقوق |
| ۱۱۰ | (۱) عورت کا ریاستی کردار |
| ۱۱۱ | (۲) رائے دہی کا حق |
| ۱۲۳ | ریاستِ مدینہ میں حقِ رائے دہی |
| ۱۲۶ | (۳) مقننہ (parliament) میں نمائندگی کا حق |
| ۱۲۸ | (۴) عورت بطور سیاسی مشیر |
| ۱۳۰ | (۵) انتظامی ذمہ داریوں پر تقرری کا حق |
| ۱۳۱ | (۶) سفارتی مناصب پر فائز ہونے کا حق |
| ۱۳۲ | (۷) ریاست کی دفاعی ذمہ داریوں میں نمائندگی کا حق |
| ۱۳۶ | (۸) عورت کا حقِ امان دہی |
| ۱۳۷ | (۹) مسلم معاشرے میں عورت کا کردار |
| ۱۴۵ | ✿ مآخذ و مراجع |



Marfat.com

# پیش لفظ

اِسلام اِنسانیت کے لیے تکریم، وقار اور حقوق کے تحفظ کا پیغام لے کر آیا۔ اِسلام سے قبل معاشرے کا ہر کمزور طبقہ طاقت ور کے زیرِ نگیں تھا۔ تاہم معاشرے میں خواتین کی حالت سب سے زیادہ ناگفتہ بہ تھی۔ تاریخِ اِنسانی میں عورت اور تکریم دو مختلف حقیقتیں رہی ہیں۔ قدیم یونی فکر سے حالیہ مغربی فکر تک یہ تسلسل قائم نظر آتا ہے۔ یونانی روایات کے مطابق پینڈورا (Pandora) ایک عورت تھی جس نے ممنوعہ صندوق کو کھول کر اِنسانیت کو طاعون اور غم کا شکار کر دیا۔ اِبتدائی رومی قانون میں بھی عورت کر مرد سے کمتر قرار دیا گیا تھا۔ ابتدائی عیسائی روایت بھی اسی طرح کے افکار کی حامل تھی۔ سینٹ جیروم (St. Jerome) نے کہا:

> "Woman is the gate of the devil, the path of wickedness, the sting of the serpent, in a word a perilous object."

مغرب میں عورت کو اپنے حقوق کے حصول کے لیے ایک طویل اور جاں گسل جد و جہد سے گزرنا پڑا۔ نوعی امتیاز کے خلاف عورت کے احتجاج کا اندازہ حقوقِ نسواں کے لیے جد و جہد کرنے والی خواتین کی طرف سے عورت کے لیے womyn کی اصطلاح کے استعمال سے ہوتا ہے جو انہوں نے نوعی امتیاز (Gender Discrimination) سے عورت کو آزاد کرنے کے لیے کیا۔ مختلف اَدوار میں حقوقِ نسواں کے لیے جد و جہد کرنے والی خواتین میں (1820-1906) Susan B. Anthony کا نام نمایاں ہے جس نے National Woman's Suffrage Association قائم کی۔ اور اسے 1872ء میں صرف اس جرم کی پاداش میں کہ اس نے صدارتی انتخاب میں ووٹ کا

Marfat.com

حق استعمال کرنے کی کوشش کی، جیل جانا پڑا۔ صدیوں کی جد و جہد کے بعد 1961ء میں صدر John Kennedy نے خواتین کے حقوق کے لیے کمیشن قائم کیا جس کی سفارشات پر پہلی مرتبہ خواتین کے لیے fair hiring paid maternity leave practices اور affordable child care کی منظوری دی گئی۔ سیاسی میدان میں بھی خواتین کی کامیابی طویل جد و جہد کے بعد ممکن ہوئی۔ Jeanette Rankin of Montana پہلی مرتبہ 1917ء میں امریکی ایوان نمائندگان کی رکن منتخب ہوسکی۔

جب کہ اسلام کی حقوقِ نسواں کی تاریخ درخشاں روایات کی امین ہے۔ روزِ اول سے اسلام نے عورت کے مذہبی، سماجی، معاشرتی، قانونی، آئینی، سیاسی اور انتظامی کرادر کا نہ صرف اعتراف کیا بلکہ اس کے جملہ حقوق کی ضمانت بھی فراہم کی۔ تاہم یہ ایک المیہ ہے کہ آج مغربی اہل علم جب بھی عورت کے حقوق کی تاریخ مرتب کرتے ہیں تو اس باب میں اسلام کی تاریخی خدمات اور بے مثال کردار سے یکسر صرف نظر کرتے ہوئے اسے نظر انداز کر دیتے ہیں۔ حضرت شیخ الاسلام پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری مدظلہ کی زیر نظر کتاب میں اسلام میں خواتین کے حقوق کا جامع احاطہ کیا گیا ہے۔ امید ہے کہ اس تصنیف سے نہ صرف اسلام کے بارے میں مغالطوں کا ازالہ ہوگا بلکہ معاشرے میں حقوقِ نسواں کے بارے میں حقیقی اِسلامی شعور کو بھی فروغ حاصل ہوگا جس سے ہم اس معاشرے کی تشکیل کی طرف پیش قدمی کرسکیں گے جس کی تعلیم قرآن وسنت میں دی گئی ہے۔

(ڈاکٹر طاہر حمید تنولی)

ناظمِ تحقیق

تحریکِ منہاجُ القرآن

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## اِسلام سے قبل عورت کا معاشرتی مقام

اسلام کی آمد سے قبل عورت بہت مظلوم اور معاشرتی و سماجی عزت و احترام سے محروم تھی۔ اسے تمام برائیوں کا سبب اور قابل نفرت تصور کیا جاتا تھا۔ اہل عرب کے عورت سے اس بدترین رویے کو بیان کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں ارشاد فرمایا:

وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ ○[1]

''اور وہ اللہ کے لیے وہ کچھ (یعنی بیٹیاں) ٹھہراتے ہیں جسے وہ خود ناپسند کرتے ہیں○''

یعنی کفار مکہ اللہ کی بیٹیاں ہونے کا عقیدہ رکھتے تھے۔ دوسری آیت میں ہے:

وَ يَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ وَ لَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ○[2]

''اور یہ لوگ خدا کے لیے تو بیٹیاں تجویز کرتے ہیں (حالاں کہ) وہ ان سے پاک ہے اور اپنے لیے وہ جو چاہیں (یعنی بیٹے)○''

یعنی یہ لوگ فرشتوں کے اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں ہونے کا عقیدہ رکھتے تھے جب کہ اُنہیں خود بیٹیاں پسند نہ تھیں بلکہ بیٹے پسند تھے۔[3]

---

(۱) القرآن، النحل، ۱۶: ۶۲

(۲) القرآن، النحل، ۱۶: ۵۷

(۳) ۱۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۲: ۵۷۳

۲۔ طبری، جامع البیان فی تفسیر القرآن، ۱۴: ۱۲۲، ۱۲۳، ۱۲۶ ←

Marfat.com

قرآن حکیم کی ان آیات سے واضح ہے کہ زمانۂ جاہلیت میں عورت کا مرتبہ ناپسندیدہ تھا وہ مظلوم اور ستائی ہوئی تھی اور ہر قسم کی بڑائی اور فضیلت مردوں کے لیے تھی اس میں عورتوں کا حصہ نہ تھا حتیٰ کہ عام معاملات زندگی میں بھی مرد اچھی چیزیں خود رکھ لیتے اور بے کار چیزیں عورتوں کو دیتے۔ اہل عرب کے اس طرزِ عمل کو قرآن حکیم یوں بیان کرتا ہے:

وَقَالُوْا مَا فِیْ بُطُوْنِ هٰذِهِ الْاَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِّذُكُوْرِنَا وَ مُحَرَّمٌ عَلٰى اَزْوَاجِنَا وَ اِنْ يَّكُنْ مَّيْتَةً فَهُمْ فِيْهِ شُرَكَآءُ سَيَجْزِيْهِمْ وَصْفَهُمْ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ○(۱)

”اور وہ کہتے کہ جو ان جانوروں کے پیٹ میں ہے وہ خالص ہمارے مردوں کے لیے ہے ہماری عورتوں پر حرام ہے اور اگر (پیدا ہونے والا) جانور مرا ہوا ہو تو وہ سب اس میں شریک ہوں گے عنقریب خدا ان کو ان کی (من گھڑت) باتوں کی سزا دے گا، بے شک وہ حکمت والا خوب جاننے والا ہے○“

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ اہلِ عرب مردوں کے لیے خاص چیز 'دودھ' ہے جو وہ اپنی عورتوں کے لیے حرام قرار دیتے تھے اور اُن کے مرد ہی اسے پیا کرتے تھے اسی طرح جب کوئی بکری نر بچہ جنتی تو وہ ان کے مردوں کا ہوتا اور اگر بکری پیدا ہوتی تو وہ اسے ذبح نہ کرتے، یونہی چھوڑ دیتے تھے۔ اور اگر مردہ جانور ہوتا تو سب شریک ہوتے۔ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو ایسا کرنے سے منع فرما دیا۔(۲)

........ ۳۔ طبری، جامع البیان فی تفسیر القرآن، ۲۷: ۶۱

۴۔ قرطبی، الجامع لأحکام القرآن، ۱۰: ۱۱۶

۵۔ محلی، تفسیر جلالین: ۳۵۳

(۱) القرآن، الأنعام، ۶: ۱۳۹

(۲) ۱۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۲: ۲۴۲

۲۔ طبری، جامع البیان فی تفسیر القرآن، ۸: ۴۷، ۴۸، ۶۷

←

Marfat.com

ابو جعفر طبری نے اس آیت کی تفسیر میں سدی سے نقل کیا ہے:

**فھذہ الانعام ما ولد منھا من حی فھو خالص للرجال دون النساء و إماما ولد من میت فیأکلہ الرجال و النساء۔ (۱)**

''ان جانوروں سے زندہ پیدا ہونے والا بچہ خالص ان کے مردوں کے کھانے کے لیے ہوتا اور عورتوں کے لیے حرام ہوتا اور مردہ پیدا ہونے والے بچے کو مرد و عورت سب کھاتے، (اس طرح وہ مردوں کو ترجیح دیا کرتے تھے)۔''

ذیل میں ہم اِسلام سے قبل عورتوں کے معاشرتی مقام بارے اَہم نکات بیان کریں گے:

## ۱۔ نومولود بچیوں کو زندہ دفن کرنے کا رواج

دورِ جاہلیت میں مشرکین عورت کو کسی رتبے اور مقام کا اہل نہ سمجھتے تھے اس لیے وہ لڑکی پیدا ہونے پر غصہ ہوتے، حالاں کہ وہ یہ جانتے تھے کہ نظام کائنات کے تحت شادیوں کے لیے لڑکی کی پیدائش ضروری ہے اس کے باوجود اس نظام کے خلاف اس حد تک چلے جاتے کہ اپنی بیٹیوں کو زندہ دفن کر دیا کرتے تھے۔

---

....... ۳۔ طبری، جامع البیان فی تفسیر القرآن، ۱۱: ۱۲۸

۴۔ قرطبی، الجامع لاحکام القرآن، ۲: ۳۳۸

۵۔ قرطبی، الجامع لاحکام القرآن، ۷: ۹۵، ۱۱۳

۶۔ قرطبی، الجامع لاحکام القرآن، ۸: ۷۴

۷۔ شافعی، أحکام القرآن، ۲: ۱۰۱

(۱) ۱۔ طبری، جامع البیان فی تفسیر القرآن، ۸: ۴۸

۲۔ بخاری، التاریخ الکبیر، ۴: ۷، رقم: ۱۷۷۵

۳۔ شافعی، الأم، ۲: ۲۴۳

۴۔ مالک، المدونۃ الکبریٰ، ۱۵: ۱۰۶

Marfat.com

قرآن کریم میں ان قوموں کے طرز عمل کے خلاف آیت اتری ہے کہ جب انکے ہاں کسی بچی کی ولادت ہوتی تو وہ غضب ناک ہوتے تھے۔ قرآن کریم نے ان کی اس قبیح عادت کو اس طرح بیان کیا ہے:

وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّ هُوَ كَظِيْمٌ ○ يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ اَمْ يَدُسُّهٗ فِى التُّرَابِ اَلَا سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ○ (۱)

''اور جب ان میں سے کسی کو بچی کی ولادت کی خبر دی جاتی ہے تو اس کا چہرہ سیاہ پڑ جاتا ہے اور وہ غصہ میں گھٹتا جاتا ہے ○ وہ (بزعم خویش) اس ''بری خبر'' کے عار کی وجہ سے قوم سے چھپتا پھرتا ہے۔ وہ (سوچتا ہے کہ) آیا اس کو ذلت کی حالت میں لیے پھرے یا زندہ زمین میں دبا دے۔ خبردار! کتنا برا خیال ہے جو وہ کرتے ہیں ○''

لڑکیوں کو زندہ درگور کرنے کی رسم قبیح کو قرآن حکیم دوسرے مقام پر اس طرح بیان کرتا ہے:

وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ○ بِاَيِّ ذَنْۢبٍ قُتِلَتْ ○ (۲)

''اور جب زندہ دفن کی گئی لڑکی سے پوچھا جائے گا ○ کہ اسے کس جرم میں قتل کیا گیا ○''

ابن کثیرؒ نے حضرت قیس بن عاصمؓ کا واقعہ بیان کیا ہے کہ قیس بن عاصم حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یا رسول اللہ! میں نے اپنی بیٹیوں کو زمانۂ جاہلیت میں زندہ دفن کردیا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ہر بیٹی کی طرف سے ایک غلام آزاد کردو۔ انہوں نے کہا یا رسول اللہ! میں بہت سے اونٹوں کا مالک ہوں۔

---

(۱) القرآن، النحل، ۱۶: ۵۸، ۵۹

(۲) القرآن، التکویر: ۸، ۹

Marfat.com

آپ ﷺ نے فرمایا: تو ہر بیٹی کی طرف سے ایک اونٹ کی قربانی دو۔

ایک روایت کے مطابق انہوں نے زمانۂ جاہلیت میں اپنی آٹھ بیٹیوں کو زندہ گاڑ دیا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تو چاہے تو ہر لڑکی کے بدلے ایک اونٹ قربان کر دے۔ ایک اور روایت میں ہے کہ انہوں نے بارہ بیٹیوں کو زندہ گاڑنے کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے انہیں ہر ایک کے بدلے ایک غلام آزاد کرنے کی تلقین فرمائی۔(۱) یعنی زمانہ جاہلیت میں لوگ لڑکیوں کو عار یا فقر کے ڈر سے زندہ دفن کر دیتے تھے۔(۲)

اللہ تعالیٰ نے قتل انسانی کی ممانعت کا حکم دیتے ہوئے ارشاد فرمایا:

قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ اَلَّا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَلَا تَقْتُلُوْا اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ وَلَاتَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ذٰلِكُمْ وَصّٰكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ○(۳)

”آپ ان سے کہیے کہ آؤ میں تم کو وہ چیزیں پڑھ کر سناؤں جو تمہارے رب نے تم پر حرام کی ہیں وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک مت ٹھہراؤ۔ ماں

---

(۱) ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۴: ۴۷۸

(۲) ۱۔ طبری، جامع البیان فی تفسیر القرآن، ۳۰: ۶۶

۲۔ قرطبی، الجامع لاحکام القرآن، ۱۹: ۲۳۲

۳۔ شافعی، احکام القرآن، ۱: ۱۲۶

۴۔ شافعی، الام، ۶: ۳

۵۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۸: ۱۷

۶۔ ابن حزم، الاحکام فی اصول الاحکام، ۵: ۱۷۰

۷۔ابن حزم، الاحکام فی اصول الاحکام، ۷: ۳۷۷

(۳) القرآن،الانعام، ۶: ۱۵۱

Marfat.com

باپ کے ساتھ احسان کیا کرو۔ اور اپنی اولاد کو فقر کے ڈر سے قتل نہ کیا کرو۔ ہم تمہیں اور ان کو رزق دیں گے اور بے حیائی کے کام ظاہر ہوں یا پوشیدہ ان کے پاس نہ جانا اور کسی جان کو جن کے قتل کو خدا نے حرام کر دیا ہے قتل نہ کرنا مگر جائز طور پر ان باتوں کی وہ تمہیں تاکید کرتا ہے تاکہ تم عقل سے کام لو۔‘‘

## ۲۔ زمانۂ جاہلیت میں رائج شادی کے مختلف طریقے

شادی جو خاندانی زندگی کے قیام وتسلسل کا ادارہ ہے، اہل عرب کے ہاں اصول وضوابط سے آزاد تھا جس میں عورت کی عزت وعصمت اور عفت وتکریم کا کوئی تصور کارفرما نہ تھا۔ اہل عرب میں شادی کے درج ذیل طریقے رائج تھے:

### (۱) زواج البعولۃ

یہ نکاح عرب میں بہت عام تھا۔ اس میں یہ تھا کہ مرد ایک یا بہت سی عورتوں کا مالک ہوتا۔ بعولت (خاوند ہونا) سے مراد مرد کا ’’عورتیں جمع کرنا‘‘ ہوتا تھا۔ اس میں عورت کی حیثیت عام مال ومتاع جیسی ہوتی۔

### (۲) زواج البدل

بدلے کی شادی، اس سے مراد دو بیویوں کا آپس میں تبادلہ تھا۔ یعنی دو مرد اپنی اپنی بیویوں کو ایک دوسرے سے بدل لیتے اور اس کا نہ عورت کو علم ہوتا، نہ اس کے قبول کرنے، مہر یا ایجاب کی ضرورت ہوتی۔ بس دوسرے کی بیوی پسند آنے پر ایک مختصر سی مجلس میں یہ سب کچھ طے پا جاتا۔

### (۳) نکاح متعہ

یہ نکاح بغیر خطبہ، تقریب اور گواہوں کے ہوتا۔ عورت اور مرد آپس میں کسی ایک مدت مقررہ تک ایک خاص مہر پر متفق ہو جاتے اور مدت مقررہ پوری ہوتے ہی نکاح

Marfat.com

خود بخود ختم ہو جاتا تھا طلاق کی ضرورت بھی نہیں پڑتی تھی اور اس نکاح کے نتیجے میں پیدا ہونے والی اولاد ماں کی طرف منسوب ہوتی اسے باپ کا نام نہیں دیا جاتا تھا۔

## (۴) نکاح الخذن

دوستی کی شادی، اس میں مرد کسی عورت کو اپنے گھر بغیر نکاح، خطبہ اور مہر کے رکھ لیتا اور اس سے ازدواجی تعلقات قائم کر لیتا اور بعد ازاں یہ تعلق باہمی رضا مندی سے ختم ہو جاتا کسی قسم کی طلاق کی ضرورت نہیں تھی۔ اگر اولاد پیدا ہو جاتی تو وہ ماں کی طرف منسوب ہوتی۔

یہ طریقہ آج کل مغربی معاشرے میں بھی رائج ہے۔

## (۵) نکاح الضغینہ

جنگ کے بعد مال اور قیدی ہاتھ لگتے اور جاہلیت میں فاتح کے لیے مفتوح کی عورتیں، مال وغیرہ سب مباح تھا یہ عورتیں فاتح کی ملکیت ہو جاتیں اور وہ چاہتا تو انہیں بیچ دیتا چاہتا تو یونہی چھوڑ دیتا اور چاہتا تو ان سے مباشرت کرتا یا کسی دوسرے شخص کو تحفہ میں دے دیتا۔ یوں ایک آزاد عورت غلام بن کر بک جاتی۔ اس نکاح میں کسی خطبہ، مہر یا ایجاب وقبول کی ضرورت نہ تھی۔

## (۶) نکاح شغار

وٹے سٹے کی شادی۔ یہ وہ نکاح تھا کہ ایک شخص اپنی زیر سرپرستی رہنے والی لڑکی کا نکاح کسی شخص سے اس شرط پر کر دیتا کہ وہ اپنی کسی بیٹی، بہن وغیرہ کا نکاح اس سے کرائے گا۔ اس میں مہر بھی مقرر کرنا ضروری نہ تھا اسلام نے اس کی بھی ممانعت فرما دی۔

## (۷) نکاح الاستبضاع

فائدہ اٹھانے کے لیے عورت مہیا کرنے کا نکاح۔ مراد یہ ہے کہ ایک شخص اپنی

Marfat.com

بیوی کو کسی دوسرے خوبصورت مرد کے ساتھ ازدواجی زندگی گزارنے کے لیے بھیج دیتا اور خود اس سے الگ رہتا تاکہ اس کی نسل خوبصورت پیدا ہو اور جب اس کو حمل ظاہر ہو جاتا تو وہ عورت پھر اپنے شوہر کے پاس آ جاتی۔

## (۸) نکاح الرہط

اجتماعی نکاح۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ تقریباً دس آدمی ایک ہی عورت کے لیے جمع ہوتے اور ہر ایک اس سے مباشرت کرتا اور جب اس کے ہاں اولاد ہوتی تو وہ ان سب کو بلواتی اور وہ بغیر کسی پس وپیش کے آجاتے پھر وہ جسے چاہتی (پسند کرتی یا اچھا سمجھتی) اسے کہتی کہ یہ بچہ تیرا ہے اور اس شخص کو اس سے انکار کرنے کی اجازت نہ ہوتی تھی۔

## (۹) نکاح البغایا

فاحشہ عورتوں سے تعلق، یہ بھی نکاح رہط سے ملتا جلتا ہے مگر اس میں دو فرق تھے، ایک تو یہ کہ اس میں دس سے زیادہ افراد بھی ہو سکتے تھے جبکہ نکاح رہط میں دس سے زیادہ نہ ہوتے تھے۔ دوسرے یہ کہ ان مردوں سے بچہ منسوب کرنا عورت کا نہیں بلکہ مرد کا کام ہوتا تھا۔

مذکورہ طریقہ ہائے زواج سے ثابت اور واضح ہوتا ہے کہ عورت کی زمانۂ جاہلیت میں حیثیت مال ومتاع کی طرح تھی اسے خریدا اور بیچا جاتا تھا۔(۱)

(۱) ۱۔ ابن حجر عسقلانی، فتح الباری شرح صحیح البخاری، کتاب النکاح، ۹: ۱۸۲۔۱۸۵

۲۔ بخاری، الصحیح، کتاب النکاح، باب من قال: لا نکاح إلا بولی ۵: ۱۹۷۰، رقم: ۴۸۳۴

۳۔ ابوداؤد، السنن، کتاب الطلاق، باب فی وجوہ النکاح ۲: ۲۸۱، رقم: ۲۲۷۲

←

Marfat.com

## ۳۔ بدکاری کے اِعلانیہ اِظہار کا رواج

قبل از اسلام اخلاقی اقدار کے انحطاط کا یہ عالم تھا کہ لوگ زمانۂ جاہلیت میں زنا کا اقرار بھی کیا کرتے تھے اور زنا عربی معاشرے میں بڑے پیمانے پر عام تھا بلکہ بہت سے لوگ عورت کو زنا پر مجبور بھی کیا کرتے تھے۔ مگر اسلام نے اسکی ممانعت کردی۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَآءِ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا۔ (۱)

"اور اپنی باندیوں کو بدکاری پر مجبور نہ کرو (خصوصاً) جب وہ پاک دامن رہنا چاہیں کہ تم دنیاوی زندگی کا سامان کماؤ۔"

اس آیت کا شان نزول یہ تھا کہ عبداللہ بن ابی بن سلول اپنی باندیوں کو بدکاری پر مجبور کیا کرتا تھا کہ مال کمائے اور ان کے ذریعے اپنی بڑائی حاصل کرے۔

اسی طرح زمانہ جاہلیت میں عربوں کی بیویوں کی کوئی تعداد متعین نہ تھی اور عرب ایک سے زائد شادیاں کرتے تھے اور اسکے ذریعے اپنی بڑائی کا اظہار کرتے۔ مگر اسلام نے چار بیویوں کی تعداد مقرر کر دی اسی طرح اسلام نے تعدد ازواج کے لیے بھی شرائط مقرر کیں۔ ارشاد ربانی ہے:

---

........ ۴۔ دارقطنی، السنن الکبریٰ، ۷: ۱۱۰

۵۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۷: ۱۱۰

۶۔ قرطبی، الجامع لأحکام القرآن، ۳: ۱۲۰

۷۔ قرطبی، الجامع لأحکام القرآن، ۳: ۱۲۰

مذکورہ محدثین کرام نے درج بالا اقسام نکاح میں سے بعض کو بیان کیا ہے۔

(۱) القرآن، النور، ۲۴: ۳۳

Marfat.com

وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِی الْیَتٰمٰی فَانْکِحُوْا مَا طَابَ لَکُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰی وَ ثُلٰثَ وَ رُبٰعَ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَۃً اَوْ مَا مَلَکَتْ اَیْمَانُکُمْ ذٰلِکَ اَدْنٰی اَلَّا تَعُوْلُوْا۝[1]

''اگر تم کو اس بات کا اندیشہ ہو کہ تم یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف نہ کر سکو گے تو اور عورتوں سے جو تم کو پسند ہوں نکاح کر لو، دو دو عورتوں سے تین تین عورتوں سے اور چار چار عورتوں سے (مگر یہ اجازت عدل سے مشروط ہے) پس اگر تم کو احتمال ہو کہ عدل نہ رکھو گے تو پھر ایک ہی عورت سے نکاح کرو یا جو کنیزیں (شرعاً) تمہاری ملک میں ہوں، یہ بات اس سے قریب تر ہے کہ تم سے ظلم نہ ہو۝''

## ۴۔ زمانۂ جاہلیت میں عورت کی حقِ ملکیت سے محرومی

زمانۂ جاہلیت میں عورت کو کسی چیز کی مالک بننے کا حق حاصل نہ تھا۔ عورتوں کو کوئی وارثت نہ ملتی تھی، صرف مردوں کو وارث بننے کا حق حاصل تھا، اس پر اُن کی دلیل یہ تھی کہ وہ ہتھیار اُٹھاتے ہیں، قبیلوں کا دفاع کرتے ہیں اور اس معاشرے میں عورتوں کو محض میراث سے محروم کرنے پر اکتفاء نہ کیا گیا، بلکہ وہ عورت کو بھی وراثت میں سامان کی طرح بانٹ دیتے تھے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جب عورت کا شوہر مر جاتا تو شوہر کے ورثاء اس عورت کے حقدار ہوتے، اگر وہ چاہتے تو ان میں سے کوئی اس سے شادی کر لیتا تھا یا جس سے چاہتے اُسی سے اس کی شادی کرا دیتے اور چاہتے تو نہ کراتے۔ اس طرح عورت کے سرالی اُس کے میکے والوں سے زیادہ اس پر حق رکھتے تھے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی:

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا یَحِلُّ لَکُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ کَرْهًاؕ وَلَا

(۱) القرآن، النساء، ۴: ۳

Marfat.com

تَعْضُلُوْهُنَّ لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَا اٰتَيْتُمُوْهُنَّ۔ (۱)

”اے ایمان والو! تم کو یہ بات حلال نہیں کہ عورتوں کے (مال یا جان کے) جبراً مالک ہو جاؤ اور اس نیت سے کہ جو کچھ تم نے ان کو دیا ہے اس میں سے کچھ لے لو، اُنہیں مت روک رکھنا۔“(۲)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جب کوئی شخص مر جاتا اور اُس کی باندی ہوتی تو اس کا کوئی دوست اس باندی پر کپڑا ڈال دیتا، اب کوئی دوسرا شخص اس باندی پر دعویٰ نہیں کر سکتا تھا یہ شخص اگر وہ باندی خوبصورت ہوتی تو اس سے شادی کر لیتا اور اگر بد ہیئت ہوتی تو اسے اپنے پاس تاحیات روکے رکھتا۔ (۳)

---

(۱) القرآن، النساء، ۴: ۱۹

(۲) ۱۔ بخاری، الصحیح، کتاب تفسیر القرآن، باب لا یحل لکم، ۴: ۱۶۷۰، رقم: ۴۳۰۳

۲۔ بخاری، الصحیح، کتاب الاکراہ، باب من الاکراہ، ۶: ۲۵۴۸، رقم: ۶۵۴۹

۳۔ ابوداؤد، السنن، کتاب النکاح، باب قوله تعالی، ۲: ۲۳۰، رقم: ۲۰۸۹

۴۔ نسائی، السنن الکبریٰ، ۶: ۳۲۱

۵۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۷: ۱۳۸

۶۔ طبری، جامع البیان فی تفسیر القرآن، ۴: ۳۰۵

۷۔ قرطبی، الجامع لاحکام القرآن، ۵: ۹۴

۸۔ عسقلانی، فتح الباری، ۸: ۲۴۷

۹۔ مزی، تہذیب الکمال، ۲۰: ۱۳۱

(۳) ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۱: ۴۶۵

۲۔ طبری، جامع البیان فی تفسیر القرآن، ۴: ۳۰۷

۳۔ عسقلانی، فتح الباری، ۸: ۲۴۷

۴۔ شمس الحق، عون المعبود، ۶: ۸۰

Marfat.com

ایک اور روایت میں ہے کہ جب کوئی شخص مر جاتا تو اُس کے دوستوں میں سے کوئی اُس کی عورت پر کپڑا ڈال دیتا اور اُس کے نکاح کا وارث بن جاتا، اس کے علاوہ کوئی اس سے شادی نہ کر سکتا تھا وہ عورت اسی کے پاس محبوس رہتی تاوقتیکہ فدیہ دے کر اپنی جان چھڑا نہ لے۔(۱)

یہ زمانۂ جاہلیت کی عورت کا حال تھا، اس معاشرے میں گنتی کی چند عورتیں ہی ایسی تھیں جنہیں مالک بننے کا حق ملا اور وہ جائداد کی مالک تھیں، جیسے کہ حضور اکرم ﷺ کی زوجۂ مطہرہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا۔ یہ اپنی تجارت کی بھی مالک تھیں، لیکن یہ انفرادی واقعہ ہے، من حیث المجموع جاہلیت کے معاشرے میں عورت کی حالت ناگفتہ بہ تھی۔

## مغربی معاشرہ اور عورت

اسلام کی آمد سے قبل عورت الم ناک صورت حال سے دوچار تھی جس سے اسے اسلام نے آزادی عطا کی۔ یہ امر کہ عورت کے حقوق کا تحفظ اسلام کے عطا کردہ ضابطوں سے ہی ہوسکتا ہے، مغربی معاشرے میں عورت کی حالت کے مشاہدہ سے بھی پایہ ثبوت کو پہنچ جاتا ہے۔ عورت کے حقوق کے تحفظ کا مفہوم انفرادی، معاشرتی، خاندانی اور عائلی سطح پر عورت کو ایسا تقدس اور احترام فراہم کرنا ہے جس سے معاشرے میں اس کے حقوق کے حقیقی تحفظ کا اظہار بھی ہو اگر ہم حقائق اور اعداد و شمار کی روشنی میں مغربی معاشرے میں عورت کے حقوق کا جائزہ لیں تو انتہائی مایوس کن صورت حال سامنے آتی ہے۔ خاندان جو کسی بھی معاشرے میں انسان کے تحفظ ونشو ونما کی اکائی کی حیثیت رکھتا ہے عورت کے تقدس کے عدم احترام کے باعث مغربی معاشرے میں شکست و ریخت کا شکار ہے۔ جس کا لازمی شکار عورت ہی بنتی ہے۔ امریکہ کے صرف ۱۹۹۳ء کے اعداد و شمار کے مطابق:

1۔ 2.3 ملین ہونے والی شادیوں میں سے 1.3 ملین طلاق پر منتج ہوئیں۔

---

(۱) ۱۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۱: ۴۶۶

۲۔ طبری، جامع البیان فی تفسیر القرآن، ۴: ۳۰۷

Marfat.com

2۔ ان حالات کے پیش نظر محکمہ مردم شماری (Bureau of Census) نے پیش گوئی کی کہ ہر 10 میں سے 4 شادیوں کا انجام طلاق ہوگا۔

3۔ ملک میں ہونے والی 60% طلاقیں 25 سے 39 سال کی عمر کے جوڑوں میں ہوتی ہیں۔

4۔ صرف ایک سال میں ان طلاقوں سے ایک ملین بچے متاثر ہوئے

5۔ عموماً طلاق کے بعد 75% سے 80% افراد دوبارہ شادی کرتے ہیں حتیٰ کہ ملک کے اکثر لوگ دوسری یا تیسری شادی کے ساتھ زندگی گزار رہے ہیں۔ جن کی طلاق کا امکان پہلے سے کہیں زیادہ ہوتا ہے۔[۱]

مغربی معاشرے میں طلاق کی شرح کا کچھ اندازہ درج ذیل اعداد وشمار سے بھی کیا جاسکتا ہے۔

امریکہ کے مختلف علاقوں میں شرح طلاق[۲]

| علاقہ | 98 شادی/طلاق | 97 شادی/طلاق | 96 شادی/طلاق | 95 شادی/طلاق | 94 شادی/طلاق |
|---|---|---|---|---|---|
| ohio | 84928 / 46596 | 84913 / 47427 | 83851 / 44918 | 88964 / 48226 | 92151 / 50235 |
| Franklin | 7765 / 4569 | 9164 / 4945 | 9198 / 4727 | 9479 / 4904 | 8888 / 5194 |

(1) www.divorcenter.org/faqs/stats.htm, 15 March 2002, 0200 PST.

(2) I. www.odh.state.oh.us/Data/whare/mardiv/MGlance.htm, 15 March 2002, 0200 PST.
II. www.odh.state.oh.us/Data/whare/mardiv/MGlance/htm. 15 March 2002, 0200 PST.

Marfat.com

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 6137 / 2954 | 6359 / 2906 | 5914 / 2504 | 5968 / 2531 | 5583 / 2975 | Hamilton |
| 889 / 589 | 903 / 530 | 725 / 518 | 461 / 517 | 813 / 459 | Miami |
| 4685 / 2854 | 4598 / 2830 | 4393 / 2823 | 4168 / 2691 | 4084 / 1766 | Montgomery |
| 1052 / 655 | 1064 / 639 | 1033 / 556 | 976 / 645 | 1020 / 648 | Richland |
| 611 / 300 | 575 / 329 | 598 / 328 | 578 / 311 | 581 / 317 | Washington |

## دیگر ممالک میں شرح طلاق (1996ء)

آسٹریلیا: 106,100 شادیوں سے 52,500 طلاق پر منتج ہوئیں۔

کیوبا: شرح طلاق 75% ہے۔

فرانس: 117,716 طلاقیں ہوئیں جن میں سے 95% کا مطالبہ عدم تحفظ حقوق کے سبب سے خود خواتین نے کیا۔

سکاٹ لینڈ: 29,611 شادیوں سے 12,222 طلاق کا شکار ہوئیں۔

سوئٹزرلینڈ: 38,500 شادیوں سے 17,800 طلاق کا شکار ہوئیں۔(1)

Statistical Abstract of USA کے مطابق امریکہ کی مختلف ریاستوں میں شرح طلاق ہر آنے والے سال میں اضافہ پذیر رہی۔ طلاق کی اس اندوہ ناک صورت حال سے متاثر ہونے والے افراد کی اکثریت کا تعلق نوجوانوں سے ہے۔ مگر 1998 میں ہونے والی طلاقوں میں 11.8% خواتین 20 سال سے کم، 55.7% خواتین

(1) www.divorcemag.com/statistics/statsworld.shtml,15 March 2002 0200 PST.

Marfat.com

20 سے 29 سال کے درمیان' 25.8% خواتین 30 سے 44 سال کے درمیان اور 6.8% خواتین 45 سال سے زائد عمر کی ہیں اور ہر آنے والے سال میں شرح طلاق اضافہ پذیر رہی:

| سال | طلاقوں کی تعداد |
|---|---|
| 1950 | 385,000 |
| 1960 | 393,000 |
| 1970 | 709,000 |
| 1980 | 1,189,000 |
| 1990 | 1,175,000[1] |

مغربی معاشرے کے خاندانی ڈھانچے کی شکست و ریخت کی اتنی ابتر صورت حال کو بیان کرتے ہوئے لاس اینجلس ٹائمز نے اپنی 27 مئی 1996 کی اشاعت (ص A16) میں لکھا کہ 1994 میں 1.2 ملین امریکی شادیاں طلاق کا شکار ہوئیں جو 1960 کی تعداد کا تین گنا ہیں۔[۲]

طلاق کی اتنی بلند شرح کے اثرات صرف نوجوانوں پر ہی نہیں بلکہ بچوں پر بھی نمایاں ہیں۔ National Center for Health Statistics کے ۱۹۸۸ کے جائزے کے مطابق Single-Parents خاندانوں (طلاق یافتہ اور بغیر شادی کے بننے والے والدین) کے بچے عدم دلچسپی کے باعث سکول کی تعلیم سے محروم رہتے ہیں اور لڑکیاں زندگی کی دوسری دہائی میں ہی حاملہ ہو جاتی ہیں جبکہ اکثر منشیات کے عادی

(1) www.ifas.org/fw/9607/statistics.html, 15 March 2002, 0200PST.

(2) calvarychapel.com/library/Reference/Social/DivorceStatistics.htm, 15 March 2002,0200 PST.

Marfat.com

بھی ہیں۔(۱)

معروف سماجی سائنسدان Nicholas Nill نے 1993ء میں ایک رپورٹ میں لکھا کہ طلاق یافتہ والدین کے بچے نہ صرف اقتصادی مشکلات کا شکار رہتے ہیں بلکہ تعلیم کی محرومی اور نفسیاتی پیچیدگیوں کا شکار ہوجاتے ہیں۔ لاس اینجلس کے ایک عوامی سروے کے مطابق 69% امریکی طلاق کے مضر اثرات کے ازالہ کی سبیل مستحکم خاندانی نظام کو قرار دیتے ہیں۔(۲)

بچوں پر طلاق کے اثرات صرف تعلیمی، نفسیاتی یا اقتصادی ہی نہیں۔ سماجی سائنسدان Sara S. McLanahan کے مطابق وہ لڑکیاں جو اپنا بچپن اور لڑکپن طلاق یافتہ والدہ کے ساتھ گزارتی ہیں مستقبل میں ان کے اسی منہج پر زندگی گزارنے کے 100% سے 150% تک امکانات دیکھے گئے ہیں۔(۳)

مغربی معاشرے کی عورت صرف سماجی یا معاشرتی سطح پر ہی انحطاط کا شکار نہیں بلکہ ظاہراً معاشی و اقتصادی آزادی کی حامل ہوتے ہوئے بھی استحصال سے دوچار ہے۔ اقوام متحدہ کی ایک رپورٹ میں مغربی عورت کی معاشی و اقتصادی حالت کا جائزہ یوں پیش کیا گیا:

> Women constitute half the world's population, perform nearly two third of its work hours, recieve 1/10th of the world's income, & own less than one hundredth of the world's property.(4)

---

(1) calvarychapel.com/library/Reference/Social/DivorceStatistics.htm, 15 March 2002,0200 PST.

(2) calvarychapel. com/library/Reference/Social/DivorceStatistics.htm, 15 March 2002,0200 PST.

(3) www.divorcereform.org/black.html, 15 march 2002, 0200 PST.

(4) UN Report 1980 quoted in Contemporary Political Ideologies: Roger Eatwell & Anthony Wright, Westview Press, San Francisco, 1993.

Marfat.com

”دنیا کی آدھی آبادی عورتوں پر مشتمل ہے، دنیا کے دوتہائی کام کے گھنٹوں میں عورت کام کرتی ہے مگر اسے دنیا کی آمدنی کا دسواں حصہ ملتا ہے۔ اور وہ دنیا کی املاک کے سوویں حصہ سے بھی کم کی مالک ہے۔“

# اِسلام میں عورت کا مقام

اسلام کی آمد عورت کے لیے غلامی، ذلت اور ظلم و استحصال کے بندھنوں سے آزادی کا پیغام تھی۔ اسلام نے ان تمام قبیح رسوم کا قلع قمع کردیا جو عورت کے انسانی وقار کے منافی تھیں اور عورت کو وہ حقوق عطا کیے جس سے وہ معاشرے میں اس عزت و تکریم کی مستحق قرار پائی جس کے مستحق مرد ہیں۔

یہاں ہم اسلام کے قائم کردہ معاشرے میں عورت کی تکریم و منزلت کا جائزہ پیش کرتے ہیں:

۱۔ اللہ تعالیٰ نے تخلیق کے درجے میں عورت کو مرد کے ساتھ ایک ہی مرتبہ میں رکھا ہے، اسی طرح انسانیت کی تکوین میں عورت مرد کے ساتھ ایک ہی مرتبہ میں ہے، ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّ خَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِیْرًا۔ (۱)

”اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو، جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا فرمایا پھر اسی سے اس کا جوڑ پیدا فرمایا۔ پھر ان دونوں میں سے بکثرت مردوں اور عورتوں (کی تخلیق) کو پھیلا دیا۔“

۲۔ عورت پر سے دائمی معصیت کی لعنت ہٹا دی گئی اور اس پر سے ذلت کا داغ

(۱) القرآن، النساء، ۴: ۱

Marfat.com

دور کر دیا گیا کہ عورت اور مرد دونوں کو شیطان نے وسوسہ ڈالا تھا، جس کے نتیجے میں وہ جنت سے اخراج کے مستحق ہوئے تھے جبکہ عیسائی روایات کے مطابق شیطان نے حضرت حواء علیہا السلام کو بہکا دیا اور یوں حضرت حواء علیہا السلام حضرت آدم علیہ السلام کے بھی جنت سے اخراج کا سبب بنیں۔ قرآن حکیم اس باطل نظریہ کا رد کرتے ہوئے فرماتا ہے:

فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيْهِ۔ (۱)

”پھر شیطان نے اُنہیں اس جگہ سے ہلا دیا اور انہیں اُس (راحت کے) مقام سے، جہاں وہ تھے، الگ کر دیا۔“

۳۔ اللہ تعالیٰ کے ہاں اجر کا استحقاق برابر قرار پایا۔ ان دونوں میں سے جو کوئی بھی کوئی عمل کرے گا، اسے پوری اور برابر جزاء ملے گی۔ ارشادِ ربانی ہے:

فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّىْ لَاۤ اُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ۔ (۲)

”ان کے رب نے ان کی التجا کو قبول کرلیا (اور فرمایا) کہ میں تم میں سے کسی عمل کرنے والے کے عمل کو ضائع نہیں کروں گا، چاہے وہ مرد ہو یا عورت۔ تم سب ایک دوسرے میں سے ہی ہو۔“

۴۔ عورت کو زندہ زمین میں گاڑے جانے سے خلاصی ملی۔ یہ وہ بری رسم تھی جو احترام انسانیت کے منافی تھی۔

۵۔ اسلام عورت کے لیے تربیت اور نفقہ کے حق کا ضامن بنا کہ اسے روٹی، کپڑا، مکان، تعلیم اور علاج کی سہولت ”ولی الامر“ کی طرف سے ملے گی۔

۶۔ عورت کی تذلیل کرنے والے زمانۂ جاہلیت کے قدیم نکاح جو درحقیقت زنا تھے، اسلام نے ان سب کو باطل کر کے عورت کو عزت بخشی۔

(۱) القرآن، البقرة، ۲: ۳۶

(۲) القرآن، آل عمران، ۳: ۱۹۵

Marfat.com

اب ہم ان حقوق کا جائزہ لیتے ہیں جو اسلام نے عورت کو مختلف حیثیتوں میں عطا کیے:

# ا۔ عورت کے اِنفرادی حقوق

## (۱) عصمت و عفت کا حق

معاشرے میں عورت کی عزت و احترام کو یقینی بنانے کے لیے اس کے حق عصمت کا تحفظ ضروری ہے۔ اسلام نے عورت کو حق عصمت عطا کیا اور مردوں کو بھی پابند کیا کہ وہ اس کے حق عصمت کی حفاظت کریں:

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْط اِنَّ اللهَ خَبِيْرٌ بِمَا يَصْنَعُوْنَ○(۱)

"(اے رسول مکرم!) مومنوں سے کہہ دو کہ اپنی نظریں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کریں۔ یہ ان کے لیے پاکیزگی کا موجب ہے۔ اللہ اس سے واقف ہے، جو کچھ وہ کرتے ہیں○"

"فرج" کے لغوی معنی میں تمام ایسے اعضاء شامل ہیں، جو گناہ کی ترغیب میں معاون ہو سکتے ہیں، مثلاً آنکھ، کان، منہ، پاؤں اور اس لیے اس حکم کی روح یہ قرار پاتی ہے کہ نہ بری نظر سے کسی کو دیکھو، نہ فحش کلام سنو اور نہ خود کہو، اور نہ پاؤں سے چل کر کسی ایسے مقام پر جاؤ، جہاں گناہ میں مبتلا ہو جانے کا اندیشہ ہو۔ اس کے بعد عورتوں کو حکم ہوتا ہے:

وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا۔(۲)

---

(۱) القرآن، النور، ۲۴: ۳۰

(۲) القرآن، النور، ۲۴: ۳۱

Marfat.com

”اور (اے رسول مکرم!) مومنہ عورتوں سے کہہ دو کہ (مردوں کے سامنے آنے پر) وہ اپنی نظریں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں اور اپنی زینت و آرائش کی نمائش نہ کریں سوائے جسم کے اس حصہ کو جو اس میں کھلا ہی رہتا ہے۔“

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لِيَسْتَاْذِنْكُمُ الَّذِيْنَ مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلٰثَ مَرّٰتٍ ط مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَحِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ مِّنَ الظَّهِيْرَةِ وَمِنْ م بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَآءِ ط ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ ط لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌ م بَعْدَهُنَّ طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ط وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ○(۱)

”اے ایمان والو! چاہیے کہ تمہارے زیردست (غلام اور باندیاں) اور تمہارے ہی وہ بچے جو (ابھی) جوان نہیں ہوئے (تمہارے پاس آنے کے لئے) تین مواقع پر تم سے اجازت لیا کریں: (ایک) نمازِ فجر سے پہلے، اور (دوسرے) دوپہر کے وقت جب تم (آرام کے لئے) کپڑے اتارتے ہو اور (تیسرے) نمازِ عشاء کے بعد (جب تم خواب گاہوں میں چلے جاتے ہو)، (یہ) تین (وقت) تمہارے پردے کے ہیں، ان (اوقات) کے علاوہ نہ تم پر کوئی گناہ ہے اور نہ ان پر (کیونکہ بقیہ اوقات میں وہ) تمہارے ہاں کثرت کے ساتھ ایک دوسرے کے پاس آتے جاتے رہتے ہیں، اِسی طرح اللہ تمہارے لئے آیتیں واضح فرماتا ہے، اور اللہ خوب جاننے والا حکمت والا ہے○“

اسلام نے قانون کے نفاذ میں بھی عورت کے اس حق کو متحضر رکھا۔ خلفائے راشدین کا طرزِ عمل ایسے اقدامات پر مشتمل تھا جن سے نہ صرف عورت کے حق عصمت کو

(۱) القرآن، النور، ۲۴: ۵۸

Marfat.com

مجروح کرنے والے عوامل کا تدارک ہوا بلکہ عورت کی عصمت و عفت کا تحفظ بھی یقینی ہوا۔

ایک شخص حضرت ابوبکر صدیق ﷺ کی خدمت میں آیا اور عرض کیا کہ میرے ایک مہمان نے میری ہمشیرہ کی آبروریزی کی ہے اور اسے اس پر مجبور کیا ہے۔ حضرت ابوبکر صدیق ﷺ نے اس شخص سے پوچھا اس نے جرم کا اعتراف کرلیا۔ اس پر آپ نے حد زنا جاری کرکے اسے ایک سال کے لئے فدک کی طرف جلا وطن کردیا۔ لیکن اس عورت کو نہ تو کوڑے لگائے اور نہ ہی جلا وطن کیا کیونکہ اسے اس فعل پر مجبور کیا گیا تھا۔ بعد میں حضرت ابوبکر صدیق ﷺ نے اس خاتون کی شادی اسی مرد سے کردی۔ (۱)

اسی طرح کا ایک اور واقعہ یوں مذکور ہے:

استفاف رجل ناسا من هذيل فأرسلوا جارية لهم تحطب فاعجبت الضعيف فتبعها فأرادها على نفسهانا متنعت فعاركها ساعة فانفلتت منه انفلاتة فرمته بحجر ففضت كبده فمات ثم جاء ت إلى أهلها فاخبرتهم فذهب أهلها إلى عمرا فاخبروه فأرسل عمر فوجد أثارهما فقال عمر قتيل الله لا يورى أبدا۔(۲)

(۱) ہندی، کنز العمال، ۵: ۴۱۱

(۲) ۱۔ عبدالرزاق، المصنف، ۹: ۴۳۵

۲۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۱: ۱۶۶، رقم: ۱۵۴

۳۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۵: ۴۳۱، رقم: ۲۷۷۹۳

۴۔ خلال، السنۃ، ۱: ۱۶۶، رقم: ۱۵۴

۵۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۸: ۳۳۷

۶۔ ابن عبدالبر، التمہید، ۲۱: ۲۵۷

۷۔ ابن حزم، المحلی، ۸: ۲۵

۸۔ ابن قدامہ، المغنی، ۹: ۱۵۲

۹۔ عسقلانی، تلخیص الحبیر ۴: ۸۶، رقم: ۱۸۱۷

۱۰۔ انصاری، خلاصۃ البدر المنیر، ۲: ۳۳۲، رقم: ۲۴۸۸

Marfat.com

''ایک شخص نے ہذیل کے کچھ لوگوں کی دعوت کی اور اپنی باندی کو لکڑیاں کاٹنے کے لیے بھیجا۔ مہمانوں میں سے ایک مہمان کو وہ پسند آ گئی اور وہ اس کے پیچھے چل پڑا اور اس کی عصمت لوٹنے کا طلب گار ہوا لیکن اس باندی نے انکار کر دیا۔ تھوڑی دیر ان دونوں میں کشمکش ہوتی رہی۔ پھر وہ اپنے آپ کو چھڑانے میں کامیاب ہوگئی اور ایک پتھر اٹھا کر اس شخص کے پیٹ پر مار دیا جس سے اس کا جگر پھٹ گیا اور وہ مر گیا۔ پھر وہ اپنے گھر والوں کے پاس پہنچی اور انہیں واقعہ سنایا۔ اس کے گھر والے اسے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس لے کر گئے اور آپ سے سارا واقعہ بیان کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے معاملہ کی تحقیق کے لیے کچھ لوگوں کو بھیجا اور انہوں نے موقع پر ایسے آثار دیکھے، جس سے دونوں میں کشمکش کا ثبوت ملتا تھا۔ تب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اللہ نے جسے مارا ہے اس کی دیت کبھی نہیں دی جا سکتی۔''

## (۲) عزت اور رازداری کا حق

معاشرے میں عورتوں کی عزت اور عفت و عصمت کی حفاظت ان کے رازداری کے حق کی ضمانت میں ہی مضمر ہے۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خواتین کو رازداری کا حق عطا فرمایا اور دیگر افراد معاشرے کو اس حق کے احترام کا پابند کیا۔ قرآن حکیم میں ارشاد ربانی ہے:

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَهْلِهَا ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ○ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَآ اَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا حَتّٰى يُؤْذَنَ لَكُمْ وَاِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ○ (۱)

''اے لوگو، جو ایمان لائے ہو! اپنے گھروں کے سوا دوسرے گھروں میں اس

(۱) القرآن، النور، ۲۴: ۲۷، ۲۸

Marfat.com

وقت تک داخل نہ ہوا کرو جب تک (اس امر کی) اجازت نہ لے لو اور اہلِ خانہ پر سلام کہو۔ یہ تمہارے لئے بہتر ہے کہ تم ان باتوں سے نصیحت حاصل کرو○ اور اگر گھر میں کوئی نہ ہو تو ان میں داخل نہ ہو، جب تک تمہیں (اندر جانے کی) اجازت نہ ملے اور اگر تم سے لوٹ جانے کو کہا جائے تو لوٹ جاؤ۔ یہ تمہارے لئے زیادہ پاکیزگی کا موجب ہے۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو، اللہ اس سے خوب واقف ہے○"

خود حضور نبی اکرم ﷺ کا یہی دستور تھا کہ جب آپ ﷺ کسی کے ہاں جاتے تو باہر سے السلام علیکم فرماتے، تاکہ صاحبِ خانہ کو معلوم ہو جائے اور وہ آپ کو اندر آنے کی اجازت دے دے۔ اگر پہلی بار کوئی جواب نہ ملتا تو دوسری مرتبہ السلام علیکم کہتے۔ اگر اب بھی کوئی جواب نہ ملتا تو تیسری مرتبہ پھر یہی کرتے اور اس کے بعد بھی جواب نہ ملنے پر واپس تشریف لے جاتے۔

آپ ﷺ ایک مرتبہ سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے گھر تشریف لے گئے۔ حسبِ معمول السلام علیکم کہا۔ سعد نے جواب میں آہستہ سے وعلیکم السلام کہا جو آپ سن نہ سکے۔ اسی طرح تینوں بار ہوا۔ آخر جب آپ ﷺ یہ خیال کرکے واپس جانے لگے کہ غالباً گھر میں کوئی نہیں تو حضرت سعد دوڑ کر آئے اور آپ ﷺ کو ساتھ لے گئے اور عرض کیا:

**یا رسول اللہ! إنی کنت أسمع تسلیمک و أرد علیک ردا خفیا لتکثر علینا من السلام۔**(1)

---

(1) ۱۔ ابوداؤد، السنن، کتاب الأدب، باب کم مرہ یسلم، ۴: ۳۴۷، رقم: ۵۱۸۵

۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۳: ۴۲۱

۳۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۱۸: ۲۵۳، رقم: ۹۰۲

۴۔ بیہقی، شعب الایمان، ۶: ۴۳۹، رقم: ۸۸۰۸

۵۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۳: ۲۸۰

Marfat.com

’’حضور ﷺ میں نے جواب تو دیا تھا لیکن آہستہ سے، میں یہ چاہتا تھا کہ آپ زیادہ سے زیادہ بار ہمارے لئے دُعا کریں (کیونکہ السلام علیکم بھی سلامتی کی دُعا ہے)۔‘‘

انہی معنوں میں حضرت ابو موسیٰ اشعری ﷺ سے روایت ہے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا:

إذا استاذن احدكم ثلاثا فلم يوذن له فليرجع۔(1)

’’جب تم میں سے کوئی شخص (کسی کے گھر میں داخل ہونے کے لئے) تین مرتبہ اجازت طلب کرے اور اس کو اجازت نہ ملے تو چاہیے کہ واپس چلا آئے۔‘‘

آپ ﷺ نے فرمایا کہ اگر سلام کے جواب میں صاحبِ خانہ مکان کے اندر سے نام وغیرہ پوچھے تو فوراً اپنا نام بتانا چاہیے۔ حضرت جابر ﷺ کہتے ہیں کہ میں حضور

(۱) ۱۔ بخاری، الصحیح، کتاب الاستئذان، باب التسلیم، ۵: ۲۳۰۵، رقم: ۵۸۹۱

۲۔ مسلم، الصحیح، کتاب الأداب، باب الإستئذان، ۳: ۱۶۹۴، رقم: ۲۱۵۳

۳۔ احمد بن حنبل، المسند، ۴: ۳۹۸

۴۔ ابن حبان، الصحیح، ۱۳: ۱۲۲، رقم: ۵۸۰۶

۵۔ طیالسی، المسند، ۱: ۷۰، رقم: ۵۱۸

۶۔ حمیدی، المسند، ۲: ۳۲۱، رقم: ۷۳۴

۷۔ ابویعلیٰ، المسند، ۲: ۲۶۹، رقم: ۹۸۱

۸۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲: ۱۶۸، رقم: ۱۶۸۷

۹۔ بیہقی، السنن، ۸: ۳۳۹، رقم: ۳۹

۱۰۔ شیبانی، الآحاد والمثانی، ۴: ۴۴۹، رقم: ۲۵۰۲

Marfat.com

ﷺ کے پاس گیا اور اندر آنے کی اجازت طلب کی تو آپ ﷺ نے اندر سے پوچھا: کون ہے؟ میں نے عرض کیا: میں ہوں۔ اس پر آپ ﷺ نے ناگواری سے فرمایا: ''میں ہوں، میں ہوں'' اور باہر تشریف لے آئے، گویا آپ ﷺ نے محض ''میں ہوں'' جواب دینے کو ناپسند فرمایا۔(۱)

اس میں تعلیم یہ ہے کہ پوچھنے پر اپنا نام بتانا چاہیے، محض ''میں ہوں'' کہنے سے یہ معلوم نہیں ہوتا کہ کون ہے؟ بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ جب اندر سے کوئی جواب نہیں ملتا تو متجسس لوگ ادھر ادھر جھانکنے لگتے ہیں۔ آپ ﷺ نے اس طرح کسی دوسرے کے گھر میں جھانکنے سے منع فرمایا، کیونکہ اس سے اجازت طلب کرنے کا مقصد ہی فوت ہو جاتا ہے۔ اگر کوئی شخص اس طرح جھانکے اور صاحب خانہ اسے سزا دینے کے لئے اسے کنکری یا پتھر مار دے جس سے جھانکنے والے کی آنکھ پھوٹ جائے یا اسے کوئی زخم پہنچ جائے تو صاحب مکان بری الذمہ ہے اور جھانکنے والے کو قصاص نہیں دیا جائے گا۔(۲)

کسی کے گھر میں اجازت لے کر داخل ہونے کے اس عام حکم کے بعد فرمایا کہ تم کسی کے گھر سے کوئی چیز طلب کرنا چاہو تو تمہارا فرض ہے کہ پردے کے پیچھے سے سوال کرو تاکہ ایک دوسرے کا سامنا نہ کرنا پڑے جو دونوں کے لئے اخلاقی لحاظ سے اچھا ہے۔ ارشاد ربانی ہے:

وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْئَلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَ قُلُوْبِهِنَّ۔(۳)

(۱) بخاري، الصحيح، كتاب الاستئذان، باب إذا قال من ذا، ۵: ۲۳۰۶، رقم: ۵۸۹۶

(۲) بخاري، الصحيح، كتاب الاستئذان، باب من أجل البصر، ۵: ۲۳۰۴، رقم: ۵۸۸۸

(۳) القرآن، الاحزاب، ۳۳: ۵۳

Marfat.com

''اور جب تم عورتوں سے کوئی چیز طلب کرو تو ان سے پردے کے باہر سے مانگ لو۔ یہ تمہارے دلوں کے لئے اور ان کے دلوں کے لئے زیادہ پاکیزگی کا موجب ہے۔''

عورتوں کے حق رازداری وعصمت وعفت کی حفاظت کے لئے پردہ کے احکام آئے۔ قرآن حکیم میں خواتین کو اپنی نگاہیں نیچی رکھنے اور اپنی آرائش و زیبائش کو افشا نہ کرنے کی تعلیم دے کر اس پاکیزگی معاشرت کی بنیاد رکھی گئی جو خواتین کے حق رازداری و عصمت وعفت کی حفاظت کو یقینی بنا سکتی ہے:

وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَ يَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَائِهِنَّ اَوْ اَبْنَاءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِىْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِىْٓ اَخَوٰتِهِنَّ اَوْ نِسَآئِهِنَّ اَوْمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ اَوِ التّٰبِعِيْنَ غَيْرِ اُولِى الْاِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ وَلَا يَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِيْنَ مِنْ زِيْنَتِهِنَّ ؕ وَتُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝(۱)

''اور آپ مومن عورتوں سے فرما دیں کہ وہ (بھی) اپنی نگاہیں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کیا کریں اور اپنی آرائش و زیبائش کو ظاہر نہ کیا کریں سوائے (اسی حصہ) کے جو اس میں سے خود ظاہر ہوتا ہے اور وہ اپنے سروں پر اوڑھے ہوئے دوپٹے (اور چادریں) اپنے گریبانوں اور سینوں پر (بھی) ڈالے رہا کریں اور وہ اپنے بناؤ سنگھار کو (کسی پر) ظاہر نہ کیا کریں سوائے اپنے شوہروں کے یا اپنے باپ دادا یا اپنے شوہروں کے باپ دادا کے

(۱) القرآن، النور، ۲۴: ۳۱

Marfat.com

یا اپنے بیٹوں یا اپنے شوہروں کے بیٹوں کے یا اپنے بھائیوں یا اپنے بھتیجوں یا اپنے بھانجوں کے یا اپنی (ہم مذہب، مسلمان) عورتوں یا اپنی مملوکہ باندیوں کے یا مردوں میں سے وہ خدمتگار جو خواہش و شہوت سے خالی ہوں یا وہ بچے جو (کمسنی کے باعث ابھی) عورتوں کے پردہ والی چیزوں سے آگاہ نہیں ہوئے (یہ بھی مستثنیٰ ہیں) اور نہ (چلتے ہوئے) اپنے پاؤں (زمین پر اس طرح) مارا کریں کہ (پیروں کی جھنکار سے) انکا وہ سنگھار معلوم ہوجائے جسے وہ (حکم شریعت سے) پوشیدہ کیے ہوئے ہیں اور تم سب کے سب اللہ کے حضور توبہ کرو اے مومنو! تاکہ تم (ان احکام پر عمل پیرا ہوکر) فلاح پا جاؤ۔"

يٰاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَ بَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَا بِيْبِهِنَّ ط ذٰلِكَ اَدْنٰى اَنْ يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ۔ (۱)

"اے نبی! اپنی بیویوں اور اپنی صاحبزادیوں اور مسلمانوں کی عورتوں سے فرما دیں کہ (باہر نکلتے وقت) اپنی چادریں اپنے اوپر اوڑھ لیا کریں، یہ اس بات کے قریب تر ہے کہ وہ پہچان لی جائیں (کہ یہ پاک دامن آزاد عورتیں ہیں) پھر انہیں (آوارہ باندیاں سمجھ کر غلطی سے) ایذاء نہ دی جائے۔"

## (۳) تعلیم و تربیت کا حق

اسلام کی تعلیمات کا آغاز اِقْرَاْ سے کیا گیا اور تعلیم کو شرف انسانیت اور شناختِ پروردگار کی اساس قرار دیا گیا:

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ○ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ○ اِقْرَاْ وَ رَبُّكَ الْاَكْرَمُ○ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ○ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ○ (۲)

---

(۱) القرآن، الأحزاب، ۳۳: ۵۹

(۲) القرآن، العلق، ۹۶: ۱-۵

Marfat.com

”(اے حبیب!) اپنے رب کے نام سے (آغاز کرتے ہوئے) پڑھیے جس نے (ہر چیز کو) پیدا فرمایاo اس نے انسان کو (رحم مادر میں جونک کی طرح) معلق وجود سے پیدا کیاo پڑھیئے اور آپ کا رب بڑا ہی کریم ہےo جس نے قلم کے ذریعے (لکھنے پڑھنے کا) علم سکھایاo جس نے انسان کو (اس کے علاوہ بھی) وہ (کچھ) سکھا دیا جو وہ نہیں جانتا تھاo“

حضور نبی اکرم ﷺ نے خواتین کی تعلیم و تربیت کو اتنا ہی اہم اور ضروری قرار دیا ہے جتنا کہ مردوں کی۔ اسلامی معاشرے میں یہ کسی طرح مناسب نہیں کہ کوئی شخص لڑکی کو لڑکے سے کم درجہ دے کر اس کی تعلیم و تربیت نظرانداز کر دے۔ آپ ﷺ کا ارشاد ہے:

الرجل تکون له الامة فیعلمها فیحسن تعلیمها و یودبها فیحسن ادبها ثم یعتقها فیتزوجها فله اجران۔ (1)

”اگر کسی شخص کے پاس ایک لونڈی ہو پھر وہ اسے تعلیم دے اور یہ اچھی تعلیم ہو۔ اور اس کو آداب مجلس سکھائے اور یہ اچھے آداب ہوں۔ پھر آزاد کر کے اس سے نکاح کرے تو اس شخص کے لیے دوہرا اجر ہے۔“

یعنی ایک اجر تو اس بات کا کہ اس نے اسے اچھی تعلیم دی اور اچھے آداب سکھائے اور دوسرا اجر اس امر کا کہ اسے آزاد کر کے اس سے نکاح کر لیا اور اس طرح اس کا درجہ بلند کیا۔

---

(۱) ۱۔ بخاری، الصحیح، کتاب الجهاد، باب فضل من أسلم، ۳: ۱۰۹۶، رقم: ۲۸۴۹
۲۔ ابو عوانه، المسند، ۱: ۱۰۳، رقم: ۶۸
۳۔ ابن ابی شیبه، المصنف، ۳: ۱۱۸، رقم: ۱۲۶۳۵
۴۔ رویانی، المسند، ۱: ۳۰۷، رقم: ۴۵۸

Marfat.com

اس سے ظاہر ہے کہ اسلام اگر باندیوں تک کو زیورِ تعلیم سے آراستہ کرنے کو کارِ ثواب قرار دیتا ہے تو وہ آزاد لڑکوں اور لڑکیوں کے تعلیم سے محروم رکھے جانے کو کیونکر گوارا کرسکتا ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے علم کی عظمت ظاہر کرنے کے لیے ارشاد فرمایا کہ اس کا حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے:

طلب العلم فريضة على كل مسلم۔(۱)

''علم حاصل کرنا ہر مسلمان (مرد و عورت) پر فرض ہے۔''

ایک دوسرے موقع پر حصولِ علم میں ہر طرح کے امتیاز اور تنگ نظری کو مٹانے کی خاطر نہایت لطیف پیرائے میں فرمایا:

الكلمة الحكمة ضالة المؤمن فحيث وجدها فهو احق بها۔(۲)

---

(۱) ۱۔ ابن ماجه، السنن، المقدمه، باب فضل العلماء، ۱: ۸۱، رقم: ۲۲۴

۲۔ ابويعلىٰ، المسند، ۵: ۲۲۳، رقم: ۲۸۳۷

۳۔ طبرانی، المعجم الكبير، ۱۰: ۱۹۵، رقم: ۱۰۴۳۹

۴۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۱: ۸، رقم: ۹

۵۔ طبرانی، المعجم الصغير، ۱: ۳۶، رقم: ۲۲

۶۔ ابويعلىٰ، المعجم، ۱: ۲۵۷، رقم: ۳۲۰

۷۔ شعب الايمان، ۲: ۲۰۳، رقم: ۱۶۶۳

۸۔ هيثمی، مجمع الزوائد، ۱: ۱۱۹

۹۔ منذری، الترغيب والترهيب، ۱: ۵۲، رقم: ۱۰۹

۱۰۔ كنانی، مصباح الزجاجة، ۱: ۳۰، رقم: ۸۱

(۲) ۱۔ ترمذی، السنن، كتاب العلم، ماجاء فی فضل الفقه، ۵: ۵۱، رقم: ۲۶۸۷

۲۔ ابن ماجه، السنن، كتاب الزهد، باب الحكمة، ۲: ۱۳۹۵، رقم: ۴۱۶۹

Marfat.com

''علم اور عقل کی بات مؤمن کا گمشدہ مال ہے، پس جہاں بھی اسے پائے اسے حاصل کرنے کا وہ زیادہ حق دار ہے۔''

## (۴) حسنِ سلوک کا حق

حضور نبی اکرم ﷺ نے عورتوں سے حسن سلوک کی تعلیم دی اور زندگی کے عام معاملات میں عورتوں سے عفو و درگزر اور رافت و محبت پر مبنی سلوک کی تلقین فرمائی:

**عن أبی هريرة ص أن رسول الله ﷺ قال: المرأة كالضلع ان اقمتها كسرتها وان استمتعت بها استمتعت بها وفيها عوج۔(۱)**

---

۳۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۷: ۲۴۰، رقم: ۳۵۶۸۱

۴۔ رویانی، المسند، ۱: ۷۵، رقم: ۳۳

۵۔ بیہقی، سنن الکبریٰ، ۶: ۱۹۰، رقم: ۱۱۸۵۱

۶۔ شیبانی، الاحاد والمثانی، ۳: ۲۶۴، رقم: ۱۶۳۹

۷۔ دیلمی، الفردوس بماثور الخطاب، ۲: ۱۵۲، رقم: ۲۷۷۰

۸۔ ابونعیم اصبہانی، حلیۃ الاولیاء، ۳: ۳۵۴

۹۔ سیوطی، شرح سنن ابن ماجہ، ۱: ۳۰۷، رقم: ۴۱۶۹

۱۰۔ مناوی، فیض القدیر، ۲: ۵۴۵

(۱) ۱۔ بخاری، الصحیح، کتاب النکاح، باب المدارۃ مع النساء، ۵: ۱۹۸۷، رقم: ۴۸۸۹

۲۔ مسلم، الصحیح، کتاب الرضاع، باب الوصیۃ بالنساء، ۲: ۱۰۹۰، رقم: ۱۴۶۸

۳۔ ترمذی، السنن، کتاب الطلاق، باب ماجاء فی مدارۃ النساء، ۳: ۴۹۳، رقم: ۱۱۸۸

۴۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲: ۴۲۸، رقم: ۹۵۲۱

۵۔ ابن حبان، الصحیح، ۹: ۴۸۷، رقم: ۴۱۸۰

Marfat.com

”حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عورت پسلی کی مانند ہے اگر اسے سیدھا کرو گے تو ٹوٹ جائے گی اگر اسی طرح اس کے ساتھ فائدہ اٹھانا چاہو تو فائدہ اٹھا سکتے ہو ورنہ اس کے اندر ٹیڑھا پن موجود ہے۔“

**عن أبی هريرة ﷺ عن النبی ﷺ قال: من كان يؤمن بالله واليوم الاخر فلا يؤذی جاره واستوصوا بالنساء خيرا، فانهن خلقن من ضلع و ان اعوج شئ فی الضلع اعلاه فان ذهبت تقيمه كسرته وان تركته لم يزل اعوج فاستوصوا بالنساء خيرا۔ (۱)**

”حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو اللہ تعالیٰ اور روزِ قیامت پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنے ہمسائے کو تکلیف نہ دے، اور

........ ۶۔ دارمی، السنن، ۲: ۱۹۹، رقم: ۲۲۲۲

۷۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۴: ۱۹۷

۸۔ ابوعوانہ، المسند، ۳: ۱۴۲، رقم: ۴۴۹۵

۹۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۱: ۱۷۸، رقم: ۵۶۵

۱۰۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۴: ۳۰۳، رقم: ۳۰۴

(۱) ۱۔ بخاری، الصحیح، کتاب النکاح، باب الوصاة بالنساء، ۵: ۱۹۸۷، رقم: ۴۸۹۰

۲۔ مسلم، الصحیح، کتاب الرضاع، باب الوصیة بالنساء، ۲: ۱۰۹۱، رقم: ۱۴۶۸

۳۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۴: ۱۹۷

۴۔ ابن راہویہ، المسند، ۱: ۲۵۰، رقم: ۲۱۴

۵۔ ابویعلیٰ، المسند، ۱۱: ۸۵، رقم: ۶۲۱۸

۶۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۷: ۲۹۵، رقم: ۱۴۴۹۹

Marfat.com

عورتوں کے ساتھ نیکی کرنے کے بارے میں میری وصیت قبول کر لو کیونکہ وہ پسلی سے پیدا کی گئیں ہیں۔ اور سب سے اوپر والی پسلی سب سے زیادہ ٹیڑھی ہوتی ہے اگر تم اسے سیدھا کرنے لگو گے تو توڑ ڈالو گے اور اس کے حال پر چھوڑے رہو گے تب بھی ہمیشہ ٹیڑھی رہے گی پس عورتوں کے ساتھ بھلائی کرنے کے بارے میں میری وصیت قبول کر لو۔"

## (۵) ملکیت اور جائیداد کا حق

اسلام نے مردوں کی طرح عورتوں کو بھی حق ملکیت عطا کیا۔ وہ نہ صرف خود کما سکتی ہے بلکہ وراثت کے تحت حاصل ہونے والی املاک کی مالک بھی بن سکتی ہے۔ ارشاد ربانی ہے:

لِلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوا ۖ وَلِلنِّسَاءِ نَصِيبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ۔ (۱)

"مردوں کے لیے اس میں سے حصہ ہے جو انہوں نے کمایا، اور عورتوں کے لیے اس میں سے حصہ ہے جو انہوں نے کمایا۔"

عورت کا حق ملکیت طلاق کی صورت میں بھی قائم رہتا ہے۔ طلاق رجعی کے بارے میں ابنِ قدامہ نے لکھا ہے کہ اگر شوہر نے ایسی بیماری جس میں ہلاکت کا خطرہ ہو، کے دوران میں اپنی بیوی کو طلاق دی اور پھر دورانِ عدت اسی بیماری سے مر گیا تو بیوی اس کی وارث ہوگی اور اگر بیوی مر گئی تو شوہر اُس کا وارث نہیں ہوگا۔ یہی رائے حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے۔ (۲)

(۱) القرآن، النساء، ۴: ۳۲

(۲) ابن قدامہ، المغنی، ۶: ۳۲۹

Marfat.com

حضرت عمرؓ کا قول ہے:

**اذا طلقها مریضا ورثته ما کانت فی العدة ولا یرثها۔**[1]

''اگر شوہر نے اپنی بیماری کی حالت میں بیوی کو طلاق دے دی تو بیوی دورانِ عدت اس کی وارث ہوگی لیکن شوہر اس کا وارث نہیں ہوگا۔''

طلاق مغلظہ کے بارے میں قاضی شریح بیان کرتے ہیں کہ عروۃ البارقی حضرت عمرؓ سے ہوکر میرے پاس آئے اور اس شخص کے بارے میں بیان کیا جو اپنی بیوی کو حالتِ مرض میں تین طلاقیں دے دے کہ حضرت عمرؓ کے نزدیک بیوی دورانِ عدت اس کی وارث ہوگی لیکن شوہر اس کا وارث نہیں ہوگا۔[2]

## (۶) حرمتِ نکاح کا حق

اسلام سے قبل مشرکینِ عرب بلا امتیاز ہر عورت سے نکاح جائز سمجھتے تھے۔ باپ مر جاتا تو بیٹا ماں سے شادی کر لیتا۔ جصاص نے 'احکام القرآن (۲: ۱۴۸)' میں سوتیلی ماں سے نکاح کے متعلق لکھا ہے:

**و قد کان نکاح إمراۃ الأب مستفیضا شائعا فی الجاھلیة۔**

''اور باپ کی بیوہ سے شادی کر لینا جاہلیت میں عام معمول تھا۔''

اسلام نے عورتوں کے حقوق نمایاں کرتے ہوئے بعض رشتوں سے نکاح حرام

---

(۱) ۱۔ عبدالرزاق، المصنف، ۷: ۶۴، رقم: ۱۲۲۰۱

۲۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۴: ۱۷۱

۳۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۷: ۳۶۳، رقم: ۱۴۹۰۸

۴۔ مالک بن انس، المدونۃ الکبریٰ، ۶: ۳۸

۵۔ ابن حزم، المحلی، ۱۰: ۲۱۹

(۲) ۱۔ ابن حزم، المحلی، ۱۰: ۲۱۹، ۲۲۸

۲۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۸: ۹۷

Marfat.com

قرار دیا اور اس کی پوری فہرست گنوا دی۔ ارشادِ ربانی ہے:

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهٰتُكُمْ وَ بَنٰتُكُمْ وَ اَخَوٰتُكُمْ وَ عَمّٰتُكُمْ وَ خٰلٰتُكُمْ وَ بَنٰتُ الْاَخِ وَ بَنٰتُ الْاُخْتِ وَ اُمَّهٰتُكُمُ الّٰتِیْۤ اَرْضَعْنَكُمْ وَ اَخَوٰتُكُمْ مِّنَ الرَّضَاعَةِ وَ اُمَّهٰتُ نِسَآئِكُمْ وَرَبَآئِبُكُمُ الّٰتِیْ فِیْ حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَآئِكُمُ الّٰتِیْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ٘ فَاِنْ لَّمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ٘ وَحَلَآئِلُ اَبْنَآئِكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ اَصْلَابِكُمْ ۙ وَ اَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ۔ (۱)

”تم پر تمہاری مائیں اور تمہاری بیٹیاں اور تمہاری بہنیں اور تمہاری پھوپھیاں اور تمہاری خالائیں اور بھتیجیاں اور بھانجیاں اور تمہاری (وہ) مائیں جنہوں نے تمہیں دودھ پلایا ہو اور تمہاری رضاعت میں شریک بہنیں اور تمہاری بیویوں کی مائیں سب حرام کردی گئی ہیں۔ اور (اسی طرح) تمہاری گود میں پرورش پانے والی وہ لڑکیاں جو تمہاری ان عورتوں (کے بطن) سے ہیں جن سے تم صحبت کرچکے ہو (بھی حرام ہیں) پھر اگر تم نے ان سے صحبت نہ کی ہو تو تم پر ان کی (لڑکیوں سے نکاح کرنے میں) کوئی حرج نہیں اور تمہارے ان بیٹوں کی بیویاں (بھی تم پر حرام ہیں) جو تمہاری پشت سے ہیں اور یہ (بھی حرام ہے کہ) تم دو بہنوں کو ایک ساتھ (نکاح میں) جمع کرو سوائے اس کے جو دور جہالت میں گزر چکا۔“

## ۲۔ عورت کے عائلی حقوق

### (ا) ماں کی حیثیت سے حق

حضور نبی اکرم ﷺ نے اہل ایمان کی جنت ماں کے قدموں تلے قرار دے کر

(۱) القرآن، النساء، ۴: ۲۳

Marfat.com

ماں کو معاشرے کا سب سے زیادہ مکرم و محترم مقام عطا کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ سب سے زیادہ حسن سلوک کی مستحق ماں ہے:

**عن ابی ھریرۃ ﷺ قال: جاء رجلي الی رسول اللہ ﷺ فقال: یا رسول اللہ! من احق الناس بحسن صحابتي؟ قال: "امک،" قال: ثم من؟ قال: "ثم امک،" قال: ثم من؟ قال: "ثم امک"، قال ثم من؟ قال: "ثم ابوک"۔(۱)**

"حضرت ابو ہریرہ ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا یا رسول ﷺ میرے حسن سلوک کا سب سے زیادہ مستحق کون ہے؟ فرمایا کہ تمہاری والدہ، عرض کی کہ پھر کون ہے فرمایا کہ تمہاری والدہ، عرض کی کہ پھر کون ہے؟ فرمایا کہ تمہاری والدہ ہے، عرض کی کہ پھر کون ہے؟ فرمایا کہ تمہارا والد ہے۔"

## (۲) بیٹی کی حیثیت سے حق

وہ معاشرہ جہاں بیٹی کی پیدائش کو ذلت و رسوائی کا سبب قرار دیا جاتا تھا، آپ ﷺ نے بیٹی کو احترام و عزت کا مقام عطا کیا۔ اسلام نے نہ صرف معاشرتی و سماجی

---

(۱) ۱۔ بخاری، الصحیح، کتاب الأدب، باب من أحق الناس، ۵: ۲۲۲۷، رقم: ۵۶۲۶

۲۔ مسلم، الصحیح، کتاب البر والصلۃ، باب بر الوالدین، ۴: ۱۹۷۴، رقم: ۲۵۴۸

۳۔ ابن راھویہ، المسند، ۱: ۲۱۶، رقم: ۱۷۲

۴۔ منذری، الترغیب و الترھیب، ۳: ۲۲۰، رقم: ۳۷۶۶

۵۔ الحسینی، البیان و التعریف، ۱: ۱۷۱، رقم: ۴۴۷

۶۔ کنانی، مصباح الزجاجۃ، ۴: ۹۸، رقم: ۱۲۷۸

Marfat.com

سطح پر بیٹی کا مقام بلند کیا بلکہ اسے وراثت کا حق دار بھی ٹھہرایا، ارشادِ ربانی ہے:

يُوصِيكُمُ اللهُ فِي أَوْلَادِكُمْ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ فَإِنْ كُنَّ نِسَاءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ وَإِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ۔(۱)

''اللہ تمہیں تمہاری اولاد (کی وراثت) کے بارے میں حکم دیتا ہے کہ لڑکے کے لیے دو لڑکیوں کے برابر حصہ ہے پھر اگر صرف لڑکیاں ہی ہوں (دو یا) دو سے زائد تو ان کے لیے اس ترکہ کا دو تہائی حصہ ہے اور اگر وہ اکیلی ہو تو اس کے لیے آدھا ہے۔''

قرآن حکیم نے بیٹی کی پیدائش پر غم و غصے کو جاہلیت کی رسم اور انسانیت کی تذلیل قرار دیتے ہوئے اُس کی مذمت کی:

وَ إِذَا بُشِّرَ أَحَدُهُمْ بِالْأُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّ هُوَ كَظِيْمٌo يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ أَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ أَمْ يَدُسُّهٗ فِي التُّرَابِ أَلَا سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَo(۲)

''اور جب ان میں سے کسی کو لڑکی (کی پیدائش) کی خوشخبری سنائی جاتی ہے تو اس کا چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے اور وہ غصہ سے بھر جاتا ہےo وہ لوگوں سے چھپتا پھرتا ہے (بزعم خویش) اس بری خبر کی وجہ سے جو اسے سنائی گئی ہے (اب یہ سوچنے لگتا ہے کہ) آیا اسے ذلت و رسوائی کے ساتھ (زندہ) رکھے یا اسے مٹی میں دبا دے (یعنی زندہ درگور کردے) خبردار کتنا برا فیصلہ ہے جو وہ کرتے ہیںo''

اور بیٹیوں کو زندہ درگور کرنے کی ممانعت کر کے دورِ جاہلیت کی اس رسم بد کا قلع قمع کیا جو اسلام کی آمد سے قبل اس معاشرے میں جاری تھی:

---

(۱) القرآن، النساء، ۴: ۱۱

(۲) القرآن، النحل، ۱۶: ۵۸، ۵۹

Marfat.com

وَلَا تَقۡتُلُوۡۤا اَوۡلَادَكُمۡ خَشۡيَةَ اِمۡلَاقٍ نَحۡنُ نَرۡزُقُهُمۡ وَ اِيَّاكُمۡ اِنَّ قَتۡلَهُمۡ كَانَ خِطۡاً كَبِيۡرًا ۝ (۱)

''اور تم اپنی اولاد کو مفلسی کے خوف سے قتل مت کرو ہم ہی انہیں (بھی) رزق دیتے ہیں اور تمہیں بھی، بے شک ان کو قتل کرنا بہت بڑا گناہ ہے ۝''

## (۳) بہن کی حیثیت سے حق

قرآن حکیم میں جہاں عورت کے دیگر معاشرتی وسماجی درجات کے حقوق کا تعین کیا گیا ہے، وہاں بطور بہن بھی اس کے حقوق بیان کیے گئے ہیں۔ بطور بہن عورت کا وراثت کا حق بیان کرتے ہوئے قرآن حکیم میں ارشاد فرمایا گیا:

وَ اِنۡ كَانَ رَجُلٌ يُّوۡرَثُ كَلٰلَةً اَوِ امۡرَاَةٌ وَّلَهٗۤ اَخٌ اَوۡ اُخۡتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنۡهُمَا السُّدُسُ ۚ فَاِنۡ كَانُوۡۤا اَكۡثَرَ مِنۡ ذٰلِكَ فَهُمۡ شُرَكَآءُ فِى الثُّلُثِ مِنۡۢ بَعۡدِ وَصِيَّةٍ يُّوۡصٰى بِهَآ اَوۡ دَيۡنٍ غَيۡرَ مُضَآرٍّ۔ (۲)

''اور اگر کسی ایسے مرد یا عورت کی وراثت تقسیم کی جارہی ہو جس کے نہ ماں باپ ہوں نہ کوئی اولاد اور اس کا ماں کی طرف سے ایک بھائی یا ایک بہن ہو (یعنی اخیافی بھائی یا بہن) تو ان دونوں میں سے ہر ایک کے لیے چھٹا حصہ ہے پھر اگر وہ بھائی بہن ایک سے زیادہ ہوں تو سب ایک تہائی میں شریک ہوں گے (یہ تقسیم بھی) اس وصیت کے بعد (ہوگی) جو (وارثوں کو) نقصان پہنچائے بغیر کی گئی ہو یا قرض (کی ادائیگی) کے بعد۔''

يَسۡتَفۡتُوۡنَكَ قُلِ اللّٰهُ يُفۡتِيۡكُمۡ فِى الۡكَلٰلَةِ اِنِ امۡرُؤٌا هَلَكَ لَيۡسَ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَهٗۤ اُخۡتٌ فَلَهَا نِصۡفُ مَا تَرَكَ وَهُوَ يَرِثُهَاۤ اِنۡ لَّمۡ يَكُنۡ لَّهَا وَلَدٌ

(۱) القرآن، بنی اسرائیل، ۱۷: ۳۱

(۲) القرآن، النساء، ۴: ۱۲

Marfat.com

فَاِنۡ کَانَتَا اثۡنَتَیۡنِ فَلَهُمَا الثُّلُثٰنِ مِمَّا تَرَکَ وَ اِنۡ کَانُوۡۤا اِخۡوَةً رِّجَالًا وَّ نِسَآءً فَلِلذَّکَرِ مِثۡلُ حَظِّ الۡاُنۡثَیَیۡنِ۔(۱)

’’لوگ آپ سے حکم دریافت کرتے ہیں۔ فرما دیجئے کہ اللہ تمہیں (بغیر اولاد اور بغیر والدین کے فوت ہونے والے) کلالہ (کی وراثت) کے بارے میں یہ حکم دیتا ہے کہ اگر کوئی ایسا شخص فوت ہو جائے جو بے اولاد ہو مگر اس کی بہن ہو تو اس کے لیے اس (مال) کا آدھا (حصہ) ہے جو اس نے چھوڑا ہے اور اگر (اس کے برعکس بہن کلالہ ہو تو اس کے مرنے کی صورت میں اسکا) بھائی اس (بہن) کا وارث (کامل) ہوگا اگر اس (بہن) کی کوئی اولاد نہ ہو۔ پھر اگر (کلالہ بھائی کی موت پر) دو (بہنیں وارث) ہوں تو ان کے لیے اس (مال) کا دو تہائی (حصہ) ہے جو اس نے چھوڑا ہے اور اگر (بصورت کلالہ مرحوم کے) چند بھائی بہن مرد (بھی) اور عورتیں (بھی وارث) ہوں تو پھر (ہر) ایک مرد کا (حصہ) دو عورتوں کے برابر ہوگا۔‘‘

## (۴) بیوی کی حیثیت سے حق

قرآن حکیم میں اللہ تعالیٰ نے نسل انسانی کے تسلسل و بقاء کے لیے ازدواجی زندگی اور خاندانی رشتوں کو اپنی نعمت قرار دیا:

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَکُمۡ مِّنۡ اَنۡفُسِکُمۡ اَزۡوَاجًا وَّ جَعَلَ لَکُمۡ مِّنۡ اَزۡوَاجِکُمۡ بَنِیۡنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَکُمۡ مِّنَ الطَّیِّبٰتِ ؕ اَفَبِالۡبَاطِلِ یُؤۡمِنُوۡنَ وَ بِنِعۡمَتِ اللّٰهِ هُمۡ یَکۡفُرُوۡنَ ۝(۲)

’’اور اللہ نے تم ہی میں سے تمہارے لیے جوڑے پیدا فرمائے اور تمہارے

(۱) القرآن، النساء، ۴: ۱۷۶

(۲) القرآن، النحل، ۱۶: ۷۲

Marfat.com

جوڑوں (بیویوں) سے تمہارے لیے بیٹے، پوتے اور نواسے پیدا فرمائے اور تمہیں پاکیزہ رزق عطا فرمایا تو کیا پھر بھی وہ (حق کو چھوڑ کر) باطل پر ایمان رکھتے ہیں اور اللہ کی نعمت سے وہ ناشکری کرتے ہیں٥''

دوسرے مقام پر بیوی کے رشتے کی اہمیت اور اس سے حسن سلوک کو یوں بیان کیا گیا:

اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ اِلٰى نِسَآئِكُمْ ؕ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَ اَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ؕ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَ عَفَا عَنْكُمْ فَالْئٰنَ بَاشِرُوْهُنَّ وَابْتَغُوْا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ وَ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَ اَنْتُمْ عٰكِفُوْنَ فِي الْمَسٰجِدِ ؕ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ٥ (۱)

''تمہارے لیے روزوں کی راتوں میں اپنی بیویوں کے پاس جانا حلال کر دیا گیا ہے وہ تمہارا لباس ہیں اور تم ان کا لباس ہو، اللہ کو معلوم ہے کہ تم اپنے حق میں خیانت کرتے تھے سو اس نے تمہارے حال پر رحم کیا اور تمہیں معاف فرما دیا، پس (اب روزوں کی راتوں میں بیشک) ان سے مباشرت کیا کرو اور جو اللہ نے تمہارے لیے لکھ دیا ہے چاہا کرو، اور کھاتے پیتے رہا کرو یہاں تک کہ تم پر صبح کا سفید ڈورا (رات کے) سیاہ ڈورے سے (الگ ہو کر) نمایاں ہو جائے، پھر روزہ رات (کی آمد) تک پورا کرو، اور عورتوں سے اس دوران میں شب باشی نہ کیا کرو جب تم مسجدوں میں اعتکاف بیٹھے ہو، یہ اللہ کی (قائم کردہ) حدیں ہیں پس ان کے توڑنے کے نزدیک نہ جاؤ، اسی طرح اللہ لوگوں کے لیے اپنی آیتیں (کھول کر) بیان کرتا ہے تاکہ وہ پرہیزگاری اختیار کریں٥''

(۱) القرآن، البقرہ، ۲: ۱۸۷

Marfat.com

وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِيْٓ اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِيْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْٓا اِصْلَاحًا وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِيْ عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ وَ لِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ○(۱)

''اور طلاق یافتہ عورتیں اپنے آپ کو تین حیض تک روکے رکھیں، اور ان کے لیے جائز نہیں کہ وہ اسے چھپائیں جو اللہ نے ان کے رحموں میں پیدا فرما دیا ہو اگر وہ اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتی ہیں، اس مدت کے اندر ان کے شوہروں کو انہیں (پھر) اپنی زوجیت میں لوٹانے کا حق زیادہ ہے اگر وہ اصلاح کا ارادہ کر لیں، اور دستور کے مطابق عورتوں کے بھی مردوں پر اسی طرح حقوق ہیں جیسے مردوں کے عورتوں پر، البتہ مردوں کو ان پر فضیلت ہے، اور اللہ بڑا غالب بڑی حکمت والا ہے۔''

وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ اَزْوَاجُكُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهُنَّ وَلَدٌ ج فَاِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ط وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّكُمْ وَلَدٌ ج فَاِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ۔(۲)

''اور تمہارے لیے اس (مال) کا آدھا حصہ ہے جو تمہاری بیویاں چھوڑ جائیں بشرطیکہ ان کی کوئی اولاد نہ ہو، پھر اگر ان کی اولاد ہو تو تمہارے لیے ان کے ترکہ سے چوتھائی ہے (یہ بھی) اس وصیت (کے پورا کرنے) کے بعد جو انہوں نے کی ہو یا قرض (کی ادائیگی) کے بعد، اور تمہاری بیویوں کا تمہارے

(۱) القرآن، البقرہ، ۲: ۲۲۸

(۲) القرآن، النساء، ۴: ۱۲

Marfat.com

چھوڑے ہوئے (مال) میں سے چوتھا حصہ ہے بشرطیکہ تمہاری کوئی اولاد نہ ہو پھر اگر تمہاری کوئی اولاد ہو تو ان کے لیے تمہارے ترکہ میں سے آٹھواں حصہ ہے تمہاری اس (مال) کی نسبت کی ہوئی وصیت (پوری کرنے) یا تمہارے قرض کی ادائیگی کے بعد۔"

یہ قرآنِ حکیم ہی کی تعلیمات کا عملی ابلاغ تھا کہ حضور اکرم ﷺ نے بیوی سے حسن سلوک کی تلقین فرمائی:

**عن ابن عباس رضی اللہ عنهما قال: جاء رجل الی النبی ﷺ فقال: یا رسول اللہ! انی کتبت فی غزوة کذا و کذا و امراتی حاجة، قال: ارجع فحج مع امراتک۔**(۱)

"ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں ایک شخص حاضر ہو کر عرض گزار ہوا: یا رسول اللہ! میرا نام فلاں فلاں غزوہ میں لکھ لیا گیا ہے اور میری بیوی حج کرنے جا رہی ہے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم واپس چلے جاؤ اور اپنی بیوی کے ساتھ حج کرو۔"

---

(۱) ۱۔ بخاری، الصحیح، کتاب الجهاد، باب کتابة الإمام الناس، ۳: ۱۱۱۴، رقم: ۲۸۹۶

۲۔ بخاری، الصحیح، کتاب الجهاد، باب من اکتتب فی جیش، ۳: ۱۰۹۴، رقم: ۲۸۴۴

۳۔ مسلم، الصحیح، کتاب الحج، باب سفر المرأة مع محرم، ۲: ۹۷۸، رقم: ۱۳۴۱

۴۔ ابن حبان، الصحیح، ۹: ۴۲، رقم: ۳۷۵۷

۵۔ ابن خزیمه، الصحیح، ۴: ۱۳۷، رقم: ۲۵۲۹

۶۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۱۱: ۴۲۴، ۴۲۵، رقم: ۱۲۲۰۱، ۱۲۲۰۵

Marfat.com

اور اسی تعلیم پر صحابہ کرام ﷺ عمل پیرا رہے:

**عن زيد هو ابن اسلم عن ابيه قال: كنت مع عبدالله بن عمر رضی الله عنهما بطريق مكة فبلغه عن صفية بنت ابی عبيد شدة وجع، فاسرع السير حتى اذا كان بعد غروب الشفق ثم نزل فصلى المغرب والعتمة يجمع بينهما و قال: إنی رايت النبی ﷺ اذا جد به السير اخر المغرب و جمع بينهما۔(1)**

''زید بن اسلم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں مکہ مکرمہ کے سفر میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ تھا انہیں اپنی زوجہ محترمہ حضرت صفیہ بنت ابوعبید کے بارے میں خبر پہنچی کہ وہ سخت بیمار ہیں۔ انہوں نے رفتار تیز کر دی اور مغرب کے بعد جب شفق غائب ہوگئی تو سواری سے اترے اور مغرب کی نماز ادا کر کے نماز عشاء بھی اس کے ساتھ ملا کر پڑھ لی اور فرمایا کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو دیکھا کہ جب آپ کو سفر طے کرنے میں جلدی ہوتی تو مغرب میں دیر کر کے مغرب وعشاء کو جمع فرما لیتے۔''

## ۳۔ عورت کے اَزدواجی حقوق

آپ ﷺ کی عطا کردہ تعلیمات کی روشنی میں عورت کے درج ذیل نمایاں حقوق سامنے آتے ہیں:

---

(1) ۱۔ بخاری، الصحيح، كتاب الحج، باب السافر إذا جد به، ۲: ۶۳۹، رقم: ۱۷۱۱

۲۔ بخاری، الصحيح، كتاب الجهاد، باب السرعة فی السير، ۳: ۱۰۹۳، رقم: ۲۸۳۸

۳۔ عسقلانی، فتح الباری، ۲: ۵۷۳، رقم: ۱۰۴۱

۴۔ مبارکپوری، تحفة الاحوذی، ۳: ۱۰۲

Marfat.com

## (۱) شادی کا حق

اسلام سے قبل عورتوں کو مردوں کی ملکیت تصور کیا جاتا تھا اور انہیں نکاح کا حق حاصل نہ تھا۔ اسلام نے عورت کو نکاح کا حق دیا کہ جو یتیم ہو، باندی ہو یا مطلقہ، شریعت کے مقرر کردہ اُصول وضوابط کے اندر رہتے ہوئے اُنہیں نکاح کے حق سے محروم نہیں کیا جا سکتا:

وَ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ۔ (۱)

''اور جب تم عورتوں کو طلاق دو اور وہ اپنی عدت (پوری ہونے) کو آ پہنچیں تو جب وہ شرعی دستور کے مطابق باہم رضامند ہو جائیں تو انہیں اپنے شوہروں سے نکاح کرنے سے مت روکو۔''

وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّ عَشْرًا ۚ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْ اَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ (۲)

''اور تم میں سے جو فوت ہو جائیں اور (اپنی) بیویاں چھوڑ جائیں تو وہ اپنے آپ کو چار ماہ دس دن انتظار میں روکے رکھیں پھر جب وہ اپنی عدت (پوری ہونے) کو آ پہنچیں تو پھر جو کچھ وہ شرعی دستور کے مطابق اپنے حق میں کریں تم پر اس معاملے میں کوئی مواخذہ نہیں، اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے اچھی طرح خبردار ہے ۝''

وَ اٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ؕ فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَيْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِيْٓئًا مَّرِيْٓئًا ۝ (۳)

(۱) القرآن، البقرہ، ۲: ۲۳۲

(۲) القرآن، البقرہ، ۲: ۲۳۴

(۳) القرآن، النساء، ۴: ۴

Marfat.com

''اور عورتوں کو ان کے مہر خوش دلی سے ادا کیا کرو، پھر اگر وہ اس (مہر) میں سے کچھ تمہارے لیے اپنی خوشی سے چھوڑ دیں تو تب اسے (اپنے لیے) سازگار اور خوشگوار سمجھ کر کھاؤ٥''

وَ اَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَ الصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَ اِمَائِكُمْ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَ اللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ٥(۱)

''اور تم اپنے مردوں اور عورتوں میں سے ان کا نکاح کردیا کرو جو بغیر ازدواجی زندگی کے (رہ رہے) ہوں اور اپنے باصلاحیت غلاموں اور باندیوں کا (نکاح کردیا کرو) اگر وہ محتاج ہوں گے (تو) اللہ اپنے فضل سے انہیں غنی کردیگا اوراللہ بڑی وسعت والا بڑے علم والا ہے٥''

اگرچہ کئی معاشرتی اور سماجی حکمتوں کے پیش نظر اسلام نے مردوں کو ایک سے زائد شادیوں کا حق دیا، مگر اسے بیویوں کے مابین عدل و انصاف سے مشروط ٹھہرایا اور اس صورت میں جب مرد ایک سے زائد بیویوں میں عدل قائم نہ رکھ سکیں، اُنہیں ایک ہی نکاح کرنے کی تلقین کی:

وَ اِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتٰمٰى فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَ ثُلٰثَ وَ رُبٰعَ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ذٰلِكَ اَدْنٰى اَلَّا تَعُوْلُوْا٥(۲)

''اور اگر تمہیں اندیشہ ہو کہ تم یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف نہ کرسکو گے تو ان عورتوں سے نکاح کرو جو تمہارے لیے پسندیدہ اور حلال ہوں، دو دو اور تین تین اور چار چار (مگر یہ اجازت بشرط عدل ہے) پھر اگر تمہیں اندیشہ ہو کہ تم (زائد بیویوں میں) عدل نہیں کرسکو گے تو صرف ایک ہی عورت سے (نکاح

(۱) القرآن، النور، ۲۴: ۳۲

(۲) القرآن، النساء، ۴: ۳

Marfat.com

کرو) یا وہ کنیزیں جو (شرعاً) تمہاری ملکیت میں آئی ہوں یہ بات اس سے قریب تر ہے کہ تم سے ظلم نہ ہو۔"

وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْا اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ النِّسَآءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوْهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ط وَ اِنْ تُصْلِحُوْا وَ تَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا۝ (۱)

"اور تم ہرگز اس بات کی طاقت نہیں رکھتے کہ (ایک سے زائد) بیویوں کے درمیان (پورا پورا) عدل کرسکو اگرچہ تم کتنا ہی چاہو۔ پس (ایک کی طرف) پورے میلانِ طبع کے ساتھ (یوں) نہ جھک جاؤ کہ دوسری کو (درمیان میں) لٹکتی ہوئی چیز کی طرح چھوڑ دو۔ اور اگر تم اصلاح کرلو اور (حق تلفی و زیادتی سے) بچتے رہو تو اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔"

ان آیات مبارکہ سے واضح ہے کہ اسلام کا رجحان یک زوجگی کی طرف ہے اور ان حالات میں جہاں اسلام نے ایک سے زائد شادیوں کی اجازت دی ہے اسے عدل و مساوات سے مشروط ٹھہرایا ہے کہ مرد ان تمام معاملات میں جو اس کے بس میں ہیں مثلاً غذا، لباس، مکان، شب باشی اور حسن معاشرت میں سب کے ساتھ عدل کا سلوک کرے۔ گویا ایک سے زائد شادیوں کا قرآنی فرمان حکم نہیں بلکہ اجازت ہے جو بعض حالات میں ناگزیر ہوجاتی ہیں جنگ، حادثات، طبی اور طبعی حالات بعض اوقات ایسی صورت پیدا کردیتے ہیں کہ معاشرے میں اگر ایک سے زائد شادیوں پر پابندی عائد ہو تو وہ سنگین سماجی مشکلات کا شکار ہوجائے جس کے اکثر نظائر ان معاشروں میں دیکھے جاسکتے ہیں جہاں ایک سے زیادہ شادیوں پر قانونی پابندی ہوتی ہے۔ تاہم یہ اسلام کا تصور عدل ہے۔ وہ معاشرہ جہاں ظہور اسلام سے قبل دس دس شادیاں کرنے کا رواج تھا اور ہر طرح کی جنسی بے اعتدالی عام تھی اسلام نے اسے حرام ٹھہرایا اور شادیوں کو صرف چار تک محدود کر کے عورت کے تقدس اور سماجی حقوق کو تحفظ عطا کردیا۔

(۱) القرآن، النساء، ۴: ۱۲۹

Marfat.com

## (۲) خیارِ بلوغ کا حق

نابالغ لڑکی یا لڑکے کا بلوغت سے قبل ولی کے کیے ہوئے نکاح کو بالغ ہونے پر رد کر دینے کا اختیار 'خیارِ بلوغ' کہلاتا ہے۔ اسلام نے خواتین کو ازدواجی حقوق عطا کرتے ہوئے خیارِ بلوغ کا حق عطا کیا جو اسلام کے نزدیک انفرادی حقوق کے باب میں ذاتی اختیار کی حیثیت رکھتا ہے۔ احناف کے نزدیک اگر کسی ولی نے نابالغ لڑکے یا لڑکی کا نکاح کیا ہو تو وہ لڑکا یا لڑکی بالغ ہونے پر خیارِ بلوغ کا حق استعمال کر کے نکاح ختم کر سکتے ہیں۔

جس طرح بالغ خاتون کو یہ اختیار حاصل ہے کہ اگر ولی نے اس کی اجازت کے بغیر اس کا نکاح کیا ہو تو عدم رضا کی بناء پر اسے اس نکاح کو تسلیم نہ کرنے اور باطل قرار دینے کا اختیار حاصل ہے، اسی طرح ایک نابالغہ کو بھی جس کا نکاح نابالغی کے زمانہ میں کسی ولی نے کیا ہو، بلوغ کے بعد عدم رضا کی بناء پر خیار بلوغ حاصل ہے۔

خیارِ بلوغ کے حق کی بناء پر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ایک حدیث مبارکہ ہے جس میں قدامہ بن مظعون نے اپنی بھتیجی اور حضرت عثمان بن مظعون کی صاحب زادی کا نکاح حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے کر دیا تھا اور وہ لڑکی بوقت نکاح نابالغ تھی۔ بلوغت کے بعد اُس لڑکی نے حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر اس نکاح کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا:

**عن عبداللہ بن عمر، قال: توفي عثمان بن مظعون، و ترک ابنة له من خويلة بنت حكيم بن أمية بن حارثة بن الأوقص، قال: و أوصى إلى أخيه قدامة بن مظعون، قال عبداللہ: و هما خالاى، قال: فخطبت إلى قدامة بن مظعون ابنة عثمان بن مظعون، فزوجنيها، ودخل المغيرة بن شعبة - يعني إلى أمها - فأرغبها في المال، فحطت إليه، و حطت الجارية إلى هوى أمها، فأبتا، حتى**

Marfat.com

**ارتفع أمرهما إلی رسول اللہ ﷺ، فقال قدامة بن مظعون: یا رسول اللہ! ابنة أخي، أوصی بها إلي، فزوجتها ابن عمتها عبداللہ بن عمر، فلم أقصر بها في الصلاح ولا في الکفاءة، و لکنها امرأة، و إنما حطت إلی هوی أمها۔ قال: فقال رسول اللہ ﷺ: هي یتیمة، ولا تنکح إلا باذنها۔ قال: فانتزعت واللہ مني بعد أن ملکتها، فزوجوها المغیرة۔[1]**

’’عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ عثمان بن مظعون فوت ہوئے اور پسماندگان میں خویلہ بنت حکیم بن امیہ بن حارثہ بن اوقص سے ایک بیٹی چھوڑی اور اپنے بھائی قدامہ بن مظعون کو وصیت کی۔ راوی عبداللہ کہتے ہیں: یہ دونوں میرے خالو تھے۔ میں نے قدامہ بن مظعون کو عثمان بن مظعون کی بیٹی سے نکاح کا پیغام بھیجا تو اس نے میرا نکاح اس سے کرا دیا اس کے بعد مغیرہ بن شعبہ اس لڑکی کی ماں کے پاس آیا اور اسے مال کا لالچ دیا۔ وہ عورت اس کی طرف مائل ہوگئی اور لڑکی بھی اپنی ماں کی خواہش کی طرف راغب ہوگئی پھر ان دونوں نے انکار کر دیا یہاں تک کہ ان کا معاملہ رسول اکرم ﷺ کی بارگاہ میں پیش ہوا۔ قدامہ بن مظعون نے عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ میرے بھائی کی بیٹی ہے اور میرے بھائی نے مجھے اس کے متعلق وصیت کی تھی پس میں اس کی شادی اس کے ماموں زاد عبداللہ بن عمر سے کر دی۔ میں نے اس کی بھلائی اور کفو میں کوئی کمی نہ کی لیکن یہ عورت اپنی ماں کی خواہش کی طرف مائل ہوگئی اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وہ یتیم ہے، لہٰذا اس کا نکاح اس کی

(۱) ۱۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲: ۱۳۰، رقم: ۶۱۳۶

۲۔ دارقطنی، السنن، ۳: ۲۳۰

۳۔ بیہقی، السنن الکبری، ۷: ۱۱۳، ۱۲۰، رقم: ۱۳۴۴۴، ۱۳۴۷۰

۴۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۴: ۲۸۰

Marfat.com

اجازت کے بغیر نہیں کیا جا سکتا۔ راوی کہتے ہیں: اس کے بعد میرا اس کے مالک بننے کا جھگڑا ہی ختم ہوگیا اور اس نے مغیرہ سے شادی کر لی۔"

ایک دوسری سند کے ساتھ مروی حدیث مبارکہ میں ان الفاظ کا اضافہ ہے:

فأمره النبی ﷺ أن يفارقها، وقال: لا تنكحوا اليتامیٰ حتی تستأمروهن فإن سكتن فهو إذنهن۔[1]

"پس حضور نبی اکرم ﷺ نے اس کی علیحدگی کا حکم دیا اور فرمایا: یتیم بچیوں کا نکاح ان کے اجازت کے بغیر نہ کیا جائے پس اگر وہ خاموش رہیں تو وہی ان کی اجازت ہے۔"

## (۳) مہر کا حق

اسلام نے عورت کو ملکیت کا حق عطا کیا۔ عورت کے حق ملکیت میں جہیز اور مہر کا حق بھی شامل ہے۔ قرآن حکیم نے مردوں کو نہ صرف عورت کی ضروریات کا کفیل بنایا بلکہ اُنہیں تلقین کی کہ اگر وہ مہر کی شکل میں ڈھیروں مال بھی دے چکے ہوں تو واپس نہ لیں، کیونکہ وہ عورت کی ملکیت بن چکا ہے:

وَاِنْ اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ وَّاٰتَيْتُمْ اِحْدٰهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْئًا ؕ اَتَاْخُذُوْنَهٗ بُهْتَانًا وَّ اِثْمًا مُّبِيْنًا ○[2]

"اور اگر تم ایک بیوی کے بدلے دوسری بیوی بدلنا چاہو اور تم اسے ڈھیروں مال دے چکے ہو تب بھی اس میں سے کچھ واپس مت لو، کیا تم بہتان تراشی کے ذریعے اور کھلا گناہ کر کے وہ مال واپس لو گے ○"

---

(۱) بیہقی، السنن الکبری، ۷: ۱۲۱

(۲) القرآن، النساء، ۴: ۲۰

Marfat.com

لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ اَوْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ فَرِيْضَةً وَّ مَتِّعُوْهُنَّ عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ مَتَاعًا بِالْمَعْرُوْفِ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ ○(۱)

’’تم پر اس بات میں (بھی) کوئی گناہ نہیں کہ اگر تم نے (اپنی منکوحہ) عورتوں کو ان کے چھونے یا ان کے مہر مقرر کرنے سے بھی پہلے طلاق دے دی ہے تو انہیں (ایسی صورت میں) مناسب خرچہ دیدو، وسعت والے پر اس کی حیثیت کے مطابق (لازم) ہے اور تنگدست پر اس کی حیثیت کے مطابق (بہرطور) یہ خرچ مناسب طریق پر دیا جائے، یہ بھلائی کرنے والوں پر واجب ہے○‘‘

## (۴) حقوقِ زوجیت

مرد پر یہ ذمہ داری بھی عائد ہوتی ہے کہ وہ حتی الوسع حقوق زوجیت ادا کرنے سے دریغ نہ کرے۔ جاہلیت میں یہ رواج تھا کہ اگر خاوند بیوی کو دق کرنا چاہتا تو قسم کھا لیتا کہ میں بیوی سے مقاربت نہیں کروں گا اسے اصطلاح میں ایلاء کہتے ہیں۔ اس طرح عورت معلقہ ہو کر رہ جاتی ہے، نہ مطلقہ نہ بیوہ (کہ اور شادی ہی کر سکے) اور نہ شوہر والی۔ کیونکہ شوہر نے اس سے قطع تعلق کر لیا ہے۔ یہ رویہ دُرست نہیں کیونکہ جو چیز اللہ تعالیٰ نے انسان کے لیے حلال ٹھہرائی ہے، انسان کا کوئی حق نہیں کہ اسے اپنے اُوپر حرام قرار دے لے۔ قرآن کہتا ہے:

لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ فَاِنْ فَآءُوْ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ○(۲)

’’جو لوگ اپنی بیویوں کے قریب نہ جانے کی قسم کھالیں تو ان کے لیے چار ماہ

---

(۱) القرآن، البقرہ، ۲: ۲۳۶

(۲) القرآن، البقرہ، ۲: ۲۲۶

Marfat.com

کی مہلت ہے۔ پھر اگر وہ اس مدت کے اندر رجوع کر لیں اور آپس میں ملاپ کر لیں تو اللہ رحمت سے بخشنے والا ہےo''

یعنی اگر بیوی کی کسی غلطی کی وجہ سے تم نے یہ قسم کھائی ہے تو عفو و درگزر کرتے ہوئے اسے معاف کر دو، اور اگر کسی معقول سبب کے بغیر تم نے یوں ہی قسم کھالی تھی تو قسم کا کفارہ دے کر رجوع کر لو۔ اللہ تعالیٰ تمہاری غلطیوں کو بخش دے گا۔ اگر خاوند چار ماہ تک رجوع نہ کرے، تو پھر بعض فقہاء کے نزدیک خود بخود طلاق واقع ہو جائے گی۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

**قال النبی: ﷺ إنک لتصوم الدهر و تقوم الیل. فقلت: نعم، قال: انک اذا فعلت ذلک هجمت له العین، و نفهت له النفس، لا صام من صام الدهر، صوم ثلاثة أیام صوم الدهر کله. قلت: فانی أطیق أکثر من ذلک، قال فصم صوم داؤد علیہ السلام، کان یصوم یوما و یفطر یوما۔**(۱)

(۱) ۱۔ بخاری، الصحیح، کتاب الصوم، باب صوم داود، ۲:۶۹۸، رقم: ۱۸۷۸

۲۔ مسلم، الصحیح، کتاب الصوم، باب نهی عن صوم الدهر، ۲:۸۱۳، رقم: ۱۱۵۹

۳۔ ترمذی، السنن، کتاب الصوم عن رسول اللہ، باب ما جاء فی سرد الصوم، ۳:۱۴۰، رقم: ۷۷۰

۴۔ دارمی، السنن، ۲:۳۳، رقم: ۱۷۵۲

۵۔ ابن حبان، الصحیح، ۶:۳۲۵، رقم: ۲۵۹۰، ۱۴:۱۱۸، رقم: ۶۲۲۶

۶۔ ابن خزیمه، الصحیح، ۲:۱۸۱، رقم: ۱۱۴۵

۷۔ بیهقی، السنن الصغری، ۱:۴۷۷، رقم: ۸۳۸

۸۔ هیثمی، مجمع الزوائد، ۳:۱۹۳

۹۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۳:۵۳۰

Marfat.com

''حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم ہمیشہ روزہ رکھتے اور ہمیشہ قیام کرتے ہو؟ میں عرض گزار ہوا: جی۔ فرمایا: اگر ایسا کرتے رہو گے تو تمہاری آنکھوں میں گڑھے پڑ جائیں گے اور تمہارا جسم بے جان ہو جائے گا، نیز ہر مہینے میں تین روزے رکھنا گویا ہمیشہ روزہ رکھنا ہے۔ میں نے عرض کیا: میں اس سے زیادہ کی طاقت رکھتا ہوں۔ فرمایا: داؤد علیہ السلام والے روزے رکھ لیا کرو جو ایک دن روزہ رکھتے اور ایک دن نہیں رکھتے تھے اور جب دشمن سے مقابلہ ہوتا تو پیٹھ نہیں دکھاتے تھے۔''

عبادت میں زیادہ شغف بھی بیوی سے بے توجہی کا باعث ہوسکتا ہے۔ اگر خاوند دن بھر روزہ رکھے اور راتوں کو نمازیں پڑھتا رہے تو ظاہر ہے کہ وہ بیوی کے حقوق ادا کرنے سے قاصر رہے گا۔ حضور اکرم ﷺ نے اسی لیے صوم وصال یعنی روزے پر روزہ رکھنے سے منع فرمایا ہے اور زیادہ سے زیادہ صوم داؤدی کی اجازت دی ہے کہ ایک دن روزہ رکھو، ایک دن نہ رکھو۔

اسی طرح عبادت میں بھی اعتدال کا حکم فرمایا:

**عن عون بن ابی حجیفه، عن ابیه قال: اخی النبی ﷺ بین سلمان و ابی الدرداء فزار سلمان ابا الدرداء فرأی ام الدرداء متبذلة، فقال لها: ماشانک؟ قالت: اخوک ابو الدرداء لیس له حاجة فی الدنیا، فجاء ابو الدرداء فصنع له طعاما، فقال: کل. قال: فانی صائم، قال: ما انا باکل حتی تاکل، قال: فاکل، فلما کان اللیل ذهب ابو الدرداء یقوم. قال: نم، فنام ثم ذهب یقوم. فقال: نم، فلما کان من اخر اللیل قال سلمان، قم الان فصلیا. فقال له سلمان: ان لربک علیک حقا ولنفسک علیک حقا ولاهلک علیک حقا فاعط کل ذی حق حقه. فاتی النبی ﷺ**

Marfat.com

فذکر ذلک له فقال النبی ﷺ: صدق سلمان۔ (۱)

’’حضرت ابوجحیفہ ﷜ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے حضرت سلمان فارسی اور حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہما کے درمیان بھائی چارہ کرا دیا تھا۔ حضرت سلمان ایک روز حضرت ابودرداء ﷜ کے مکان پر گئے۔ اُم درداء کو غمگین دیکھا تو حضرت سلمان ﷜ نے ان سے پوچھا: کہو، یہ کیا حال کر رکھا ہے؟ اُم درداء کہنے لگیں: تمہارے بھائی ابودرداء کو دُنیا کی ضرورت نہیں ہے۔ اتنے میں ابودرداء آ گئے، کھانا تیار کروایا گیا اور کہا کہ آپ کھائیں۔ سلمان بولے میرا روزہ ہے۔ ابودرداء نے کہا جب تک تم نہیں کھاؤ گے میں بھی نہیں کھاؤں گا۔ جب رات ہوئی (اور دونوں نے کھانا کھا لیا) تو ابودرداء نماز کے لیے اُٹھنے لگے۔ سلمان بولے سو جاؤ۔ اس پر ابودرداء سو گئے۔ (رات گئے پھر کسی وقت) اُٹھے اور (نماز کے لیے) جانے لگے تو سلمان نے پھر کہا سو جاؤ۔ ابودرداء پھر سو گئے۔ اخیر رات میں سلمان نے کہا، اب اُٹھو۔ چنانچہ دونوں نے اُٹھ کر نماز ادا کی۔ پھر سلمان کہنے لگے، تمہارے رب کا بھی تم پر حق ہے، اور نفس کا بھی، اور گھر والوں کا بھی۔ لہٰذا ہر ایک حقدار کا حق ادا کرو۔ دن میں جب ابودرداء حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ ﷺ سے اس کا تذکرہ کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: سلمان نے سچ کہا۔‘‘

---

(۱) ۱۔ بخاری، الصحیح، کتاب الصوم، باب من أقسم علی أخیه، ۲: ۶۹۴، رقم: ۱۸۶۷

۲۔ ترمذی، السنن، کتاب الزهد، باب منه، ۴: ۶۰۸، رقم: ۲۴۱۳

۳۔ ابویعلیٰ، المسند، ۲: ۱۹۳، رقم: ۸۹۸

۴۔ واسطی، تاریخ واسط، ۱: ۲۳۳

۵۔ ابن عبدالبر، الاستیعاب، ۲: ۶۳۷

۶۔ زیلعی، نصب الرایة، ۲: ۴۶۵

Marfat.com

اسی طرح کا واقعہ حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ سے متعلق بیان ہوا ہے۔ حضرت عثمان بہت عبادت گزار اور راہبانہ زندگی بسر کرنے والے تھے۔ ایک دن ان کی بیوی خولہ بنت حکیم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئیں، تو انہوں نے دیکھا کہ وہ ہر طرح کے زنانہ بناؤ سنگھار سے عاری ہیں۔ پوچھا کہ کیا سبب ہے؟ بولیں کہ میرے میاں دن بھر روزہ رکھتے ہیں، رات بھر نمازیں پڑھتے ہیں۔ میں سنگھار کس کے لیے کروں؟ جب آپ ﷺ تشریف لائے تو حضرت عائشہ نے قصہ بیان کیا۔ اس پر حضور علیہ السلام عثمان کے پاس گئے اور ان سے فرمایا:

یا عثمان! ان الرهبانية لم تكتب علينا، أفمالك فيّ أسوة؟(۱)

''عثمان ہمیں رہبانیت کا حکم نہیں ہوا ہے۔ کیا تمہارے لیے میرا طرزِ زندگی پیروی کے لائق نہیں؟''

آپ ﷺ نے اس بارے میں صحابہ سے خاص طور پر فرمایا:

والله! انی لأخشاكم لله و اتقاكم له لكنی اصوم وافطر واصلی وارقد، واتزوج النساء فمن رغب عن سنتی فليس منی۔(۲)

---

(۱) ۱۔ احمد بن حنبل، المسند، ۶:۲۲۶، رقم: ۲۵۹۳۵
۲۔ ابن حبان، الصحیح، ۱:۱۸۵، رقم: ۹
۳۔ عبدالرزاق، المصنف، ۶:۱۶۸، رقم: ۱۰۳۷۵
۴۔ عبدالرزاق، المصنف، ۷:۱۵۰، رقم: ۱۲۵۹۱
۵۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۹:۳۸، رقم: ۸۳۱۹
۶۔ ہیثمی، موارد الظمآن، ۱:۳۱۳، رقم: ۱۲۸۸
۷۔ ابن جوزی، صفوة الصفوہ، ۱:۴۵۲

(۲) ۱۔ بخاری، الصحیح، کتاب النکاح، باب ترغیب النکاح، ۵: ۱۹۴۹، رقم: ۴۷۷۶

Marfat.com

''خدا کی قسم، میں تمہاری نسبت خدا سے بہت زیادہ ڈرتا ہوں اور بہت متقی ہوں۔ اس کے باوجود روزہ بھی رکھتا ہوں، اور افطار بھی کرتا ہوں۔ نماز بھی پڑھتا ہوں، سوتا بھی ہوں اور عورتوں سے نکاح بھی کرتا ہوں۔ پس جو میری سنت سے روگردانی کرے گا، وہ میرے طریقے پر نہیں۔''

اس کے مقابلے میں عورت کو بھی یہ حکم دیا کہ وہ شوہر کی اجازت کے بغیر نفلی روزہ نہ رکھے۔ ارشاد فرمایا:

لا تصوم المرأة وبعلها شاهد إلا باذنه۔ (۱)

---

...... ۲۔ مسلم، الصحیح، کتاب النکاح، باب استحباب النکاح، ۲: ۱۰۲۰، رقم: ۱۴۰۱

۳۔ نسائی، السنن، کتاب النکاح، باب النهی عن التبتل، ۲: ۶۰، رقم: ۳۲۱۷

۴۔ ابن حبان، الصحیح، ۱: ۱۹۰، رقم: ۱۴

۵۔ ابن حبان، الصحیح، ۲: ۲۰، رقم: ۳۱۷

۶۔ بیهقی، السنن الکبریٰ، ۷: ۷۷، رقم: ۱۳۲۲۶

۷۔ احمد بن حنبل، مسند، ۲: ۱۵۸، رقم: ۶۴۷۸

۸۔ عبد بن حمید، مسند، ۱: ۳۹۲، رقم: ۱۳۱۸

۹۔ بیهقی، شعب الایمان، ۴: ۳۸۱، رقم: ۵۳۷۷

۱۰۔ منذری، الترغیب و الترهیب، ۳: ۳۰، رقم: ۲۹۵۳

۱۱۔ دیلمی، الفردوس بماثور الخطاب، ۴: ۳۵۸، رقم: ۷۰۳۰

۱۲۔ عسقلانی، فتح الباری، ۹: ۱۰۵

(۱) ۱۔ بخاری، الصحیح، کتاب الصوم، باب صوم المرأة، ۵: ۱۹۹۳، رقم: ۴۸۹۶

۲۔ ترمذی، الجامع الصحیح، کتاب الصوم، باب ما جاء فی کراهیة، ۳: ۱۵۱، رقم: ۷۸۲

Marfat.com

"اپنے خاوند کی موجودگی میں عورت (نفلی) روزہ نہ رکھے مگر اس کی اجازت سے۔"

حضور نبی اکرم ﷺ نے بیوی کے حق کی اہمیت کو اپنی سنت مبارکہ سے واضح فرمایا۔ آپ کا طریقہ مبارک یہ تھا کہ کسی سفر یا غزوہ پر تشریف لے جاتے تو بیویوں میں قرعہ ڈالتے اور جس کے نام قرعہ نکل آتا، اُسے ساتھ لے جاتے۔[1]

ایک رات حضرت عمر ﷺ حسبِ معمول شہر میں گشت کر رہے تھے کہ اُنہوں نے ایک عورت کی زبان سے یہ شعر سنے:

تطاول هذا الليل تسرى كواكبه
وارّقنى ان لاضجيع ألاعبه
فوالله لولا الله تخشى عواقبه
لَزُحزِحَ من هذا السرير جوانبه[2]

(یہ رات کس قدر لمبی ہو گئی ہے۔ اور اس کے کنارے کس قدر چھوٹے ہو گئے

---

۳۔ ابوداؤد، السنن، کتاب الصوم، باب المرأة تصوم، ۲: ۲۳۰، رقم: ۲۴۵۸

۴۔ نسائی، السنن الکبریٰ، ۲: ۲۴۷، رقم: ۳۲۸۹

۵۔ دارمی، السنن، ۲: ۲۱، رقم: ۱۷۲۰

۶۔ ابن حبان، الصحیح، ۸: ۳۳۹، رقم: ۳۵۷۲

۷۔ ابن خزیمہ، الصحیح، ۳: ۳۱۹، رقم: ۲۱۶۸

۸۔ حاکم، المستدرک، ۴: ۱۹۱، رقم: ۷۳۲۹

۹۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۴: ۱۹۲، رقم: ۷۶۳۹

۱۰۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۳: ۲۰۰

(۱) بخاری، الصحیح، کتاب النکاح، باب القرعة بین النساء، ۵: ۱۹۹۹، رقم: ۴۹۱۳

(۲) سیوطی، تاریخ الخلفاء: ۱۳۹

Marfat.com

ہیں اور میں رو رہی ہوں کہ میرا شوہر میرے پاس نہیں ہے کہ اس کے ساتھ ہنس کھیل کر اس رات کو گزار دوں۔ خدا کی قسم خدا کا ڈر نہ ہوتا تو اس تخت کے پائے ہلا دیئے جاتے۔)

حضرت عمر ﷛ نے یہ سُن کر افسوس کیا اور فوراً اپنی صاحبزادی اُم المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئے اور پوچھا بیٹی! ایک عورت شوہر کے بغیر کتنے دن گزار سکتی ہے؟ اُنہوں نے جواب دیا: ''چار ماہ۔'' اس کے بعد حضرت عمر ﷛ نے یہ حکم جاری کر دیا کہ کوئی شخص چار ماہ سے زیادہ فوج کے ساتھ باہر نہ رہے۔ خود قرآن حکیم نے یہ معیاد مقرر کی ہے:

لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ فَاِنْ فَآءُوْ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ○(۱)

''جو لوگ اپنی بیویوں کے قریب نہ جانے کی قسم کھالیں، ان کے لیے چار مہینے کی مہلت ہے۔ پھر اگر وہ (اس مدت کے اندر) رجوع کر لیں (اور آپس میں میل ملاپ کر لیں) تو اللہ رحمت سے بخشنے والا ہے○''

گویا یہاں قرآن حکیم نے اس امر کو واضح کر دیا کہ خاوند اور بیوی زیادہ سے زیادہ چار ماہ تک علیحدہ رہ سکتے ہیں، اس سے تجاوز نہیں کر سکتے۔ اگر وہ اس دوران صلح کر لیں تو درست ہے۔ اس سے زیادہ بیوی اور شوہر کا الگ الگ رہنا دونوں کے لیے جسمانی، روحانی اور اخلاقی لحاظ سے مضر ہے۔ یہی حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے جواب کا مقصود تھا اور اسی کے مطابق حضرت عمر ﷛ نے حکم نافذ کیا۔

## (۵) کفالت کا حق

مرد کو عورت کی جملہ ضروریات کا کفیل بنایا گیا ہے۔ اس میں اُس کی خوراک،

(۱) القرآن، البقرہ، ۲: ۲۲۶

Marfat.com

سکونت، لباس، زیورات وغیرہ شامل ہیں:

اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَّ بِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ۔ (۱)

''مرد عورتوں پر محافظ و منتظم ہیں اس لیے کہ اللہ نے ان میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے، اور اس وجہ سے (بھی) کہ مرد (ان پر) اپنے مال خرچ کرتے ہیں۔''

وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ؕ وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا لَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌۢ بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ وَ عَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ ۚ فَاِنْ اَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ؕ وَ اِنْ اَرَدْتُّمْ اَنْ تَسْتَرْضِعُوْا اَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِذَا سَلَّمْتُمْ مَّا اٰتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ○ (۲)

''اور مائیں اپنے بچوں کو دو برس تک دودھ پلائیں یہ (حکم) اس کے لیے ہے جو دودھ پلانے کی مدت پوری کرنا چاہے، اور دودھ پلانے والی ماؤں کا کھانا اور پہننا دستور کے مطابق بچے کے باپ کے ذمہ ہے، کسی جان کو اس کی طاقت سے بڑھ کر تکلیف نہ دی جائے (اور) نہ ماں کو اس کے بچے کے باعث نقصان پہنچایا جائے اور نہ باپ کو اس کی اولاد کے سبب سے، اور وارثوں پر بھی یہی حکم عائد ہوگا، پھر اگر ماں باپ دونوں باہمی رضامندی اور مشورے سے (دو برس سے پہلے ہی) دودھ چھڑانا چاہیں تو ان پر کوئی گناہ نہیں، اور پھر اگر تم اپنی

(۱) القرآن، النساء، ۴: ۳۴

(۲) القرآن، البقرہ، ۲: ۲۳۳

Marfat.com

اولاد کو (دایہ سے) دودھ پلانے کا ارادہ رکھتے ہو تب بھی تم پر کوئی گناہ نہیں جبکہ جو تم دستور کے مطابق دیتے ہو انہیں ادا کر دو، اور اللہ سے ڈرتے رہو اور یہ جان لو کہ بے شک جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُسے خوب دیکھنے والا ہےo"

وَ لِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِیْنَo (۱)

"اور طلاق یافتہ عورتوں کو بھی مناسب طریقے سے خرچ دیا جائے، یہ پرہیزگاروں پر واجب ہےo"

یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَ اَحْصُوا الْعِدَّةَ ۚ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ ۚ لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْۢ بُیُوْتِهِنَّ وَ لَا یَخْرُجْنَ اِلَّاۤ اَنْ یَّاْتِیْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَیِّنَةٍ ؕ (۲)

"اے نبی! (مسلمانوں سے فرما دیں) جب تم عورتوں کو طلاق دینا چاہو تو اُن کے طہر کے زمانہ میں انہیں طلاق دو اور عِدّت کو شمار کرو، اور اللہ سے ڈرتے رہو جو تمہارا رب ہے، اور انہیں اُن کے گھروں سے باہر مت نکالو اور نہ وہ خود باہر نکلیں سوائے اس کے کہ وہ کھلی بے حیائی کر بیٹھیں۔"

اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَیْثُ سَكَنْتُمْ مِّنْ وُّجْدِكُمْ وَ لَا تُضَآرُّوْهُنَّ لِتُضَیِّقُوْا عَلَیْهِنَّ ؕ وَ اِنْ كُنَّ اُولَاتِ حَمْلٍ فَاَنْفِقُوْا عَلَیْهِنَّ حَتّٰى یَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ فَاِنْ اَرْضَعْنَ لَكُمْ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ۚ وَ اْتَمِرُوْا بَیْنَكُمْ بِمَعْرُوْفٍ ۚ وَ اِنْ تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهٗۤ اُخْرٰىo لِیُنْفِقْ ذُوْ سَعَةٍ مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَ مَنْ قُدِرَ عَلَیْهِ رِزْقُهٗ فَلْیُنْفِقْ مِمَّاۤ اٰتٰىهُ اللّٰهُ ؕ لَا یُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا مَاۤ اٰتٰىهَا ؕ سَیَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ یُّسْرًاo (۳)

(۱) القرآن، البقرہ، ۲: ۲۴۱

(۲) القرآن، الطلاق، ۶۵: ۱

(۳) القرآن، الطلاق، ۶۵: ۶، ۷

Marfat.com

’’تم اُن (مطلّقہ) عورتوں کو وہیں رکھو جہاں تم اپنی وسعت کے مطابق رہتے ہو اور انہیں تکلیف مت پہنچاؤ کہ اُن پر (رہنے کا ٹھکانا) تنگ کر دو، اور اگر وہ حاملہ ہوں تو اُن پر خرچ کرتے رہو یہاں تک کہ وہ اپنا بچہ جَن لیں، پھر اگر وہ تمہاری خاطر (بچے کو) دودھ پلائیں تو انہیں اُن کا معاوضہ ادا کرتے رہو، اور آپس میں (ایک دوسرے سے) نیک بات کا مشورہ (حسبِ دستور) کر لیا کرو، اور اگر تم باہم دشواری محسوس کرو تو اسے (اب کوئی) دوسری عورت دودھ پلائے گی○ صاحبِ وسعت کو اپنی وسعت (کے لحاظ) سے خرچ کرنا چاہیے، اور جس شخص پر اُس کا رِزق تنگ کر دیا گیا ہو تو وہ اُسی (روزی) میں سے (بطورِ نفقہ) خرچ کرے جو اُسے اللہ نے عطا فرمائی ہے۔ اللہ کسی شخص کو مکلّف نہیں ٹھہراتا مگر اسی قدر جتنا کہ اُس نے اسے عطا فرما رکھا ہے، اللہ عنقریب تنگی کے بعد کشائش پیدا فرما دے گا○‘‘

حضور نبی اکرم ﷺ نے احادیث مبارکہ میں عورت کے اس حق کی پاسداری کی تلقین فرمائی:

۱۔ فاتقوا اللہ فی النساء فإنکم اخذتموھن بامان اللہ واستحللتم فروجھن بکلمۃ اللہ، ولکم علیھن ان لا یوطئن فرشکم احدا تکرھونہ، فان فعلن ذلک فاضربوھن ضربا غیر مبرح، ولھن علیکم رزقھن و کسوتھن بالمعروف۔[1]

---

(۱) ۱۔ مسلم، الصحیح، کتاب الحج، باب حجۃ النبی ﷺ، ۲: ۸۸۹، رقم: ۱۲۱۸

۲۔ ابن ماجہ، السنن، کتاب المناسک، باب حجۃ رسول اللہ ﷺ، ۲: ۱۰۲۵، رقم: ۳۰۷۴

۳۔ ابن حبان، الصحیح، ۴: ۳۱۱، ۹: ۲۵۷

Marfat.com

''عورتوں کے معاملے میں اللہ سے ڈرتے رہو کیونکہ تم نے انہیں اللہ کی امانت کے طور پر اپنے ماتحت کیا ہے اور اللہ کے کلمہ (نکاح) سے انہیں اپنے لیے حلال کیا ہے۔ ان پر تمہارا حق یہ ہے کہ وہ کسی آدمی کو تمہارا بستر نہ روندنے دیں جسے تم ناپسند کرتے ہو۔ اگر وہ ایسا کریں تو تم اُن کو ایسی سزا دو جس سے چوٹ نہ لگے اور ان کا تمہارے اوپر یہ حق ہے کہ تم انہیں دستور (شرعی) کے موافق خوراک اور لباس فراہم کرو۔''

۲۔ حکیم بن معاویہ ﷛ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں:

**أن رجلا سأل النبی ﷺ: ما حق المرأة علی الزوج؟ قال: أن يطعمها إذا طعم، و أن يكسوها إذا اكتسی، ولا يضرب الوجه،**

---

........ ۴۔ دارمی، السنن، ۲:۶۹، رقم: ۱۸۵۰

۵۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۳:۳۳۶، رقم: ۱۴۷۰۶

۶۔ عبد بن حمید، المسند، ۱:۳۴۳، رقم: ۱۱۳۵

۷۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۷:۱۴۴، رقم: ۱۳۶۰۱

۸۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۷:۲۹۵، رقم: ۱۴۵۰۲

۹۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۱:۲۷۲

۱۰۔ ابن حزم، المحلی، ۹:۵۱۰، ۱۰:۷۲

۱۱۔ ابن قدامہ، المغنی، ۳:۲۰۳

۱۲۔ اندلسی، حجة الوداع، ۱:۱۶۹، رقم: ۹۲

۱۳۔ محمد بن اسحاق، اخبار مکة، ۳:۱۲۷، رقم: ۱۸۹۱

۱۴۔ ابونعیم، المسند، ۳:۳۱۸، رقم: ۲۸۲۸

۱۵۔ ابوطیب، عون المعبود، ۵:۲۶۳

۱۶۔ ابن حبان، الثقات، ۲:۱۲۸

۱۷۔ اندلسی، تحفة المحتاج، ۲:۱۶۱

Marfat.com

ولا يقبح، ولا يهجر إلا في البيت۔(۱)

''ایک آدمی نے بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں عرض کیا: عورت کا خاوند پر کیا حق ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جب خود کھائے تو اسے بھی کھلائے، جب خود پہنے تو اسے بھی پہنائے، اس کے منہ پر نہ مارے، اُسے برا نہ کہے اور گھر کے علاوہ تنہا کہیں نہ چھوڑے۔''

۳۔ حضرت ابوسفیان ﷺ کی بیوی ہندہ کے اپنے خاوند کی کنجوسی کی شکایت کرنے پر آپ ﷺ نے فرمایا:

خذي ما يكفيك و ولدك بالمعروف۔(۲)

---

(۱) ۱۔ ابن ماجہ، السنن، کتاب النکاح، باب حق المرأۃ، ۱: ۵۹۳، رقم: ۱۸۵۰

۲۔ ابو داؤد، السنن، کتاب النکاح، باب في حق المرأۃ، ۲: ۲۴۴، رقم: ۲۱۴۲

۳۔ ترمذی، الجامع الصحیح، کتاب الرضاع، باب ماجاء في حق المرأۃ، ۳: ۴۶۶، رقم: ۱۱۶۲

۴۔ نسائی، السنن الکبری، ۵: ۳۷۳، رقم: ۱۹۷۱

۵۔ نسائی، السنن الکبری، ۶: ۳۲۳، رقم: ۱۱۱۰۴

۶۔ ابن حبان، الصحیح، ۹: ۴۸۲، رقم: ۴۱۷۵

۷۔ بیہقی، السنن الکبری، ۷: ۲۹۵

۸۔ ہیثمی، موارد الظمآن: ۳۱۳، رقم: ۱۲۸۶

(۲) ۱۔ بخاری، الصحیح، کتاب النفقات، باب إذا لم ینفق الرجل، ۵: ۲۰۵۲، رقم: ۵۰۴۹

۲۔ ابن ماجہ، السنن، کتاب التجارات، باب التغلیظ في الرباء ۲: ۷۶۹، رقم: ۲۲۹۳

←

Marfat.com

”تو (ابوسفیان کے مال سے) اتنا مال لے سکتی ہے جو تجھے اور تیرے بچوں کے لیے باعزت طور پر کافی ہو۔“

اگر نفقہ واجب نہ ہوتا تو آپ ﷺ اسے ابوسفیان کی اجازت کے بغیر مال لینے کی اجازت نہ فرماتے۔

مسلم فقہاء نے عورت کے اس حق کو نہ صرف قرآن وسنت بلکہ اجماع و عقلی طور پر بھی ثابت قرار دیا۔ الکاسانی کے مطابق:

”جہاں تک اجماع سے وجوبِ نفقہ کا معاملہ ہے تو اس سلسلے میں پوری امت کا اجماع ہے کہ خاوند پر بیوی کا نفقہ واجب ہے۔

”عقلی طور پر شوہر پر بیوی کا نفقہ واجب ہونا اس طرح ہے کہ وہ خاوند کے حق کے طور پر اس کی قید نکاح میں ہے۔ دوسرے یہ کہ اس کی قید نکاح کا نفع بھی خاوند ہی کو لوٹ رہا ہے لہٰذا اس کی کفالت بھی خاوند کے ذمہ ہی ہونی چاہیے۔ اگر اس کی کفالت کی ذمہ داری خاوند پر نہ ڈالی جائے اور نہ وہ خود خاوند کے حق کے باعث باہر نکل کر کما سکے تو اس طرح وہ ہلاک ہو جائے گی لہٰذا اس کا نفقہ خاوند کے ذمہ ہے چنانچہ یہی وجہ ہے کہ قاضی کا خرچہ مسلمانوں کے بیت المال سے مقرر کیا گیا ہے کیونکہ وہ انہی کے کام میں محبوس (روکا گیا) ہے اور کسی دوسرے ذریعے سے کمائی نہیں کرسکتا لہٰذا اس کے اخراجات ان کے مال یعنی

---

۳۔ دارمی، السنن، ۲: ۲۱۱، رقم: ۲۲۵۹

۴۔ ابن راهويه، المسند، ۲: ۲۲۴، رقم: ۷۳۲

۵۔ ابويعلیٰ، المسند، ۸: ۹۸، رقم: ۴۶۳۶

۶۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۱۰: ۲۷۰، رقم: ۲۱۸۷

۷۔ ابن سعد، الطبقات الکبریٰ، ۸: ۲۳۷

۸۔ ابن قدامه، المغنی، ۸: ۱۵۶، ۱۶۱؛ ۱۰: ۲۷۶

۹۔ شوکانی، نیل الاوطار، ۷: ۱۳۱

Marfat.com

بیت المال سے وضع کیے جائیں گے۔ اسی طرح یہاں (عورت کے نفقہ میں) ہے۔"(۱)

## (۶) اِعتماد کا حق

عورت کا مرد پر یہ بھی حق ہے کہ وہ عورت پر اعتماد کرے، گھر کے معاملات میں اس سے مشورہ کرتا رہے۔ خود حضور نبی اکرم ﷺ کا عمل اس معاملے میں یہی تھا۔ قرآن حکیم میں ہے:

وَإِذْ اَسَرَّ النَّبِیُّ إِلٰی بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِیْثًا فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ وَاَظْهَرَهُ اللهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ وَ اَعْرَضَ عَنْ بَعْضٍ۔(۲)

"اور جب نبیؐ (مکرّم ﷺ) نے اپنی ایک زوجہ سے ایک رازدارانہ بات ارشاد فرمائی، پھر جب وہ اُس (بات) کا ذکر کر بیٹھیں اور اللہ نے نبی (ﷺ) پر اسے ظاہر فرما دیا تو نبی (ﷺ) نے انہیں اس کا کچھ حصہ جتا دیا اور کچھ حصہ (بتانے) سے چشم پوشی فرمائی۔"

گھریلو معاملات میں عورت، مرد کی راز دان ہے لیکن اگر عورت غلطی یا نادانی سے کوئی خلاف مصلحت کام کر بیٹھے تو مرد کو چاہیے کہ اس کی تشہیر نہ کرے، نہ اسے اعلانیہ ملامت کرے، جس سے معاشرے میں اس کی سبکی ہو۔ عورت کی عزت و وقار کی حفاظت مرد کا فرضِ اوّلین ہے کیونکہ یہ خود اس کی عزت اور وقار ہے۔ عورت کی سبکی اُس کی عزت اور وقار کے مجروح ہونے کا باعث بنتی ہے۔ مرد کو چاہیے کہ اسے اس کی غلطی سے آگاہ کر دے اور آئندہ کے لیے اسے محتاط رہنے کا مشورہ دے۔ قرآن حکیم نے عورت اور مرد کے تعلقات کو ایک نہایت لطیف مثال کے ذریعے بیان کیا ہے۔

(۱) کاسانی، بدائع الصنائع، ۴: ۳۶

(۲) القرآن، التحریم، ۶۶: ۳

Marfat.com

هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ۔ (۱)

''عورتیں تمہارے لیے لباس (کا درجہ رکھتی) ہیں اور تم ان کے لیے لباس (کا درجہ رکھتے) ہو۔''

اور لباس سے متعلق ایک دوسری جگہ کہا:

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا۔ (۲)

''اے لوگو! ہم نے تمہیں لباس دیا ہے، جو تمہارے عیب ڈھانکتا ہے اور تمہاری زینت (اور آرائش کا ذریعہ) ہے۔''

یعنی مرد اور عورت ایک دوسرے کی خامیوں اور کوتاہیوں کا ازالہ کرنے والے ہیں۔ مرد کا فرض ہے کہ وہ عورت کی غلطیوں پر پردہ ڈالے اور عورت کو چاہیے کہ وہ مرد کے نقائص ظاہر نہ ہونے دے۔

## (۷) حسنِ سلوک کا حق

ازدواجی زندگی میں اگر مرد اور عورت کے ایک دوسرے پر حقوق ہیں تو ذمہ داریاں بھی ہیں۔ پہلے مرد کو حکم دیا:

عَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ۔ (۳)

''عورتوں کے ساتھ معاشرت میں نیکی اور انصاف ملحوظ رکھو۔''

اسلام سے پہلے عرب میں عورت کی خاندانی زندگی نہایت قابل رحم تھی۔ قدر و منزلت تو درکنار اسے جانوروں سے زیادہ وقعت نہیں دی جاتی تھی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

(۱) القرآن، البقرہ، ۲: ۱۸۷
(۲) القرآن، الاعراف، ۷: ۲۶
(۳) القرآن، النساء، ۴: ۹

Marfat.com

ان کنا فی الجاهلیة ما نعد للنساء امرا حتی انزل الله تعالی فیهن ما انزل و قسم لهن ما قسم۔[1]

''خدا کی قسم زمانہ جاہلیت میں ہماری نظر میں عورتوں کی کوئی حیثیت نہیں تھی، حتیٰ کہ خدا نے ان سے متعلق جو احکام نازل کرنا چاہے نازل کر دیئے اور جو حقوق ان کے مقرر کرنا تھے، مقرر کر دیئے۔''

اور تو اور عورت، جانوروں اور دوسرے ساز و سامان کی طرح رہن تک رکھی جاسکتی تھی۔[2]

وہ رہن ہی نہیں رکھی جاتی تھی بلکہ فروخت بھی کی جاتی تھی غرضیکہ وہ محض مرد کی خواہشات نفسانی کی تسکین کا ذریعہ تھی اور مرد پر اس کی طرف سے کوئی ذمہ داری عائد نہیں ہوتی تھی۔ اسلام نے بتایا کہ عورت کے بھی مرد پر ایسے ہی حقوق ہیں جیسے مرد کے عورت پر ہیں اور وہ ہر طرح کے انصاف اور نیک سلوک کی حقدار ہے۔

اسلام نے نکاح کو ایک معاہدہ قرار دے کر بھی اس امر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَّاَخَذْنَ مِنْكُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا○[3]

---

(۱) ۱۔ مسلم، الصحیح، کتاب النکاح، باب حکم العزل، ۲: ۱۰۸۸، رقم: ۱۴۷۹

۲۔ بخاری، الصحیح، کتاب تفسیر القرآن، باب تبتغی مرضاة، ۴: ۱۸۸۶، رقم: ۴۶۲۹

۳۔ ابوعوانہ، المسند، ۳: ۱۶۷

۴۔ عسقلانی، فتح الباری، ۸: ۶۵۸، رقم: ۴۶۲۹

۵۔ عسقلانی، فتح الباری، ۹: ۲۸۱

(۲) بخاری، الصحیح، کتاب الرهن، باب رهن السلاح، ۲: ۸۸۷، رقم: ۲۳۷۵

(۳) القرآن، النساء، ۴: ۲۱

Marfat.com

''اور تمہاری عورتیں تم سے مضبوط عہد لے چکی ہیںo''

اس ''مضبوط عہد'' کی تفسیر خود حضور نبی اکرم ﷺ نے حجۃ الوداع کے خطبے میں یوں فرمائی:

اتقوا اللہ فی النساء فانکم اخذتموھن بامانۃ اللہ۔ (1)

''عورتوں کے بارے میں اللہ سے ڈرو، کیونکہ تم نے اُنہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے بطور امانت لیا ہے۔''

گویا نکاح کو ایک امانت قرار دیا ہے اور جیسے ہر ایک معاہدے میں دونوں فریقوں کے کچھ حقوق ہوتے ہیں اور ان پر کچھ ذمہ داریاں بھی عائد ہوتی ہیں، اسی طرح امانت کا حال ہے ۔ چونکہ نکاح ایک معاہدہ اور ایک امانت ہے، اس لیے جیسے مرد کے عورت پر بعض حقوق ہیں، ویسے ہی عورت کی طرف سے اس کے ذمے بعض فرائض بھی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ سب سے پہلے عورتوں سے گھریلو زندگی میں نیکی اور انصاف کا سلوک کرنے کا حکم دیا گیا۔ اس حسن سلوک کی تاکید کرتے ہوئے حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

---

(1) ۱۔ ابوداؤد، السنن، کتاب المناسک، باب صفۃ حجۃ النبی ﷺ، ۲:۱۸۵، رقم: ۱۹۰۵

۲۔ ابن ماجہ، السنن، کتاب المناسک، باب حجۃ رسول اللہ ﷺ، ۲:۱۰۲۵، رقم: ۳۰۷۴

۳۔ نسائی، السنن الکبریٰ، ۲:۴۲۱، رقم: ۴۰۰۱

۴۔ ابن خزیمہ، الصحیح، ۴:۲۵۱، رقم: ۲۸۰۹

۵۔ دارمی، السنن، ۲:۶۹، رقم: ۱۸۵۰

۶۔ عبد بن حمید، المسند، ۱:۳۴۳، رقم: ۱۱۳۵

۷۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۵:۸

۸۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۷:۱۴۴، ۲۹۵، ۳۰۴

۹۔ ابن قدامہ، المغنی، ۳:۲۰۳

Marfat.com

خیر کم خیر کم لأهله۔ (۱)

”تم میں سے اچھا وہی ہے جو اپنے اہل (یعنی بیوی بچوں) کے لیے اچھا ہے۔“

## (۸) تشدد سے تحفظ کا حق

خاوند پر بیوی کا یہ حق ہے کہ وہ بیوی پر ظلم اور زیادتی نہ کرے:

وَلَا تُمۡسِکُوۡهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعۡتَدُوۡا وَمَنۡ یَّفۡعَلۡ ذٰلِکَ فَقَدۡ ظَلَمَ نَفۡسَهٗ وَلَا تَتَّخِذُوۡا آیٰتِ اللهِ هُزُوًا۔ (۲)

”اور ان کو ضرر پہنچانے اور زیادتی کرنے کے لئے نہ روکے رکھو۔ جو ایسا کرے گا اس نے گویا اپنے آپ پر ظلم کیا اور اللہ کے احکام کو مذاق نہ بنا لو۔“

یہ آیت ان احکام سے متعلق ہے جہاں خاوند کو بار بار طلاق دینے اور رجوع کرنے سے منع کیا گیا ہے۔ بعض خاوند بیوی کو دق کرنا چاہتے ہیں اس لئے اسے معروف

---

(۱) ۱۔ ترمذی، الجامع الصحیح، کتاب المناقب، باب فضل أزواج النبی ﷺ، ۵:۷۰۹، رقم: ۳۸۹۵

۲۔ ابن ماجه، السنن، کتاب النکاح، باب حسن معاشرة النساء، ۱: ۶۳۶، رقم: ۱۹۷۷

۳۔ ابن حبان، الصحیح، ۹:۴۸۴، رقم: ۴۱۷۷

۴۔ دارمی، السنن، ۲:۲۱۲، رقم: ۲۲۶۰

۵۔ بزار، المسند، ۳:۲۷۱، رقم: ۹۷۴

۶۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۱۹:۳۶۳، رقم: ۸۵۳

۷۔ قضاعی، مسند الشهاب، ۲:۲۲۷، رقم: ۱۲۴۳

۸۔ بیهقی، السنن الکبریٰ، ۷:۴۶۸

(۲) القرآن، البقرہ، ۲: ۲۳۱

Marfat.com

طریقے سے طلاق دے کر آزاد نہیں کر دیتے، بلکہ طلاق دیتے ہیں اور پھر رجوع کر لیتے ہیں، پھر طلاق دیتے ہیں اور پھر کچھ دن کے بعد رجوع کر لیتے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ عورت ایک دائمی اذیت میں مبتلا رہتی ہے۔ یہ گویا اللہ کے احکام اور رعایتوں سے تمسخر ہے۔ اس سے منع فرمایا گیا کہ ان کو ظلم اور زیادتی کے لئے نہ روک رکھو۔ اس آیت مبارکہ میں یہاں ایک عام اصول بیان کر دیا ہے کہ عورت پر ظلم اور زیادتی نہ کرو۔ ظلم اور زیادتی کی تعیین نہیں کی، کیونکہ یہ جسمانی بھی ہوسکتی ہے، ذہنی اور روحانی بھی۔

## (۹) بچوں کی پرورش کا حق

اس امر میں اُمتِ مسلمہ کا اجماع ہے کہ بچہ کی پرورش کی مستحق سب سے پہلے اُس کی ماں ہے۔ البتہ اس اَمر میں اختلاف ہے کہ بچہ یا بچی کی پرورش کا حق ماں کو کتنی عمر تک رہتا ہے۔ امام ابو حنیفہ کے نزدیک جب بچہ خود کھانے پینے، لباس پہننے اور استنجاء کرنے لگے تو اُس کی پرورش کا حق ماں سے باپ کی طرف منتقل ہو جاتا ہے۔ لڑکے کی اس حالت کو پہنچنے کی عمر کا اندازہ علامہ خصاف نے سات آٹھ سال بیان کیا ہے، البتہ ماں کو لڑکی کی پرورش کا حق اس کے بالغ ہونے تک ہے۔ یہی قول امام ابو یوسف کا ہے۔ امام محمد کے نزدیک جب لڑکی میں نفسانی خواہش ظاہر ہو تو اس وقت تک ماں کو پرورش کا حق حاصل ہے۔ متاخرین احناف نے امام محمد کے قول کو پسند کیا ہے۔[(۱)]

ماں کو بچہ کی پرورش کا حق حاصل ہونے کے بارے میں قرآن کریم میں کوئی آیت ظاہر نص کے طور پر تو موجود نہیں مگر اقتضاء نص کے طور پر فقہاء کرام نے آیتِ رضاعت ...... وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ أَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ أَرَادَ أَنْ يُتِمَّ الرَّضَاعَةَ ...... سے ثابت کیا ہے کہ صغر سنی میں بچہ کی پرورش کا حق ماں کو حاصل ہے۔

---

(۱) ۱۔ داماد آفندی، مجمع الانہر، ۱: ۴۸۱، ۴۸۲
۲۔ کاسانی، بدائع الصنائع، ۴: ۴۲
۳۔ ابن ہمام، فتح القدیر، ۳: ۳۱۶

Marfat.com

فقہاء کرام نے مذکورہ آیت مبارکہ کے ساتھ ساتھ درج ذیل احادیث سے بھی استدلال کیا ہے:

۱۔ جب حضور نبی اکرم ﷺ فتح مکہ کے بعد نکلے تو حمزہ کی بیٹی نے آپ ﷺ کا تعاقب کیا اور آواز دی: اے چچا! اے چچا! پس حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس بچی کا ہاتھ پکڑ لیا اور سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کہا: اپنے چچا کی بیٹی کو لو۔ چنانچہ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے اُسے اُٹھا لیا۔ اس بارے میں حضرت زید، علی اور جعفر رضی اللہ عنہم کا جھگڑا ہو گیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے اسے لے لیا ہے کیونکہ وہ میرے چچا کی بیٹی ہے اور جعفر نے کہا: وہ میرے چچا کی بیٹی ہے اور اس کی خالہ میرے نکاح میں ہے جبکہ زید نے کہا کہ وہ میرے بھائی کی بیٹی ہے۔ پس رسول اکرم ﷺ نے اس کی خالہ کے حق میں فیصلہ دیا اور فرمایا:

الخالة بمنزلة الأم۔ (۱)

''خالہ ماں کے درجہ میں ہے۔''

۲۔ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک عورت رسولِ اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا:

---

(۱) ۱۔ بخاری، الصحیح، کتاب الصلح، باب کیف یکتب هذا، ۲: ۹۶۰، رقم: ۲۵۵۲

۲۔ بخاری، الصحیح، کتاب المغازی، باب عمرة القضاء، ۴: ۱۵۵۱، رقم: ۴۰۰۵

۳۔ ابوداؤد، السنن، کتاب الطلاق، باب من أحق بالولد، ۲: ۲۸۴، رقم: ۲۲۸۰

۴۔ نسائی، السنن الکبریٰ، ۵: ۱۲۷، ۱۶۸، رقم: ۸۴۵۶، ۸۵۷۸

۵۔ بیهقی، السنن الکبری، ۸: ۵، ۶

۶۔ مقدسی، الأحادیث المختارہ، ۲: ۳۹۲، ۳۹۳، رقم: ۷۷۹

Marfat.com

**یا رسول اللہ! ان ابنی هذا، کان بطنی له وعاء، و ثديي له سقاء، و حجری له حواء، و إن أباه طلقنی و أراد أن ينتزعه منی۔**

’’اے اللہ کے رسول! یہ میرا بیٹا ہے جس کے لئے میرا پیٹ ظرف تھا اور میری چھاتی مشکیزہ اور میری گود اس کے لئے پناہ گاہ تھی۔ اس کے باپ نے مجھے طلاق دی ہے اور وہ چاہتا ہے کہ اسے مجھ سے لے لے۔‘‘

اس پر رسولِ اکرم ﷺ نے فرمایا:

**أنت أحق به ما لم تنكحی۔**(۱)

’’تو اپنے بچہ کی زیادہ مستحق ہے جب تک کہ تو (دوسرا) نکاح نہ کرلے۔‘‘

۳۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک انصاری عورت اُمِ عاصم کو طلاق دی۔ عاصم اپنی نانی کے زیرِ پرورش تھا۔ اُس کی نانی نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں تنازعہ پیش کیا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فیصلہ دیا:

**أن يكون الولد مع جدته، والنفقة على عمر، وقال: هی أحق به۔**(۲)

’’لڑکا اپنی نانی کے پاس رہے گا، عمر کو نفقہ دینا ہوگا۔ اور کہا: یہ نانی اس بچہ کی

---

(۱) ۱۔ ابوداؤد، السنن، کتاب الطلاق، باب نفقة، ۲: ۲۸۳، رقم: ۲۲۷۶
۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲:۱۸۲
۳۔ عبدالرزاق، المصنف، ۷:۱۵۳، رقم: ۲۲۷۶
۴۔ دارقطنی، السنن، ۳:۳۰۴، ۳۰۵
۵۔ حاکم، المستدرک، ۲:۲۲۵
۶۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۸: ۴، ۵

(۲) ۱۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۸: ۵
۲۔ عبدالرزاق، المصنف، ۷: ۱۵۵، رقم: ۱۲۶۰۲

Marfat.com

(پرورش کرنے کی) زیادہ حق دار ہے۔''

ایک روایت میں ہے کہ حضرت ابوبکرؓ نے اس لڑکے کی ماں کے حق میں فیصلہ کیا پھر فرمایا کہ میں نے رسولِ اکرم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا:

لا توله والدة عن ولدها۔ (۱)

''والدہ کو اس کے بچہ سے مت چھڑاؤ۔''

عبدالرحمٰن بن ابی زناد اہل مدینہ سے فقہاء کا قول روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکرؓ نے حضرت عمر بن خطابؓ کے خلاف ان کے بیٹے عاصم کے حق میں فیصلہ کیا کہ اس کی پرورش اس کی نانی کرے گی یہاں تک کہ عاصم بالغ ہوگیا، اور اُم عاصم اُس دن زندہ تھی اور (دوسرے شخص کے) نکاح میں تھی۔ (۲)

ابوحسین مرغینانی حنفیؒ لکھتے ہیں:

ولأن الأم أشفق وأقدر على الحضانة، فكان الدفع إليها أنظر، و إليه أشار الصديق ؓ بقوله: ريقها خير له من شهد و عسل عندک يا عمر۔ (۳)

''یعنی اس لئے کہ ماں بچہ کے حق میں انتہا سے زیادہ شفیق ہوتی ہے اور نگرانی و حفاظت پر مرد کی نسبت زیادہ قدرت رکھتی ہے۔ اسی شفقت کی طرف حضرت صدیق اکبرؓ نے اپنے اس قول میں اشارہ کیا ہے: اے عمر! بچے کی ماں کا لعاب دہن بچے کے حق میں تمہارے شہد سے بھی زیادہ شیریں ہوگا۔''

مرغینانی مزید لکھتے ہیں:

(۱) بیہقی، السنن الکبریٰ، ۸: ۵

(۲) بیہقی، السنن الکبریٰ، ۸: ۵

(۳) مرغینانی، الهداية، ۲: ۳۷

Marfat.com

''باپ کی نسبت ماں اس لئے زیادہ شفیق ہوتی ہے کہ حقیقت میں بچہ ماں کے جسم کا ایک حصہ ہوتا ہے یہاں تک کہ بعض اوقات بچہ کو قینچی کے ذریعے کاٹ کر ماں سے جدا کیا جاتا ہے اور عورت اسی پرورش میں مشغول ہونے کی وجہ سے حضانت پر زیادہ حق رکھتی ہے بخلاف مرد کے کہ وہ مال حاصل کرنے پر زیادہ قدرت رکھتا ہے۔''

اسی طرح امام شافعی نے استدلال میں یہی احادیث پیش کی ہیں اور والدہ کے تقدم کی علت ان الفاظ میں بیان فرمائی ہے:

**فلما کان لا یعقل کانت الأم أولی به علی أن ذلک حق للولد لا لأبوین، لأن الأم أحنی علیه و أرق من الأب۔[1]**

''پس جب کہ بچہ نا سمجھ ہو تو ماں اس کی پرورش کی زیادہ حق دار ہے کیونکہ یہ بچہ کا حق ہے نہ کہ والدین کی محبت و الفت و شفقت کے درجات کا۔''

ابن قدامہ حنبلی اپنی کتاب 'المغنی (۷: ۶۱۳، ۶۱۴)' میں لکھتے ہیں:

**الأم أحق بکفالة الطفل و المعتوة إذا طلقت ...... ولأنها أقرب إلیه و أشفق علیه ولا یشارکها فی القرب إلا أبوه، و لیس له مثل شفقتها، ولایتولی الحضانة بنفسه و إنما یدفعه إلی امرأته و أمه أولی به من أم أبیه۔**

''بچے اور عدیم العقل کی پرورش کی ماں زیادہ حق دار ہے جبکہ اُسے طلاق دے دی گئی ہو ...... کیونکہ بچہ سے زیادہ قریب اور زیادہ شفقت رکھنے والی ماں ہوا کرتی ہے۔ اگرچہ اس قرب و شفقت میں باپ کے علاوہ اس کے ساتھ کوئی دوسرا شریک نہیں ہو سکتا مگر اس کے باوجود حقیقت تو یہ ہے کہ باپ بھی ماں

(۱) شافعی، الأم، ۸: ۲۳۵

Marfat.com

جیسی شفقت نہیں رکھتا، اور نانی دادی کی نسبت سے اولیٰ ہو گی۔"

ابن قدامہ مزید لکھتے ہیں:

و الحضانة إنما تثبت لحظ الولد فلا تشرع علی وجه یکون فیه هلاکه و هلاک دینه۔

"اور حضانت بچے کی بہبود و فلاح کے پیش نظر مقرر کی گئی ہے، لہٰذا کسی ایسے طریقے پر درست نہ ہو گی جس سے بچے کی ذات اور دین ضائع ہونے کا اندیشہ ہو۔"

## (۱۰) خلع کا حق

اگر عورت اپنی ازدواجی زندگی سے مطمئن نہ ہو اور اپنے شوہر کی بداخلاقی، مکاری یا اُس کی کمزوری سے نالاں ہو جائے اور اُسے ناپسند کرے اور اُسے خوف ہو کہ حدود اللہ کی پاسداری نہ کر سکے گی تو وہ شوہر سے خلع حاصل کر سکتی ہے اور یہ کسی عوض کے بدلے ہوگا جس سے وہ اپنی جان چھڑائے۔ اس کی دلیل یہ آیت قرآنی ہے:

فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيمَا افْتَدَتْ بِهٖ۔[۱]

"پس اگر تمہیں خوف ہو کہ وہ اللہ کی حدود قائم نہ رکھ سکیں گے تو (اندریں صورت) ان دونوں پر کوئی گناہ نہیں کہ بیوی (خود) کچھ بدلہ دے کر (اس تکلیف دہ بندھن سے) آزادی حاصل کر لے"۔

شریعتِ مطہرہ نے طلاق کو صرف شوہر کا حق قرار دیا ہے، کیونکہ شوہر ہی خاص طور سے رشتہ زوجیت قائم رکھنے کا خواہاں ہوتا ہے اور وہ زوجیت کی بناء پر کافی مال خرچ کر چکا ہوتا ہے، اس لئے وہ طلاق نہ دینے کو ترجیح دیتا ہے کیوں کہ طلاق کی صورت میں

(۱) القرآن، البقرہ، ۲: ۲۲۹

Marfat.com

اسے مؤخر شدہ مہر اور عورت کے دوسرے مالی حقوق ادا کرنا پڑتے ہیں۔

چونکہ بیوی پر شوہر کے کوئی مالی حقوق واجب نہیں ہوتے، اس لئے شریعت نے طلاق کا حق مرد کو دیا ہے اور عورت کے لئے خلع کا حق رکھا ہے تاکہ اس کے پاس بھی تفریق کا حق موجود ہو۔

عورت کے اس حق کو احادیث مبارکہ میں یوں بیان کیا گیا:

**عن ابن عباس: أن امرأة ثابت بن قيس أتت النبی ﷺ فقالت: يا رسول الله. ثابت بن قيس، ما اعتب عليه فی خلق ولا دين، ولكنی اكره الكفر فی الاسلام۔ فقال رسول الله ﷺ: أتردين عليه حديقته؟ قالت : نعم۔ قال رسول الله ﷺ: اقبل الحديقة و طلقها تطليقة۔**(۱)

''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت ثابت بن قیس کی اہلیہ حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئیں: یارسول اللہ! میں کسی بات پر ثابت بن قیس سے ناخوش نہیں ہوں، نہ ان کے اخلاق سے اور نہ ان کے دین سے، لیکن میں اسلام میں احسان فراموش بننا ناپسند کرتی ہوں۔ تو حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا تم ان کا باغ واپس دینا چاہتی ہو؟ اُنہوں نے کہا: ہاں۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ان کا باغ دیدو اور ان سے طلاق لے لو۔''

تاہم اگر شوہر صحیح ہو اور عورت کے تمام شرعی حقوق پورے کرتا ہو تو اس حالت میں خلع لینا دُرست نہیں ہے۔ حضرت ثوبان ص سے مروی ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

**ايما امرأة سالت زوجها الطلاق ما بأس فحرام عليها**

---

(۱) بخاری، الصحیح، کتاب الطلاق، باب الخلع ۵: ۲۰۲۱، رقم: ۴۹۷۱

Marfat.com

رائحة الجنة۔ (۱)

''جو کوئی عورت اپنے شوہر سے بلاوجہ طلاق مانگے اُس پر جنت کی خوشبو حرام ہے۔''

خلع عورت کا ایسا حق ہے کہ جب عورت خلع لے لیتی ہے تو اپنے نفس کی مالک ہو جاتی ہے اور اُس کا معاملہ خود اُس کے ہاتھ میں آ جاتا ہے، کیونکہ اس شخص کی زوجیت سے آزادی کے لئے اس نے مال خرچ کیا ہے۔

خلع کو عورت کے لئے مرد سے چھٹکارے کا ذریعہ بنایا گیا ہے کہ جب وہ اپنے شوہر کو ناپسند کرتی ہو اور اُس کے ساتھ رہنا نہ چاہتی ہو گویا یہ طلاق کی طرح عورت کے پاس ایک حق ہے اس میں عورت کو شوہر سے لیا ہوا مہر واپس کرنا ہوتا ہے۔

وہ چند صورتیں جن میں عورت کی طرف سے طلاق یا خلع واقع ہوتا ہے، درج ذیل ہیں:

۱۔ نکاح کے وقت عورت نے اپنے لئے طلاق کا حق رکھا ہو اور شوہر نے اُس پر موافقت کی ہو۔ اس شرط کو استعمال کرنا اُس کا حق ہے۔

۲۔ جب وہ شوہر کی مخالفت کے باعث اپنے نفس پر نافرمانی کے گناہ میں پڑنے کا خوف کرے۔

۳۔ اس سے شوہر کا سلوک برا ہو، یعنی وہ اس پر اُس کے دین یا جان کے بارے میں ظلم روا رکھے اور عورت اس سے مال دے کر طلاق حاصل کرنا چاہے۔ جیسا کہ ارشاد ہے:

فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيمَا افْتَدَتْ بِهِ۔ (۲)

---

(۱) احمد بن حنبل، المسند، ۵:۲۷۷، رقم: ۲۲۴۳۳

(۲) القرآن، البقرہ، ۲: ۲۲۹

Marfat.com

’’پھر اگر تمہیں اندیشہ ہو کہ دونوں اللہ کی حدود کو قائم نہ رکھ سکیں گے، سو (اندریں صورت) ان پر کوئی گناہ نہیں کہ بیوی (خود) کچھ بدلہ دے کر (اس تکلیف دہ بندھن سے) آزادی لے لے۔‘‘

امام ابو حنیفہؒ بیوی سے ناروا سلوک کرنے والے شوہر کے لئے اس سے مہر لینا بھی مکروہ سمجھتے ہیں، کیونکہ اسلام دین مروت ہے وہ عورت سے برا سلوک قبول نہیں کرتا کہ جب اُسے طلاق دے تو اُس کا مال بھی لے لے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:۔

وَاِنْ اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ وَّاٰتَيْتُمْ اِحْدٰهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْئًا اَتَاْخُذُوْنَهٗ بُهْتَانًا وَّ اِثْمًا مُّبِيْنًا۝(۱)

’’اور جب تم ایک کی جگہ دوسری بیوی لانے کا ارادہ کرو اور تم اُن میں سے کسی کو سونے کے ڈھیر بھی دے چکے ہو تو اُس میں سے کچھ نہ لو بھلا تم ناجائز طور پر اور صریح ظلم سے اپنا مال اُس سے واپس لو گے۝‘‘

۴۔ شوہر اپنی بیوی سے جنسی تعلق پر قادر نہ ہو تو عورت اپنا معاملہ عدالت میں پیش کرے گی، قاضی اُسے ایک سال کی مہلت دیگا کہ (وہ علاج کرائے) اس کے بعد اگر وہ جنسی تعلق پر قادر نہ ہو سکے اور عورت علیحدگی کا مطالبہ کرے تو قاضی اُن کے درمیان علیحدگی کرا دے گا۔

۵۔ شوہر مجنون ہو جائے یا اُسے برص یا جزام (کوڑھ) کی بیماری لاحق ہو جائے تو بیوی کے لئے یہ حق ہے کہ وہ عدالت میں معاملہ اُٹھائے اور علیحدگی کی مطالبہ کرے، اس پر قاضی اُن میں علیحدگی کرا سکتا ہے۔(۲)

الغرض عورت کو ہر سطح پر اسلام نے وہ تحفظ اور عزت و احترام عطا کیا جس کی نظیر ہمیں کسی دوسرے نظام زندگی میں نہیں ملتی۔

---

(۱) القرآن، النساء، ۴: ۲۰

(۲) مرغینانی، الهدایه، ۳: ۲۶۸

Marfat.com

# ۴۔ طلاق کے بعد عورت کے حقوق

اسلام کے نظام قانون میں طلاق کا اختیار مرد کے پاس ہے۔ مگر اس اختیار کو اس وقت ہی استعمال کرنے کا حکم ہے جب اس کے سوا کوئی چارہ نہ ہو۔ آخری چارے کے طور پر جائز ہونے کے باوجود طلاق کو حلال کاموں میں سب سے زیادہ ناپسندیدہ قرار دیا گیا ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ کا ارشاد ہے:

أبغض الحلال عند الله الطلاق۔(۱)

''اللہ تعالیٰ کے نزدیک حلال چیزوں میں سے سب سے زیادہ ناپسندیدہ چیز طلاق ہے۔''

آپ ﷺ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو ارشاد فرمایا:

ولا خلق الله شياء علىٰ وجه الارض ابغض اليه من الطلاق۔(۲)

''اللہ تعالیٰ نے روئے زمین پر کوئی چیز طلاق سے زیادہ ناپسندیدہ پیدا نہیں فرمائی۔''

اگر طلاق کے اختیار کے استعمال کے علاوہ کوئی صورت نہ ہو تو اندریں حالات اس اختیار کے استعمال سے عورت کو کسی طرح سے بھی مبتلائے اذیت کرنے کی ممانعت کی گئی۔ ارشادِ ربانی ہے:

اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ فَاِمْسَاكٌ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌ بِاِحْسَانٍ وَلَا يَحِلُّ

---

(۱) ۱۔ ابوداؤد، السنن، کتاب الطلاق، باب فی کراهیة الطلاق، ۲: ۲۵۵، رقم: ۲۱۷۸

۲۔ ابن ماجه، السنن، کتاب الطلاق، باب حدثنا سوید بن سعید، ۱: ۶۵۹، رقم: ۲۰۱۸

(۲) دارقطنی، السنن، ۴: ۳۵

Marfat.com

لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا مِمَّا اٰتَيْتُمُوْهُنَّ شَيْئًا اِلَّا اَنْ يَّخَافَا اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْمَا افْتَدَتْ بِهٖ ؕ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ○(۱)

''طلاق (صرف) دو بار (تک) ہے، پھر یا تو (بیوی کو) اچھے طریقے سے (زوجیت میں) روک لینا ہے یا بھلائی کے ساتھ چھوڑ دینا ہے، اور تمہارے لیے جائز نہیں کہ جو چیزیں تم انہیں دے چکے ہو اس میں سے کچھ واپس لو سوائے اس کے کہ دونوں کو اندیشہ ہو کہ (اب رشتہ زوجیت برقرار رکھتے ہوئے) دونوں اللہ کی حدود کو قائم نہ رکھ سکیں گے، پھر اگر تمہیں اندیشہ ہو کہ دونوں اللہ کی حدود کو قائم نہ رکھ سکیں گے، سو (اندریں صورت) ان پر کوئی گناہ نہیں کہ بیوی (خود) کچھ بدلہ دے کر (اس تکلیف دہ بندھن سے) آزادی لے لے، یہ اللہ کی (مقرر کی ہوئی) حدیں ہیں پس تم ان سے آگے مت بڑھو، اور جو لوگ اللہ کی حدود سے تجاوز کرتے ہیں سو وہی لوگ ظالم ہیں○''

وَ لِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌ ۢ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ○(۲)

''اور طلاق یافتہ عورتوں کو بھی مناسب طریقے سے خرچ دیا جائے، یہ پرہیزگاروں پر واجب ہے○''

وَ اِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَ حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ○(۳)

(۱) القرآن، البقرہ، ۲: ۲۲۹

(۲) القرآن، البقرہ، ۲: ۲۴۱

(۳) القرآن، النساء، ۴: ۳۵

Marfat.com

''اور اگر تمہیں ان دونوں کے درمیان مخالفت کا اندیشہ ہو تو تم ایک منصف مرد کے خاندان سے اور ایک منصف عورت کے خاندان سے مقرر کرلو، اگر وہ دونوں صلح کا ارادہ رکھیں تو اللہ دونوں کے درمیان موافقت پیدا فرما دے گا، بیشک اللہ خوب جاننے والا خبردار ہے○''

اگرچہ طلاق کا حق مرد کو دیا گیا مگر اس ذیل میں بھی عورت کو تحفظ فراہم کرنے کے لئے درج ذیل حقوق عطا کیے گئے:

## (۱) مہر کا حق

شریعت میں سب سے اہم حق جو طلاق کے وقت عورت کو دیا گیا ہے وہ مہر ہے، البتہ مباشرت سے قبل طلاق ہونے کی صورت میں آدھا مہر ملتا ہے۔ ارشاد ربانی ہے:

وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ۔(۱)

''اگر تم انہیں چھونے سے قبل طلاق دو اور اُن کے لئے مہر مقرر کیا ہو تو مقرر کئے ہوئے مہر کا آدھا اُنہیں دو''۔

اسی طرح عورت کو خرچ و سامان دینا ہے، شریعت اسلامیہ نے عورت کے لئے جب اسے طلاق دی جائے خرچ و سامان دینے کا حکم دیا ہے۔ امام احمد کا مسلک ہے کہ ہر قسم کی مطلقہ کے لئے یہ حق ہے اور یہ ہر ایک کے لئے واجب ہے یہی قول حضرت علی ؓ، حسن بصری، سعید بن جبیر، ابوقلابہ زہریؒ وغیرہ کا ہے، اُن کی دلیل یہ آیت ہے:

وَلِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ○(۲)

''اور طلاق یافتہ عورتوں کو بھی مناسب طریقے سے خرچہ دیا جائے یہ

(۱) القرآن، البقرہ، ۲:۲۳۷

(۲) القرآن، البقرہ، ۲: ۲۴۱

Marfat.com

پرہیزگاروں پر واجب ہے۝‘‘

دوسرے مقام پر ارشاد ہے:

يَآ اَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَ زِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَ اُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا۝(۱)

’’اے نبیٔ (مکرّم!) اپنی ازواج سے فرما دیں کہ اگر تم دنیا اور اس کی زینت و آرائش کی خواہش مند ہو تو آؤ میں تمہیں مال و متاع دے دوں اور تمہیں حسنِ سلوک کے ساتھ رخصت کر دوں۝‘‘

## (۲) میراث کا حق

اسلام نے عورت کو یہ حق دیا ہے کہ طلاق کے بعد وہ جب تک عدت میں ہے، اگر اس کے شوہر کا انتقال ہو جائے تو اس کے ترکہ سے میراث ملے گی، جس طرح غیر مطلقہ بیوی کو ملتی ہے۔ امام احمد بن حنبلؒ فرماتے ہیں کہ جب تک اس نے شادی نہ کی ہو، عدت کے بعد بھی میراث میں حصہ ملے گا۔ یہی قول کئی صحابہ سے بھی مروی ہے، اور اس میں یہ بھی ہے کہ چاہے اس کا طلاق دیتے وقت شوہر بیمار ہو یا نہ ہو، وہ اس لئے کہ شوہر کو ابھی اسے روکنے کا اور رجوع کرنے کا اختیار باقی رہتا ہے اور وہ بھی اس کی مرضی سے، ولی اور گواہوں کی موجودگی کے بغیر اور بلا کسی نئے مہر کے۔

## (۳) حضانت کا حق

بچے کی تربیت اور اس کے معاملات کی دیکھ بھال کے لئے اس کی نگرانی حضانت کہلاتی ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے بچے کی حضانت کا حق اس کی ماں کو عطا کیا۔ ماں کے بعد بچے کی حضانت کا حق اس کی ماں کی ماں کو اور پھر باپ پھر باپ کی ماں کو حاصل ہے۔ بچے کی حضانت کی سب سے زیادہ حقدار اُس کی ماں ہے، درج ذیل حدیث

(۱) القرآن، الأحزاب، ۳۳: ۲۸

Marfat.com

سے ثابت ہے:

عن عبد اللہ بن عمرو ان امراۃ قالت یا رسول اللہ ان ابنی ھذا کان بطنی لہ وعاء وثدیی لہ سقاء و حجری لہ حواء و ان اباہ طلقنی و اراد ان ینتزعہ منی۔ فقال رسول اللہ ﷺ: انت احق بہ ما لم تنکحی۔ (۱)

’’عبداللہ ابن عمرو سے روایت ہے کہ ایک عورت نے آپ ﷺ کی خدمت میں عرض کیا، یا رسول اللہ یہ میرا بچہ ہے میرا پیٹ اس کا برتن تھا، میرے پستان اس کے مشکیزے اور میری گود اس کی آرام گاہ، اس کے باپ نے مجھے طلاق دیدی ہے اور اسے مجھ سے چھیننا چاہتا ہے، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اس کی زیادہ مستحق تو ہے، جب تک تو نکاح نہ کرلے۔‘‘

# ۵۔ عورت کے معاشی حقوق

## (۱) وراثت کا حق

اسلام نے عورتوں کو مردوں کے مساوی حقوق عطا کرتے ہوئے وراثت کا حق بھی عطا کیا ہے۔ ارشادِ ربانی ہے:

لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ وَلِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ اَوْ كَثُرَ نَصِيْبًا

(۱) ۱۔ ابوداؤد، السنن، کتاب الطلاق، باب من أحق بالولد، ۲: ۲۸۳، رقم: ۲۲۷۶

۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲: ۱۸۲

۳۔ حاکم، المستدرک، ۲: ۲۲۵، رقم: ۲۸۳۰

۴۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۸: ۴

Marfat.com

مَّفْرُوْضًاO(۱)

''ماں باپ اور رشتے داروں کے ترکے میں خواہ وہ تھوڑا ہو یا زیادہ لڑکوں کا حصہ ہے اور ماں باپ اور رشتے داروں کے ترکے میں خواہ وہ تھوڑا ہو یا زیادہ لڑکیوں کا بھی حصہ ہے اور یہ حصے خدا کی طرف سے مقررہ ہیںO''

یعنی اُصولی طور پر لڑکا اور لڑکی دونوں وراثت میں اپنا اپنا مقررہ حصہ لینے کے حقدار ہیں اور کوئی شخص انہیں ان کے اس حق سے محروم نہیں کرسکتا۔

## (۲) والدین کے مالِ وراثت میں حق

قرآن حکیم نے اولاد کے حق وراثت کا تعین کرتے ہوئے بھی خواتین کا حق وراثت بالتفصیل بیان کیا ہے:

يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْٓ اَوْلَادِكُمْ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ فَاِنْ كُنَّ نِسَآءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَاتَرَكَ وَاِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ وَلِاَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ اِنْ كَانَ لَهٗ وَلَدٌ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلَدٌ وَّوَرِثَهٗٓ اَبَوٰهُ فَلِاُمِّهِ الثُّلُثُ فَاِنْ كَانَ لَهٗٓ اِخْوَةٌ فَلِاُمِّهِ السُّدُسُ۔(۲)

''تمہاری اولاد سے متعلق اللہ کا یہ تاکیدی حکم ہے کہ ترکے میں لڑکے کے لئے دو لڑکیوں کے برابر حصہ ہے۔ اگر اکیلی لڑکی ہو تو اسے آدھا ترکہ ملے گا اور (میت کے) ماں باپ میں سے ہر ایک کو ترکے کا چھٹا حصہ ملے گا بشرطیکہ وہ اپنے پیچھے اولاد بھی چھوڑے، اگر اس کے کوئی اولاد نہ ہو اور وارث ماں باپ ہی ہوں تو ماں کے لئے ایک تہائی (ماں باپ کے ساتھ) بھائی بہن بھی ہوں

(۱) القرآن، النساء، ۴: ۷

(۲) القرآن، النساء، ۴: ۱۱

Marfat.com

تو اس کی ماں کا چھٹا حصہ ہوگا۔"

اس آیہ مبارکہ میں یہ امر قابلِ غور ہے کہ تقسیم کی اکائی لڑکی کا حصہ قرار دیا گیا ہے، یعنی سب کے حصے لڑکی کے حصے سے گنے جائیں گے۔ گویا تمام تقسیم اس محور کے گرد گھومے گی۔ جاہلیت میں لڑکیوں کو ترکے میں حصہ نہیں دیا جاتا تھا۔ جیسا کہ اکثر دوسرے مذاہب میں اب بھی ہے لیکن اسلام کی نظر میں لڑکی کو ترکے کا حصہ دینا کتنا ضروری ہے، وہ اس سے ظاہر ہے کہ پہلے تو تقسیم وراثت کی عمارت کی بنیاد ہی لڑکی کے حصے پر رکھی پھر یوصیکم اللہ کہہ کر فرمایا کہ یہ اللہ تعالیٰ کا نہایت تاکیدی حکم ہے۔

اس آیت مبارکہ سے تقسیم کے یہ اصول معلوم ہوئے:

(۱) اگر اولاد میں لڑکے اور لڑکیاں ہوں تو ایک لڑکے کو ایک لڑکی سے دگنا ملے گا اور اسی اصول پر سب ترکہ لڑکوں اور لڑکیوں میں تقسیم ہوگا، صرف لڑکوں کا ذکر نہیں کیا، کیونکہ اس صورت میں ظاہر ہے کہ وہ سب برابر کے حصے دار ہوں گے۔

(۲) اگر اولاد میں لڑکا کوئی نہ ہو اور دو یا دو سے زیادہ لڑکیاں ہوں۔ تو ان کو بھی دو تہائی ہی ملے گا۔

حضور نبی اکرم ﷺ کے عمل مبارک سے ان معنوں کی تائید ہوتی ہے۔ ایک صحابی سعد بن ربیع غزوہ احد میں شہید ہوگئے۔ انہوں نے اولاد میں صرف دو لڑکیاں چھوڑ دیں۔ سعد کے بھائی نے سارے ترکے پر قبضہ کر لیا اور لڑکیوں کو کچھ نہ دیا۔ اس پر سعد کی بیوہ آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور شکایت کی کہ سعد کی دو لڑکیاں موجود ہیں، لیکن ان کے چچا نے انہیں ان کے باپ کے ترکے میں سے ایک جبہ بھی نہیں دیا اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ آپ ﷺ نے سعد کے بھائی کو بلوایا اور اسے حکم دیا کہ مرحوم کی دونوں بیٹیوں کو اس کے ترکے میں سے دو تہائی اور بیوہ کو آٹھواں حصہ دے دو اور بقیہ خود رکھ لو۔ (۱)

---

(۱) ۱۔ ترمذی، السنن، کتاب الفرائض، باب ما جاء فی المیراث البنات، ۴: ۴۱۴، رقم: ۲۰۹۲

۲۔ ابوداؤد، السنن، کتاب الفرائض، باب ماجاء فی المیراث، ۳: ۱۲۰، رقم: ۲۸۹۱

Marfat.com

(۳) اگر اولاد میں صرف ایک لڑکی ہو تو اسے ترکے کا نصف ملے گا اور باقی نصف دوسرے رشتہ داروں میں تقسیم ہوگا۔

(۴) اگر اولاد کے ساتھ میت کے ماں باپ بھی زندہ ہوں تو پہلے ان دونوں میں سے ہر ایک کو ترکے کا چھٹا حصہ ملے گا اور باقی دو تہائی مندرجہ بالا شرح سے اولاد کو ملے گا۔

(۵) اگر متوفی کے اولاد کوئی نہ ہو، صرف ماں باپ ہوں، تو اس صورت میں ترکے کا تہائی ماں کو اور باقی باپ کو ملے گا۔

(٦) آخری صورت یہ بیان کی کہ اگر متوفی کے ورثا میں ماں باپ کے ساتھ بھائی بہن بھی ہوں، تو ماں کا حصہ چھٹا ہوگا۔

ممکن تھا کہ کوئی شخص ماں باپ کو اولاد کا وارث قرار دینے پر اعتراض کرتا، کیونکہ اس سے پہلے دنیا کے تمام مذاہب میں صرف اولاد ہی وارث قرار دی گئی تھی۔ اس لئے فرمایا:

اٰبَآؤُکُمْ وَ اَبْنَآؤُکُمْ لَاتَدْرُوْنَ اَیُّھُمْ اَقْرَبُ لَکُمْ نَفْعًا فَرِیْضَۃً مِّنَ اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلِیْمًا حَکِیْمًا۝[1]

”تمہارے باپ دادا (بھی ہیں) اور اولاد بھی، لیکن تم نہیں جانتے کہ ان میں سے نفع رسانی کے لحاظ سے کون تمہارے زیادہ قریب ہے۔ (یہ حصے) اللہ نے مقرر کئے ہیں۔ بے شک اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۝“

یعنی یہ اعتراض کہ باپ دادا کیوں وارث بنائے گئے نادانی کی بات ہے۔ اس حکم کی حکمت اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے کہ انسان کے لئے اوپر کے رشتے دار زیادہ اچھے ہیں یا نیچے کے۔ ہماری فلاح اللہ تعالیٰ کے احکام پر عمل کرنے میں ہی مضمر ہے۔

(۱) القرآن، النساء، ۴: ۱۱

Marfat.com

## (۳) شوہر کے مالِ وراثت میں حق

قرآن حکیم نے شوہر یا بیوی میں سے کسی کے بھی انتقال کی صورت میں اس کے مال وراثت میں سے دوسرے فریق کا حصہ بالتفصیل بیان کیا ہے۔ بیوی کے انتقال کی صورت میں خاوند کا حصہ بیان کرتے ہوئے کہا:

وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ أَزْوَاجُكُمْ إِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهُنَّ وَلَدٌ فَإِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْنَ بِهَآ أَوْ دَيْنٍ۔[1]

''تمہاری بیویوں کے ترکے میں سے تمہارے لئے نصف ہے، اگر ان کے کوئی اولاد نہ ہو، اور اگر ان کے اولاد ہو تو تمہارے لئے اُنہوں نے جو ترکہ چھوڑا ہے اس کا ایک چوتھائی ہے (یہ تقسیم) ان کی وصیت (کی تعمیل) اور ان کے قرض (کی ادائیگی) کے بعد ہوگی۔''

اور شوہر کی وفات کی صورت میں بتایا:

وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ إِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّكُمْ وَلَدٌ فَإِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ مِّنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بِهَآ أَوْ دَيْنٍ ۔[2]

''اور تمہارے ترکے میں سے تمہاری بیویوں کا ایک چوتھائی حصہ ہے ۔ اگر تمہارے کوئی اولاد نہیں۔ اگر تمہاری اولاد بھی ہو، تو تمہارے ترکے میں سے ان کا حصہ آٹھواں ہے۔ (یہ تقسیم) تمہاری وصیت کی تعمیل اور تمہارے قرض (کی ادئیگی) کے بعد ہوگی۔''

## (۴) کلالہ کے مالِ وراثت میں حق

کلالہ اس میت کو کہتے ہیں جس کے والدین ہوں نہ اولاد۔ ایسی عورت یا مرد

(۱) القرآن، النساء، ۴: ۱۲

(۲) القرآن، النساء، ۴: ۱۲

Marfat.com

فوت ہو جائے اور اس کے پیچھے نہ اس کا باپ ہو، نہ بیٹا، تو اس کی جائیداد کی تقسیم کی تین صورتیں ہو سکتی ہیں:

۱۔ اس کے اعیانی یعنی سگے بھائی بہن ہوں۔

۲۔ علاتی بھائی بہن ہوں، یعنی باپ ایک اور مائیں الگ الگ ہوں۔

۳۔ اخیافی بھائی بہن ہوں، ماں ایک اور باپ علیحدہ علیحدہ ہوں۔

ان تینوں کے احکام الگ الگ ہیں:

(۱) اگر پہلی صورت یعنی سگے بھائی بہن موجود ہیں تو حکم دیا:

**یَسْتَفْتُوْنَکَ قُلِ اللّٰہُ یُفْتِیْکُمْ فِی الْکَلٰلَۃِ اِنِ امْرُؤٌ ھَلَکَ لَیْسَ لَہٗ وَلَدٌ وَّلَہٗٓ اُخْتٌ فَلَھَا نِصْفُ مَا تَرَکَ وَھُوَ یَرِثُھَآ اِنْ لَّمْ یَکُنْ لَّھَا وَلَدٌ فَاِنْ کَانَتَا اثْنَتَیْنِ فَلَھُمَا الثُّلُثٰنِ مِمَّا تَرَکَ۔** (۱)

''لوگ آپ سے فتویٰ (یعنی شرعی حکم) دریافت کرتے ہیں۔ فرما دیجئے کہ اللہ تمہیں (بغیر اولاد اور بغیر والدین کے فوت ہونے والے) کلالہ (کی وراثت) کے بارے میں یہ حکم دیتا ہے کہ اگر کوئی ایسا شخص فوت ہو جائے جو بے اولاد ہو مگر اس کی ایک بہن ہو تو اس کے لئے اس (مال) کا آدھا (حصہ) ہے جو اس نے چھوڑا ہے اور (اگر اس کے برعکس بہن کلالہ ہو تو اس کے مرنے کی صورت میں اس کا) بھائی اس (بہن) کا وارث (کامل) ہوگا اگر اس (بہن) کی کوئی اولاد نہ ہو۔''

ظاہر ہے کہ اگر بہنیں دو سے زیادہ ہوں تو وہ سب اس دوتہائی میں برابر کی شریک ہوں گی۔

(۲) دوسری صورت یہ ہے کہ علاتی بھائی بہن ہوں، یعنی باپ ایک ہو اور مائیں

(۱) القرآن، النساء، ۴: ۱۷۶

Marfat.com

الگ الگ ہوں تو اس صورت میں حکم دیا:

وَ اِنْ كَانُوْٓا اِخْوَةً رِّجَالًا وَّ نِسَآءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ۔ (۱)

''اور اگر بہت سے بھائی بہن ہوں تو پھر (تقسیم یوں ہو گی کہ) ایک مرد کا حصہ دو عورتوں کے برابر ہو گا۔''

یعنی جیسے اولاد کے درمیان ترکے کی تقسیم کا اُصول ہے...... ایک لڑکے کا حصہ دو لڑکیوں کے برابر...... وہی یہاں بھی استعمال ہو گا۔

(۳) تیسری اور آخری صورت یہ ہے کہ اخیافی بھائی بہن ہوں یعنی عورت نے ایک خاوند کی وفات کے بعد کسی دوسرے شخص سے نکاح کر لیا اور دونوں سے اولاد ہو۔ اگر ان میں سے کوئی مرجائے اور کلالہ ہو:

وَ اِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّوْرَثُ كَلٰلَةً اَوِ امْرَاَةٌ وَّلَهٗٓ اَخٌ اَوْ اُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ ۚ فَاِنْ كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَآءُ فِي الثُّلُثِ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصٰى بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۙ غَيْرَ مُضَآرٍّ۔ (۲)

''اور اگر کسی ایسے مرد یا عورت کی وراثت تقسیم کی جارہی ہو جس کے نہ ماں باپ ہوں نہ کوئی اولاد اور اس کا ماں کی طرف سے ایک بھائی یا ایک بہن ہو (یعنی اخیافی بھائی یا بہن) تو ان دونوں میں سے ہر ایک کے لئے چھٹا حصہ ہے پھر اگر وہ بھائی بہن ایک سے زیادہ ہوں تو سب ایک تہائی میں شریک ہوں گے (یہ تقسیم بھی) اس وصیت کے بعد (ہو گی) جو (وارثوں کو) نقصان پہنچائے بغیر کی گئی ہو یا قرض (کی ادائیگی) کے بعد۔''

یعنی کلالہ کی وراثت کی تقسیم کے احکام میں بھی عورت کو حق وراثت کا مستحق قرار دیا گیا اور اس کے واضح احکام بیان کئے گئے جن کا خلاصہ ہم درج ذیل پانچ اُصولوں میں بیان کر سکتے ہیں:

(۱) القرآن، النساء، ۴:۱۷۶

(۲) القرآن، النساء، ۴:۱۲

Marfat.com

(۱) جہاں صرف اولاد ہو، اورکوئی دوسرا وارث نہ ہو، اور اولاد میں بھی تمام لڑکے ہوں، تو ترکہ ان لڑکوں میں بحصہ مساوی تقسیم ہوگا۔ لڑکے اور لڑکیاں دونوں ہوں تو ایک لڑکے کو دو لڑکیوں کے برابر حصہ ملے گا، اور اسی اُصول پر تمام ترکہ تقسیم ہوگا اگر لڑکا کوئی نہ ہو، صرف ایک لڑکی ہو، تو اسے ترکے کا نصف ملے گا، اور اگر دو یا دو سے زیادہ لڑکیاں ہوں، تو انہیں دو تہائی ملے گا۔

(۲) جہاں اولاد ہو یا نہ ہو، لیکن ماں باپ موجود ہوں۔ اگر اولاد ہو تو ماں باپ میں سے ہر ایک کو ترکے کا چھٹا حصہ اور باقی اولاد میں نمبر (۱) کے اُصول پر تقسیم ہوگا۔ اگر اولاد نہ ہو تو ماں کو ایک تہائی اور باقی دو تہائی باپ کو۔

(۳) اولاد نہ ہو، لیکن بھائی بہن ہوں، تو ماں کو ایک تہائی کی جگہ چھٹا حصہ ملے گا۔ یہاں پھر اختلاف ہے کہ ان بھائی بہنوں کو کتنا ملے گا۔ بعض کے نزدیک ماں کو ایک چھٹا حصہ ملے گا، دوسرا چھٹا ان بھائی بہنوں میں تقسیم ہوگا، اور باپ کو حسب سابق بقیہ دو تہائی۔ بعض کے نزدیک یہاں بھی کلالہ کا اُصول جاری ہوگا، یعنی اگر ایک بھائی یا ایک بہن ہے، تو اسے چھٹا حصہ، ماں کو چھٹا حصہ، اور باپ کو دو تہائی۔ اگر بھائی بہن ایک سے زیادہ ہوں تو ان سب کو ایک تہائی، ماں کو چھٹا حصہ اور باقی نصف باپ کو۔

(۴) زوجین کی صورت میں، اگر بیوی اولاد چھوڑ کر مرے تو خاوند کو ترکے کا چوتھائی اور باقی تین چوتھائی اولاد میں نمبر (۱) کے اُصول پر تقسیم ہوگا۔ اگر اولاد نہ ہو، تو خاوند کو نصف اور بقیہ دوسرے رشتے داروں کو اُوپر کے قواعد کی رو سے۔ اگر خاوند اولاد چھوڑ کر مرے تو بیوی کا آٹھواں حصہ ہے۔ اگر اولاد نہ ہو، تو چوتھا اور بقیہ ترکہ دوسرے رشتہ داروں میں تقسیم ہوگا۔

(۵) کلالہ جہاں اعیانی یا علاتی یا اخیافی بھائی بہن ہوں جیسے کہ اُوپر بیان ہوا۔ تقسیم میں یہ ترتیب مدنظر رکھی جائے گی۔ سب سے پہلے خاوند یا بیوی کو حصہ ملے گا، پھر والدین کو اور پھر اولاد کو۔ اگر اولاد نہ ہو یا اولاد یا والدین دونوں میں سے کوئی بھی موجود نہ ہو، تو سب سے آخر میں بھائی بہن حق دار ہوں گے۔

Marfat.com

## کیا عورت آدھی ہے؟

اسلام کے قانون وراثت کا سرسری اور سطحی مطالعہ کرنے والوں کو یہ مغالطہ لگتا ہے کہ عورت کا مرتبہ مرد سے کمتر ہے۔ یہ مغالطہ قرآن حکیم کی درج ذیل آیت مبارکہ کی حکمت صحیح طور پر نہ سمجھنے کا نتیجہ ہے:

لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ۔ (۱)

''ایک مرد کا حصہ دو عورتوں کے حصہ کے برابر ہے۔''

تاہم اسلام کے قانون وراثت کا بنظر غائر جائزہ اس مغالطہ کی نفی کرتا ہے۔ اسلام کا قانون وراثت عورت کے حق کی تنصیف یا تخفیف نہیں بلکہ حسن معاشرت و معیشت کے قیام کے تصور پر مبنی ہے۔ اسلام کا قانون وراثت عورت کے تقدس و عظمت کی پاسبانی کرنے والی درج ذیل حکمتوں پر مشتمل ہے:

## (۱) عورت کا حصہ تقسیم وراثت کی اکائی ہے

متذکرہ بالا آیت مبارکہ کے الفاظ پر غور تقسیم میراث کے بنیادی پیمانے کو واضح کرتا ہے۔ یہاں مرد و عورت کا حصہ وراثت بیان کرتے ہوئے عورت کے حصے کو اکائی قرار دیا گیا کہ ایک مرد کا حصہ دو عورتوں کے حصوں کے برابر ہے۔ یہ نہیں کہا گیا کہ ایک عورت کا حصہ مرد کے نصف حصہ کے برابر ہے۔ بلکہ تقسیم میراث کے نظام میں عورت کے حصہ کو اساس اور بنیاد بنایا گیا اور پھر تمام حصوں کے تعین کے لئے اسے اکائی بنایا گیا۔ گویا میراث کی تقسیم کا سارا نظام عورت ہی کے حصہ کی اکائی کے گرد گھومتا ہے جو درحقیقت عورت کی تکریم و وقار کے اعلان کا مظہر ہے۔

---

(۱) القرآن، النساء، ۴: ۱۱، ۱۷۶

Marfat.com

## (۲) میراث میں حصوں کے تعین کی بنیاد جنس نہیں

چونکہ اللہ تعالیٰ نے عورت کی تمام ضروریات کا کفیل مرد کو بنایا ہے اور عورت کو اس ذمہ داری سے مستثنیٰ قرار دیا ہے۔ مزید برآں عورت کے لئے روزگار اور معاشی مواقع سے ہر ممکن فائدہ اٹھانے پر کوئی پابندی بھی نہیں لگائی گئی بلکہ عورت کمانے والی بھی ہو تو تب بھی کفالت کی ذمہ داری اس کے شوہر پر ہوگی اور وہ اپنی کمائی خصوصی حق کے طور پر محفوظ رکھ سکتی ہے۔ اگر وہ گھریلو ضروریات کے لئے خرچ کرنا چاہے تو اس کا یہ عمل احسان ہوگا، کیونکہ یہ اس کے فرائض میں شامل نہیں جبکہ مرد کی آمدن چاہے عورت سے کم ہی کیوں نہ ہو پھر بھی کفالت کا ذمہ دار وہی ہوگا۔ اندریں حالات ذمہ داریوں کے تناسب (quantum and proportion of responsiblities) کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک متوازن، مستحکم اور معاشی عدل و انصاف پر مبنی معاشرہ قائم کرنے کے لئے ضروری تھا کہ مردوں کو وراثت میں زیادہ حصہ دیا جاتا تاکہ وہ اپنے اوپر عائد جملہ عائلی ذمہ داریوں سے بطور اَحسن عہدہ برآ ہوسکیں۔ گویا عورت کا حق وراثت مرد سے نصف نہیں کیا گیا بلکہ مرد کا حقِ وراثت اس کی اضافی ذمہ داریوں کی وجہ سے بڑھا دیا گیا ہے۔ اس طرح مرد اور عورت کی معاشرتی، سماجی اور عائلی ذمہ داریوں کی ادائیگی میں مالی توازن قائم کر دیا گیا ہے۔

## (۳) مرد و عورت کی حقِ وراثت میں برابری

اسلام کے قانون وراثت میں جن رشتہ داروں کو وارث قرار دیا گیا ہے وہ تین اقسام پر مشتمل ہیں:

۱۔ ذوی الفروض

۲۔ عصبات

۳۔ ذوی الارحام

ذوی الفروض وہ رشتہ دار ہیں جن کے حصے مقرر کر دیئے گئے ہیں اور ان کے متعلق قرآن حکیم یا احادیث مبارکہ میں واضح احکام موجود ہیں۔ ترکہ کی تقسیم کا آغاز ذوی

Marfat.com

الفروض سے ہوتا ہے یعنی ترکہ میں سے پہلے ذوی الفروض کو حصہ ملے گا اس کے بعد عصبات اور پھر ذوی الارحام کو۔ ذوی الفروض درج ذیل مردوں اور عورتوں پر مشتمل ہیں:

ذوی الفروض مرد:

۱۔ شوہر

۲۔ باپ

۳۔ اخیافی (ماں کی طرف سے) بھائی

۴۔ جدّ صحیح

ذوی الفروض عورتیں:

| | |
|---|---|
| ۱۔ بیوی | ۲۔ ماں |
| ۳۔ بیٹی | ۴۔ پوتی |
| ۵۔ سگی بہن | ۶۔ علاتی (ماں کی طرف سے) بھائی |
| ۷۔ اخیافی بہن | ۸۔ جدّہ صحیحہ |

ذوی الفروض کا چار مردوں اور آٹھ عورتوں پر مشتمل ہونا مردوں اور عورتوں کی نفسِ وراثت میں مساوی شرکت کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ ذوی الفروض میں مردوں کی تعداد سے دوگنا عورتیں شامل کی گئیں اور ان خواتین میں کچھ ایسی بھی ہیں جو شاید براہ راست متوفی کی شرعی کفالت میں نہ آتی ہوں اسکے باوجود یہاں زیادہ عورتوں کو accomodate کیا گیا۔ اس طرح فی الحقیقت تقسیمِ وراثت میں عورت اور مرد برابر ہوگئے یعنی قانونِ الٰہی میں عورت کو کسی طور بھی مرد سے کم درجہ نہیں گردانا گیا بلکہ مرد اور عورت کے حصہ وراثت کا لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنثَيَيْنِ کے قانون کے تحت تعین دراصل ان پر عائد ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کے لئے مناسب معاشی انتظام کا درجہ رکھتا ہے۔

Marfat.com

## (۴) مرد و عورت کے مساوی حصہ کی نظیر

معاشرے میں بعض مرد و عورتیں ایسی بھی ہوتی ہیں جن پر عمر رسیدگی یا کسی اور سبب سے مالی ذمہ داریوں کا بوجھ نہیں رہتا یا کم از کم مرد پر عام حالات کی طرح عورت کے مقابلے میں زیادہ بوجھ نہیں ہوتا یعنی وہ دونوں یکساں مالی ذمہ داریوں کے حامل ہو جاتے ہیں۔ یہ مقام اس وقت آتا ہے جب مرنے والے کے والدین زندہ ہوں اور اس متوفی کی اولاد بھی ہو، جب اس صاحب اولاد متوفی کی وراثت تقسیم ہوگی تو اس کے والدین میں سے ہر ایک کو ترکہ کا ۱/۶ حصہ ملے گا۔

وَلِاَبَوَیْهِ لِکُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَکَ اِنْ کَانَ لَهٗ وَلَدٌ۔ (۱)

”اور (میت کے) ماں باپ کے لئے ان دونوں میں سے ہر ایک کو (برابر) ترکہ کا چھٹا حصہ (ملے گا) بشرطیکہ مورث کی کوئی اولاد ہو۔“

دوسرے مقام پر ارشاد فرمایا گیا ہے:

وَ اِنْ کَانَ رَجُلٌ یُّوْرَثُ کَلٰلَةً اَوِ امْرَاَةٌ وَّلَهٗ اَخٌ اَوْ اُخْتٌ فَلِکُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ۔ (۲)

”اور اگر کسی ایسے مرد یا عورت کی وراثت تقسیم کی جارہی ہو جس کے نہ ماں باپ ہوں نہ کوئی اولاد اور اس کا ماں کی طرف سے ایک بھائی یا ایک بہن ہو (یعنی اَخیافی بھائی یا بہن) تو ان دونوں میں سے ہر ایک کے لیے (برابر طور پر) چھٹا حصہ ہے۔“

اس طرح باوجود یہ کہ وراثت کی تقسیم مرد و عورت کے مابین ہو رہی ہے، یہ برابر ہوگی۔ اگر اسلام کے نظامِ وراثت میں محض مرد ہونے کی وجہ سے عورت کے حصہ سے

---

(۱) القرآن، النساء، ۴: ۱۱

(۲) القرآن، النساء، ۴: ۱۲

Marfat.com

دو گنا قرار پایا ہوتا یا عورت کا حصہ محض عورت ہونے کی وجہ سے نصف ہوتا تو پھر اس مقام پر جب وہ ماں باپ کی حیثیت سے وراثت لے رہے ہیں یہاں بھی ان کے حصہ کا فرق برقرار رہتا جبکہ یہاں ایسا معاملہ نہیں۔

## ۶۔ عورت کے قانونی حقوق

### (ا) قانونی شخصیت (legal person) ہونے کا حق

حقوق و فرائض کے تعین میں قانونی شخص کا وجود بنیادی حیثیت رکھتا ہے، جدید قانون نے حقوق و فرائض کے تعین کے لئے قانونی شخص کو بنیادی قرار دیا ہے۔ Roger Cotterrell کے الفاظ میں:

The concept of the legal person or legal subject defines who or what the law will recognize as a being capable of having rights and duties.[1]

"قانونی شخص کا تصور اس بات کی توضیح کرتا ہے کہ بطور ایک شخص کے فرد حقوق اور فرائض کی اہلیت سے بہرہ ور ہے۔"

ایک دوسرا مفکر G. Paton لکھتا ہے:

Legal personality refers to the particular device by which the law creates or recognizes units to which it ascribes certain powers and capacities.[2]

"قانونی شخص کا تصور قانون کو وہ بنیاد فراہم کرتا ہے جس سے قانون مخصوص اختیارات اور قانونی اہلیتوں کے تعین کے لئے بنیاد اخذ کرتا ہے۔"

(1) Roger Cotterrell, *The Sociology of Law*, 2nd ed. Butterworths, London, 1992, pp. 123,124.

(2) G.Paton, *Textbook of Jurisprudence*, 4th ed. OUP, London, 1972, p-392.

Marfat.com

مغربی قانونی تاریخ میں پچھلی صدی کے آغاز تک عورت کو non-person کی حیثیت حاصل رہی تھی۔ عورت کو نہ صرف باقاعدہ legal person تسلیم کیا گیا بلکہ مغربی قانونی ساز اداروں (legislatures) کے مختلف قوانین (statutes) میں مذکور "person" یا "man" کے ذیل میں بھی عورت کو کبھی شامل نہیں سمجھا گیا،[1] چونکہ مغرب میں خواتین کے قانونی شخص کو ہی تسلیم نہیں کیا گیا تھا لہٰذا مردوں کے برابر قانونی حقوق کے حصول کے لئے عورتوں کو سالہا سال تک قانونی تشخص کے حصول کی جنگ لڑنا پڑی۔[2]

اسلام نے عورت کو قانونی شخص ہونے کا مقام احکام کے اجراء کے ساتھ ہی عطا کر دیا، ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَ مَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا○[3]

”اور نہ کسی مومن مرد کو (یہ) حق حاصل ہے اور نہ کسی مومن عورت کو کہ جب اللہ اور اس کا رسول (ﷺ) کسی کام کا فیصلہ (یا حکم) فرمادیں تو ان کے لئے اپنے (اس) کام میں (کرنے یا نہ کرنے کا) کوئی اختیار ہو، اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول (ﷺ) کی نافرمانی کرتا ہے تو وہ یقیناً کھلی گمراہی میں بھٹک گیا○“

(1) W. Blackstone, *Commentaries on the Laws of England*, Book I, Chapter 15, p. 442.

(2) Cecilia Morgan, "An Embarrassingly and Severely Masculine Atmosphere: Women, Gender and the Legal Profession at Osgoode Hall, 1920s-1960s" (1996) 11 Canadian Journal of Law and Society 19 at 21.

(۳) القرآن، الأحزاب، ۳۳: ۳۶

Marfat.com

اس آیہ مبارکہ میں قانون الٰہی کی اطاعت و معصیت کے باب میں عورت اور مرد کا برابر ذکر کر کے یہ حقیقت واضح کر دی گئی ہے کہ عورت اور مرد کے قانونی تشخص میں کوئی تفریق روا نہیں رکھی جا سکتی۔ قرآن حکیم کی کئی دیگر آیات بھی عورت کے قانونی شخص (legal person) ہونے کی بنیاد فراہم کرتی ہیں:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى ؕ اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى ؕ فَمَنْ عُفِيَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ وَ اَدَآءٌ اِلَيْهِ بِاِحْسَانٍ ؕ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ رَحْمَةٌ ؕ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○[1]

”اے ایمان والو! تم پر ان کے خون کا بدلہ (قصاص) فرض کیا گیا ہے جو ناحق قتل کئے جائیں، آزاد کے بدلے آزاد اور غلام کے بدلے غلام اور عورت کے بدلے عورت، پھر اگر اس کو (یعنی قاتل کو) اس کے بھائی (یعنی مقتول کے وارث) کی طرف سے کچھ (یعنی قصاص) معاف کر دیا جائے تو چاہیے کہ بھلے دستور کے موافق پیروی کی جائے اور (خون بہا کو) اچھے طریقے سے اس (مقتول کے وارث) تک پہنچا دیا جائے، یہ تمہارے رب کی طرف سے رعایت اور مہربانی ہے، پس جو کوئی اس کے بعد زیادتی کرے تو اس کے لئے دردناک عذاب ہے○“

يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْٓ اَوْلَادِكُمْ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ فَاِنْ كُنَّ نِسَآءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ وَ اِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ وَلِاَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ اِنْ كَانَ لَهٗ وَلَدٌ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلَدٌ وَّ وَرِثَهٗٓ اَبَوٰهُ فَلِاُمِّهِ الثُّلُثُ فَاِنْ كَانَ لَهٗٓ اِخْوَةٌ فَلِاُمِّهِ السُّدُسُ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ اٰبَآؤُكُمْ وَ اَبْنَآؤُكُمْ لَا

(۱) القرآن، البقرہ، ۲:۱۷۸

Marfat.com

تَدْرُوْنَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا فَرِيْضَةً مِّنَ اللهِ اِنَّ اللهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا○[1]

''اللہ تمہیں تمہاری اولاد (کی وراثت) کے بارے میں یہ حکم دیتا ہے کہ لڑکے کے لئے دولڑکیوں کے برابر حصہ ہے، پھر اگر صرف لڑکیاں ہی ہوں (دو یا) دو سے زائد تو ان کے لئے اس ترکہ کا دو تہائی حصہ ہے اور اگر وہ اکیلی ہو تو اس کے لئے آدھا ہے اور مورث کے ماں باپ کے لئے ان دونوں میں سے ہر ایک کو ترکہ کا چھٹا حصہ (ملے گا) بشرطیکہ مورث کی کوئی اولاد ہو، پھر اگر اس میت (مورث) کی کوئی اولاد نہ ہو اور اس کے وارث صرف اس کے ماں باپ ہوں تو اس کی ماں کے لئے تہائی ہے (اور باقی سب باپ کا حصہ ہے)، پھر اگر مورث کے بھائی بہن ہوں تو اس کی ماں کے لئے چھٹا حصہ ہے (یہ تقسیم) اس وصیت (کے پورا کرنے) کے بعد جو اس نے کی ہو یا قرض (کی ادائیگی) کے بعد (ہوگی) تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے تمہیں معلوم نہیں کہ فائدہ پہنچانے میں ان میں سے کون تمہارے قریب تر ہے، یہ (تقسیم) اللہ کی طرف سے فریضہ (یعنی مقرر) ہے بیشک اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہے○''

اسلام کی طرف سے عورت کے قانونی شخص ہونے کا اعتراف ہی اس کے قانونی، سیاسی اور معاشی حقوق کے استحقاق کی بنیاد بنا۔

## (۲) گواہی کا حق

گواہی کی تعریف یہ ہے کہ انسان جو دیکھے یا سنے اُسے سچ سچ بیان کر دے۔ گواہی دینا مرد پر لازم ہے اور عورتوں کو اس کا حق دیا گیا ہے۔

ارشادِ ربانی ہے:

(۱) القرآن، النساء، ۴: ۱۱

Marfat.com

وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ؕ وَمَنْ يَّكْتُمْهَا فَاِنَّهٗ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ۔ (۱)

''اور گواہی کو مت چھپاؤ، جو اسے چھپائے گا اس کا دل گناہ گار ہے۔''

اس طرح ارشادِ نبوی ﷺ ہے:

خير الشهود من أدى شهادته قبل أن يسألها۔ (۲)

''سب سے اچھے گواہ وہ ہیں جو سوال کیے جانے سے بھی پہلے گواہی دے دیں۔''

اسی طرح ایک اور آیت ہے:

وَ اسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ فَاِنْ لَّمْ يَكُوْنَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَّامْرَاَتٰنِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَآءِ۔ (۳)

''اور بنا لو گواہ دو آدمیوں کو تم میں سے اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں جن کو تم گواہ بنانا پسند کرو''۔

اسی طرح یہ آیت ہے:

وَ اَشْهِدُوْا ذَوَىْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ۔ (۴)

''دو عادل آدمیوں کو گواہ بنا لو۔''

اسی طرح یہ آیت ہے:

---

(۱) القرآن، البقرہ، ۲: ۲۸۳

(۲) ابن ماجه، السنن، كتاب الأحكام، باب الرجل عنده الشهادة، ۲: ۷۹۲، رقم: ۲۳۶۴

(۳) القرآن، البقرہ، ۲: ۲۸۲

(۴) القرآن، الطلاق، ۶۵: ۲

Marfat.com

وَاَشْهِدُوْا اِذَا تَبَايَعْتُمْ۔ (۱)

”اور جب خرید و فروخت کرو تو گواہ بنا لو۔“

## وہ مسائل جن میں صرف عورت ہی کی گواہی معتبر ہے

وہ مسائل جن سے مرد آگاہ نہیں ہو سکتے ان میں صرف عورت ہی کی گواہی معتبر ہوگی چاہے گواہی دینے والی ایک ہی عورت ہو:

تجوز شهادة المراة الواحد فيما لا يطلع عليه الرجال۔ (۲)

”جن امور سے مرد مطلع نہیں ہوسکتے ان میں ایک عورت کی گواہی معتبر ہوگی۔“

تجوز شهادة المرأة الواحدة فی الرضاع۔ (۳)

”بچے کی رضاعت میں ایک عورت کی گواہی بھی معتبر ہے۔“

و يقبل فی الولادة والبكارة والعيوب بالنساء فی موضعٍ لا يطلع عليه الرجال شهادة امراة واحد۔ (۴)

”ولادت اور عورتوں کے وہ معاملات جن سے مرد آگاہ نہیں ہوسکتے وہاں ایک عورت کی گواہی قبول کی جائے گی۔“

ہم یہاں ان معاملات اور مسائل کو بیان کریں گے جن میں مردوں کی گواہی معتبر نہیں، بلکہ صرف عورت کی گواہی معتبر ہے ان مسائل میں علماء کا اتفاق ہے اور کوئی اختلافی رائے نہیں پائی جاتی:

---

(۱) القرآن، البقرہ، ۲: ۲۸۲

(۲) عبدالرزاق، المصنف، ۷: ۴۸۴، رقم: ۱۳۹۷۸

(۳) عبدالرزاق، المصنف، ۸: ۳۳۵، رقم: ۱۵۴۰۶

(۴) مرغینانی، ہدایۃ، ۲: ۱۵۴

Marfat.com

**(۱) ولادت اور بچے کے رونے پر گواہی**

اگر بچہ کی ولادت اور بچے کے رونے کے مسئلے میں کوئی نزاع واقع ہو جائے تو یہاں صرف عورت کی گواہی معتبر ہوگی مرد کی نہیں۔ اس لئے کہ یہ ان اُمور میں سے ہے جن پر اکثر اوقات مرد مطلع نہیں ہو سکتے۔ اس معاملے میں حضور نبی اکرم ﷺ نے دائی کی تنہا گواہی جائز قرار دی ہے۔

**(۲) رضاعت**

اسی طرح اگر رضاعت کے معاملے پر اختلاف ہو جائے اور معاملہ قاضی تک پہنچ جائے تو عورت کو یہ حق ہے کہ وہ گواہی دے کیونکہ یہ وہ مسئلہ ہے جو عورت کے ساتھ خاص ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور امام احمدؒ کا موقف ہے کہ دودھ پلانے والی عورت کی تنہا گواہی قبول کی جائے گی۔ اس لئے کہ بخاری میں روایت ہے کہ حضرت عقبہ بن حارث نے اُمِ یحییٰ بنت ابی اہاب سے نکاح کیا۔ تو سوداء لونڈی نے آکر کہا کہ تم دونوں کو میں نے دودھ پلایا تھا تو حضور اکرم ﷺ سے اُنہوں نے یہ مسئلہ پوچھا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

**کیف و قد قیل ففارقها و نکحت زوجا غیره۔**(۱)

”نکاح کیسے (قائم رہ سکتا ہے) اور گواہی دیدی گئی ہے۔ تو عقبہ نے ان سے علیحدگی اختیار کر لی اور بنت ابی اہاب نے کسی اور سے نکاح کر لیا۔“

**(۳) ماہواری پر گواہی**

ماہواری (حیض) کے کسی بھی اختلاف پر بھی گواہی عورت ہی دے سکتی ہے۔

---

(۱) بخاری، الصحیح، کتاب الشهادات، باب إذا شهد شاهد، ۲: ۹۳۴، رقم: ۲۴۹۷

Marfat.com

اسلام میں عورتوں کے حقوق اور عزت و احترام کے اس تذکرے سے یہ حقیقت واضح ہوجاتی ہے کہ انسانی تہذیب کے اس مرحلے پر جب عورت کو جانوروں سے بھی بدتر تصور کیا جاتا تھا اور کسی عزت و تکریم کا مستحق نہیں سمجھا جاتا تھا، آپ ﷺ نے عورت کو وہ حقوق عطا فرمائے جس سے اسے تقدس اور احترام پر مبنی سماجی و معاشرتی مقام نصیب ہوا۔ اور آج کے ترقی یافتہ دور میں بھی یہ صرف اسلام کا عطا کردہ ضابطہ حیات ہے جہاں عورت کو تکریم اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کی ضمانت میسر آ سکتی ہے۔

## ۷۔ عورت کے سیاسی حقوق

### (۱) عورت کا ریاستی کردار

اسلام میں عورت کا کردار صرف خاندان یا معاشرے تک ہی محدود نہیں بلکہ اہلیت کی بنیاد پر عورت کو ریاستی سطح پر بھی کردار دیا گیا ہے۔ قرآن حکیم میں مسلم معاشرے میں ذمہ داریوں کا تعین کرتے ہوئے مرد و خواتین دونوں کو برابر اہمیت دی گئی۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ يَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَ يُطِيْعُوْنَ اللهَ وَ رَسُوْلَهٗ ط اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللهُ ط اِنَّ اللهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ○ (۱)

”اور اہل ایمان مرد اور اہل ایمان عورتیں ایک دوسرے کے رفیق و مددگار ہیں، وہ اچھی باتوں کا حکم دیتے ہیں اور بری باتوں سے روکتے ہیں اور نماز قائم رکھتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت بجا لاتے ہیں، ان لوگوں پر اللہ عنقریب رحم فرمائے گا، بیشک اللہ بڑا غالب بڑی حکمت والا ہے○“

(۱) القرآن، التوبہ، ۹: ۷۱

Marfat.com

اس آیت مبارکہ میں خواتین اور مردوں کوایک دوسرے کا اس طرح مددگار ٹھہرایا گیا ہے کہ:

(الف) سماجی و معاشرتی دائرہ میں معروف کے قیام اور منکر کے خاتمے

(ب) مذہبی دائرہ میں اِقامتِ صلوٰۃ

(ج) اقتصادی دائرہ میں نظام زکوۃ کے قیام

(د) سیاسی دائرہ میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے احکامات کی اطاعت کے ذریعے ایک مثالی اسلامی معاشرہ تشکیل دیں۔

## (۲) رائے دہی کا حق

اسلام نے عورت کو ایک مکمل قانونی فرد تسلیم کرتے ہوئے سربراہ کے چناؤ، قانون سازی اور دیگر ریاستی معاملات میں مردوں کے برابر رائے دہی کا حق دیا ہے۔ عورتوں کوحق رائے دہی دینے کی انسانی، معاشرتی اور تہذیبی اہمیت کا اندازہ اس وقت ہی ہوسکتا ہے جب ہم عورت کے اس حق کے عالمی سطح پر اعتراف کی تاریخ کا جائزہ لیں۔ آج کا جدید معاشرہ صدیوں کی جدوجہد اور نسلی وجنسی امتیاز کی کشمکش سے گزرنے کے بعد انسانی رائے کے تقدس کے شعور کی منزل تک پہنچا ہے۔قبل اس کے کہ صدیوں پہلے عورت کواسلام کے عطا کردہ حقِ رائے دہی کی تفصیل بیان کی جائے۔ انسانی تکریم و تقدیس کے پیش نظر ہم جدید دنیا میں عورت کے حق رائے دہی کے اعتراف کی تاریخ کا مختصر جائزہ پیش کرتے ہیں:

### (ا) برطانیہ میں عورت کا حق رائے دہی

برطانیہ میں عورت کے حق رائے دہی کے لیے جدو جہد کا آغاز 1897ء میں Millicent Fawcett نے National Union of Women's Sufferage کے قیام سے کیا۔ یہ تحریک اس وقت زیادہ زور پکڑ گئی جب 1903 میں

Marfat.com

Emmeline Pankhurst نے Women's Social and Political Union بنائی اور یہ یونین بعد میں Suffragettes کے نام سے مشہور ہوئی۔

برطانیہ کے House of Commons نے 1918ء میں 55 کے مقابلہ میں 385 ووٹوں کی اکثریت سے Representation of People Act پاس کیا جس کے مطابق 30 سال سے زائد عمر کی خواتین کو ووٹ ڈالنے کا حق دیا گیا۔ اگرچہ یہ خواتین کے حق رائے دہی کے اعتراف کا نقطۂ آغاز تھا مگر ابھی عورتوں کو مردوں کے برابر مقام نہیں دیا گیا تھا کیونکہ عام مردوں کے لیے حق رائے دہی کی اہلیت 21 سال اور مسلح افواج کے لئے 19 سال تھی۔

## (۲) امریکہ میں عورت کا حقِ رائے دہی

امریکہ میں 4 جولائی 1776ء کا اعلان آزادی (The Declaration of Indepedence) جدید جمہوری معاشرے کے قیام کی خشتِ اول سمجھا جاتا ہے مگر اس میں بھی عورت کو بنیادی انسانی حقوق کے قابل نہیں سمجھا گیا۔

Richard N. Current کے مطابق نو آبادیاتی معاشرے کی عورت ہر طرح کے حق سے محروم تھی:۔

> In colonial society...a married woman had had virtually no rights at all.... The Revolution did little to change [this].(1)

> ''نو آبادیاتی معاشرے میں ایک شادی شدہ عورت کے کوئی حقوق نہ تھے اور نہ ہی انقلاب آزادی سے اس میں کوئی تبدیلی واقع ہوئی۔''

اسی طرح جب جیفرسن (Jefferson) نے اعلان آزادی میں The people کا لفظ استعمال کیا تو اس سے مراد صرف سفید فام آزاد مرد تھے۔(۲)

(1) Richard N. Current et al., American History: A Survey, 7th ed. (New York: Knopf, 1987), 142.

(2) Lorna C. Mason et al., History of the United States, vol. 1: Beginnings to 1877 (Boston: Houghton Mifflin, 1992), 188.

Marfat.com

اور آج دو صدیوں بعد بھی امریکہ میں عورت مساوی آزادی و مساوات کے لئے مصروف جدوجہد ہے،(۱) کیونکہ:

The Declaration...refers to "men" or "him," not to women.[2]

جان بلم کے الفاظ میں:

[Early American men] would not accept them as equals.[3]

یہی وجہ ہے کہ 1848ء میں Seneca Falls میں ہونے والے تاریخی New York Women's Right Convention کے لیے Declaration of Sentiments لکھتے ہوئے Elizabeth Cady Stanton نے اس بات پر زور دیا کہ اعلان آزادی میں عورت کے نجی اور عمومی مطالبے بھی شامل کیے جائیں۔(۴)

انیسویں صدی کی امریکہ کی عورتوں کے حقوق کی علم بردار Susan B. Anthony کو 1872ء میں صدارتی الیکشن میں ووٹ ڈالنے پر گرفتار کر لیا گیا اور ایک سو ڈالر کا جرمانہ کیا گیا کیونکہ اسے قانونی طور پر حق رائے دہی حاصل نہیں تھا۔

Susan B. Anthony نے امریکی آئین کے دیباچہ کے درج ذیل مندرجات کی روشنی میں یہ موقف اختیار کیا کہ آئین کی رو سے عورت بھی ایک فرد ہے جسے تمام آئینی حقوق حاصل ہونے چاہئیں:

(1) Milton C. Cummings and David Wise, Democracy Under Pressure: An Introduction to the American Political System, 7th ed. (Fort Worth: Harcourt Brace, 1993), 45.

(2) James MacGregor Burns et al., Government by the People, 15th ed. (Englewood Cliffs: Prentice Hall, 1993), 117.

(3) John M. Blum et al., The National Experience: A History of the United States, 8th ed. (Ft. Worth: Harcourt, 1993), 266.

(4) Kerber, Women of the Republic: Intellect and Ideology in Revolutionary America (Chapel Hill: University of North Carolina Press, 1980), xii.

Marfat.com

We, the people of the United States, in order to form a more perfect union, establish justice, insure domestic tranquillity, provide for the common defense, promote the general welfare, and secure the blessings of liberty to ourselves and our posterity, do ordain and establish this Constitution for the United States of America.

''ہم متحدہ ریاستوں کے عوام ریاستہائے متحدہ امریکہ کے آئین کی تشکیل اور نفاذ کرتے ہیں تاکہ زیادہ مکمل یونین تشکیل دی جاسکے، انصاف قائم ہو، داخلی امن و استحکام یقینی بنایا جائے، مشترکہ دفاع مہیا ہو، فلاح عامہ کا فروغ ہو اور اپنے لیے اور آنے والی نسلوں کے لیے آزادی کی نعمت کا تحفظ کیا جائے۔''

4 جون 1919ء کو امریکی کانگرس اور سینٹ نے امریکی آئین کا 19واں ترمیمی بل منظور کیا جس میں یہ قرار پایا:

Article IXX: "The right of citizens of the United States to vote shall not be denied or abridged by the United States or by any State on account of sex."

''آرٹیکل 19: کوئی ریاست یا متحدہ ریاستیں ریاستہائے متحدہ امریکہ کے شہریوں کا حق رائے دہی جنس کی بنیاد پر ختم نہیں کریں گی۔''

امریکہ میں خواتین کو ۱۹۲۰ء تک رائے دہی کا حق حاصل نہ تھا، جب انیسویں آئینی ترمیم منظور ہوئی جس کے تحت یہ حق دیا گیا۔

## (۳) فرانس میں عورت کا حق رائے دہی

7 فروری 1848ء میں فرانس کی عبوری حکومت نے نئی جمہوریہ کے لیے درج ذیل تین حقوق کا لازمی اعتراف کیا:

۱۔ عمومی حق رائے دہی (Universal Sufferage)

۲۔ تعلیم (Education)

Marfat.com

۳۔ روزگار (Employment)

مگراس کے باوجود مساوی آئینی مقام حاصل کرنے کے لیے عورتوں کو کم و بیش 100 سال جدوجہد کرنا پڑی تا آنکہ 1944 میں عورتوں کو حق رائے دہی دیا گیا۔

## (۴) آسٹریلیا میں عورت کا حقِ رائے دہی

آسٹریلیا میں ملک گیر سطح پر خواتین کو رائے دہی کا حق 1926ء میں دیا گیا جبکہ آسٹریلوی پارلیمنٹ کے انتخابات میں کامیابی حاصل کرنے والی پہلی خاتون Edith Cowan تھی جو مغربی آسٹریلیا کی قانون ساز اسمبلی کی 1921ء میں رکن منتخب ہوئی۔ آسٹریلیا میں خواتین کو بتدریج حق رائے دہی ملنے کی تاریخ درج ذیل ہے:

آسٹریلیا میں عورتوں کے سیاسی حقوق:

| State | Right to Vote | Right To Sit | First Woman Elected |
|---|---|---|---|
| South Australia | 1894 | 1894 | 1959 |
| Western Australia | 1899 | 1920 | 1921 |
| Commonwealth | 1902 | 1902 | 1943 |
| New South Wales | 1902 | 1918 LA<br>1926 LC | 1925 LA<br>1931 LC |
| Tasmania | 1903 | 1921 | 1948 |
| Queensland | 1905 | 1918 | 1929 |
| Victoria | 1908 | 1923 | 1933 |

عورتوں کو سب سے پہلے حق رائے دہی دینے والا ملک نیوزی لینڈ تھا جس نے 1893ء میں یہ حق تفویض کیا۔

Marfat.com

## (۵) دیگر ممالک میں خواتین کے سیاسی حقوق:

| Country | Right to Vote | Right to Sit | First Woman Elected |
|---|---|---|---|
| New Zealand | 1893 | 1919 | 1933 |
| Australia | 1902 | 1902 | 1943 |
| Finland | 1906 | 1906 | 1907 |
| Norway | 1907/1913 | 1907/1913 | 1936 |
| Denmark | 1915 | 1915 | 1918 |
| UK | 1918/1928 | 1918 | 1918 |
| Germany | 1918 | 1918 | 1919 |
| Czechoslovakia | 1918 | 1918 | 1920 |
| Austria | 1919 | 1919 | 1919 |
| Canada | 1919 | 1919 | 1921 |
| Netherlands | 1919 | 1917 | 1918 |

مندرجہ بالا تفصیل سے یہ بات واضح ہے کہ آج کی جدید دنیا میں عورت کو حق رائے دہی طویل جدوجہد کے بعد بیسویں صدی میں حاصل ہوسکا جس کی مزید تائید دنیا کے ۱۴۴ ممالک میں عورت کو ملنے والے حق رائے دہی کی درج ذیل تفصیل سے ہوتی ہے:

| HDI Rank | Country | Year women received right to vote |
|---|---|---|
| 1 | Norway | 1907, 1913 |
| 2 | Iceland | 1915 |
| 3 | Sweden | 1861,1921 |
| 4 | Australia | 1902, 1962 |
| 5 | Netherlands | 1919 |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 6 | Belgium | 1919, 1948 |
| 7 | United States | 1920, 1960 |
| 8 | Canada | 1917, 1950 |
| 9 | Japan | 1945, 1947 |
| 10 | Switzerland | 1971 |
| 11 | Denmark | 1915 |
| 12 | Ireland | 1918, 1928 |
| 13 | United Kingdom | 1918, 1928 |
| 14 | Finland | 1906 |
| 15 | Luxembourg | 1919 |
| 16 | Austria | 1918 |
| 17 | France | 1944 |
| 18 | Germany | 1918 |
| 19 | Spain | 1931 |
| 20 | New Zealand | 1893 |
| 21 | Italy | 1945 |
| 22 | Israel | 1948 |
| 23 | Portugal | 1931, 1976 |
| 24 | Greece | 1927, 1952 |
| 25 | Cyprus | 1960 |
| 26 | Barbados | 1950 |
| 27 | Singapore | 1947 |
| 28 | Slovenia | 1945 |
| 29 | Korea, Rep. of | 1948 |
| 30 | Czech Republic | 1920 |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 31 | Malta | 1947 |
| 32 | Argentina | 1947 |
| 33 | Poland | 1918 |
| 34 | Seychelles | 1948 |
| 35 | Hungary | 1918 |
| 36 | Slovakia | 1920 |
| 37 | Uruguay | 1932 |
| 38 | Estonia | 1918 |
| 39 | Costa Rica | 1949 |
| 40 | Chile | 1931, 1949 |
| 41 | Lithuania | 1921 |
| 42 | Croatia | 1945 |
| 43 | Bahamas | 1961, 1964 |
| 44 | Latvia | 1918 |
| 45 | Saint Kitts and Nevis | 1951 |
| 46 | Cuba | 1934 |
| 47 | Belarus | 1919 |
| 48 | Trinidad and Tobago | 1946 |
| 49 | Mexico | 1947 |
| 50 | Antigua and Barbuda | 1951 |
| 51 | Bulgaria | 1937 |
| 52 | Panama | 1941, 1946 |
| 53 | Macedonia, TFYR | 1946 |
| 54 | Libyan Arab Jamahiriya | 1964 |
| 55 | Mauritius | 1956 |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 56 | Russian Federation | 1918 |
| 57 | Colombia | 1954 |
| 58 | Brazil | 1934 |
| 59 | Belize | 1954 |
| 60 | Dominica | 1951 |
| 61 | Venezuela | 1946 |
| 62 | Samoa (Western) | 1990 |
| 63 | Saint Lucia | 1924 |
| 64 | Romania | 1929, 1946 |
| 65 | Thailand | 1932 |
| 66 | Ukraine | 1919 |
| 67 | Suriname | 1948 |
| 68 | Jamaica | 1944 |
| 69 | St. Vincent & Grenadines | 1951 |
| 70 | Fiji | 1963 |
| 71 | Peru | 1955 |
| 72 | Paraguay | 1961 |
| 73 | Philippines | 1937 |
| 74 | Maldives | 1932 |
| 75 | Turkmenistan | 1927 |
| 76 | Georgia | 1918, 1921 |
| 77 | Guyana | 1953 |
| 78 | Grenada | 1951 |
| 79 | Dominican Republic | 1942 |
| 80 | Albania | 1920 |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 81 | Ecuador | 1929, 1967 |
| 82 | Sri Lanka | 1931 |
| 83 | Armenia | 1921 |
| 84 | Cape Verde | 1975 |
| 85 | China | 1949 |
| 86 | El Salvador | 1939 |
| 87 | Algeria | 1962 |
| 88 | Moldova, Rep. of | 1978, 1993 |
| 89 | Viet Nam | 1946 |
| 90 | South Africa | 1930, 1994 |
| 91 | Bolivia | 1938, 1952 |
| 92 | Honduras | 1955 |
| 93 | Equatorial Guinea | 1963 |
| 94 | Mongolia | 1924 |
| 95 | Gabon | 1956 |
| 96 | Guatemala | 1946 |
| 97 | Nicaragua | 1955 |
| 98 | Solomon Islands | 1974 |
| 99 | Namibia | 1989 |
| 100 | Botswana | 1965 |
| 101 | India | 1950 |
| 102 | Vanuatu | 1975, 1980 |
| 103 | Ghana | 1954 |
| 104 | Cambodia | 1955 |
| 105 | Myanmar | 1935 |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 106 | Papua New Guinea | 1964 |
| 107 | Swaziland | 1968 |
| 108 | Comoros | 1956 |
| 109 | Lao People's Dem. Rep. | 1958 |
| 110 | Bhutan | 1953 |
| 111 | Lesotho | 1965 |
| 112 | Congo | 1963 |
| 113 | Togo | 1945 |
| 114 | Cameroon | 1946 |
| 115 | Nepal | 1951 |
| 116 | Zimbabwe | 1957 |
| 117 | Kenya | 1919, 1963 |
| 118 | Uganda | 1962 |
| 119 | Madagascar | 1959 |
| 120 | Haiti | 1950 |
| 121 | Gambia | 1960 |
| 122 | Nigeria | 1958 |
| 123 | Djibouti | 1946 |
| 124 | Eritrea | 1955 |
| 125 | Senegal | 1945 |
| 126 | Guinea | 1958 |
| 127 | Rwanda | 1961 |
| 128 | Benin | 1956 |
| 129 | Tanzania, U. Rep. of | 1959 |
| 130 | Côte d'Ivoire | 1952 |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 131 | Malawi | 1961 |
| 132 | Zambia | 1962 |
| 133 | Angola | 1975 |
| 134 | Chad | 1958 |
| 135 | Guinea-Bissau | 1977 |
| 136 | Congo, Dem. Rep. of the | 1967 |
| 137 | Central African Republic | 1986 |
| 138 | Ethiopia | 1955 |
| 139 | Mozambique | 1975 |
| 140 | Burundi | 1961 |
| 141 | Mali | 1956 |
| 142 | Burkina Faso | 1958 |
| 143 | Niger | 1948 |
| 144 | Sierra Leone | 1961 |

**Notes:**

1. Data refer to the year in which right to vote or stand for election on a universal and equal basis was recognized. Where two years are shown, the first refers to the first partial recognition of the right to vote or stand for election.

**Source:**

IPU (Inter-Parliamentary Union). 1995. Women in Parliaments 1945-1995: A World Statistical Survey. Geneva and IPU (Inter-Parliamentary Union). 2003. Correspondence on year women received the right to vote and to stand for election and year first woman was elected or appointed to parliament. March. Geneva.

Marfat.com

## ریاستِ مدینہ میں حقِ رائے دہی

ریاستِ مدینہ کے مقام کے ساتھ ہی حضور نبی اکرم ﷺ نے اپنی سنت مبارکہ سے عورت کے حق رائے دہی کو قانونی بنیاد فراہم فرمائی۔ آپ ﷺ کی اسی سنت مبارکہ پر عمل کرتے ہوئے خلفائے راشدین نے اپنے ادوار میں خواتین کی رائے کی ریاستی معاملات میں شمولیت یقینی بنائی۔ حضور نبی اکرم ﷺ اسلام میں داخل ہونے والے مردوں سے جس طرح بیعت لیتے تھے اسی طرح عورتوں سے بھی بیعت لیتے تھے۔ قرآن حکیم عورتوں کی بیعت سے متعلق فرماتا ہے:

يَآاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰٓى اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْئًا وَّلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ وَلَا يَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَ اَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○[1]

''اے نبی! جب آپ کی خدمت میں مومن عورتیں اس بات پر بیعت کرنے کے لیے حاضر ہوں کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں ٹھہرائیں گی اور چوری نہیں کریں گی اور بدکاری نہیں کریں گی اور اپنی اولاد کو قتل نہیں کریں گی اور اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے درمیان سے کوئی جھوٹا بہتان گھڑ کر نہیں لائیں گی (یعنی اپنے شوہر کو دھوکہ دیتے ہوئے کسی غیر کے بچے کو اپنے پیٹ سے جنا ہوا نہیں بتائیں گی) اور (کسی بھی) امرِ شریعت میں آپ کی نافرمانی نہیں کریں گی، تو آپ اُن سے بیعت لے لیا کریں اور اُن کے لیے اللہ سے بخشش طلب فرمائیں، بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہے○''

اسی طرح مختلف احادیث میں ہے کہ صحابیات حضور نبی اکرم ﷺ کے ہاتھ پر

(۱) القرآن، الممتحنہ، ۶۰: ۱۲

Marfat.com

بیعت کرتیں:

۱۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں:

**أن رسول الله ﷺ كان يمتحن من هاجر إليه من المؤمنات بهذه الآية بقول الله: ﴿يَآأَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ﴾ ...... إلى قوله ...... ﴿غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ٥﴾ قال عروة: قالت عائشة: فمن أقر بهذا الشرط من المؤمنات، قال لها رسول الله ﷺ: قد بايعتک۔ كلاما، ولا والله ما مست يده يد امرأة قط في المبايعة، ما يبايعهن إلا بقوله: قد بايعتک على ذلک۔**(۱)

''جو مسلمان عورتیں آپ ﷺ کی طرف ہجرت کر کے آتیں تو آپ ﷺ آیت ﴿اے نبی! جب آپ کی خدمت میں مومن عورتیں اس بات پر بیعت کرنے کے لیے حاضر ہوں﴾ ...... تا ...... ﴿بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہے﴾ کے مطابق اُن کا امتحان لیا کرتے۔ عروہ کا بیان ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ نے فرمایا کہ جو مسلمان عورتیں ان شرائط کا اقرار کرتیں تو رسول اللہ ﷺ ان

---

(۱) ۱۔ بخاری، الصحیح، کتاب تفسیر القرآن، باب إذا جاء کم المؤمنات، ۴: ۱۸۵۶، رقم: ۴۶۰۹

۲۔ بخاری، الصحیح، کتاب الطلاق، باب إذا اسلمت المشرکة، ۵: ۲۰۲۵، ۲۰۲۶، رقم: ۴۹۸۳

۳۔ احمد بن حنبل، المسند، ۶: ۲۷۰

۴۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۴: ۲۷۲، رقم: ۴۱۷۳

۵۔ طبرانی، المعجم الصغیر، ۱: ۳۲۷، رقم: ۵۴۱

۶۔ ابن منده، الایمان، ۲: ۵۲۸، رقم: ۴۹۴

۷۔ ابن منده، الایمان، ۲: ۵۲۸، رقم: ۴۹۴

۸۔ مبارک پوری، تحفة الاحوذی، ۹: ۱۴۳، ۱۴۴

Marfat.com

عورتوں سے فرما دیا کرتے کہ میں نے تمہیں بیعت کر لیا۔ اور خدا کی قسم، بیعت کرتے وقت آپ ﷺ کے دست مبارک نے کسی عورت کا ہاتھ قطعاً نہیں چھوا۔ آپ ﷺ کا عورتوں کو بیعت کرنا صرف زبانی کلامی ہوتا کہ فرما دیتے کہ میں نے تمہیں فلاں بات پر بیعت کر لیا ہے۔''

۲۔ حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں:

بايعنا النبی ﷺ، فقرأ علينا: ﴿أَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللهِ شَيْئًا﴾ و نهانا عن النياحة، فقبضت امرأة منا يدها، فقالت: فلانة أسعدتنی، و أنا أريد أن أجزيها، فلم يقل شيئا، فذهبت ثم رجعت، فما وفت امرأة إلا أم سليم، و أم العلاء، و ابنة أبی سبرة امرأة معاذ، أو ابنة أبی سبرة، و امرأة معاذ۔ (۱)

''ہم نے حضور نبی اکرم ﷺ سے بیعت کی تو آپ ﷺ نے یہ آیت پڑھی: ''اور تم اللہ کا کسی کو شریک نہ ٹھہرانا'' اور ہمیں نوحہ کرنے سے منع فرمایا۔ چنانچہ ہم میں سے ایک عورت نے اپنا ہاتھ روک لیا اور عرض گزار ہوئی کہ فلاں عورت نے نوحہ کرنے میں میری مدد کی تھی اور میں اس کا بدلہ اتارنا چاہتی ہوں۔ آپ ﷺ نے کچھ نہ فرمایا، وہ چلی گئی اور پھر لوٹ کر آئی۔ یہ باتیں ام سلیم، ام العلاء، ابوسبرہ کی صاحبزادی اور معاذ کی بیوی کے سوا دیگر عورتوں سے پوری طرح نبھائی نہ جا سکیں۔''

(۱) ۱۔ بخاری، الصحيح، كتاب الاحكام، باب بيعة النساء، ۶:۲۶۳۷، رقم: ۶۷۸۹

۲۔ بيهقی، السنن الكبریٰ، ۴: ۶۲

۳۔ عسقلانی، فتح الباری، ۸: ۶۳۸

۴۔ ابن كثير، تفسير القرآن العظيم، ۴: ۳۵۴

Marfat.com

آپ ﷺ کی اس سنت مبارکہ پر عمل خلافت راشدہ کے دور میں بھی جاری رہا اور رائے دہی کے معاملات میں خواتین کو بھرپور شمولیت دی گئی۔ حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ سے مروی روایت میں ہے کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے بعد جانشین کے انتخاب کے لئے چھ رکنی کمیٹی تشکیل دی تو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کو چیف الیکشن کمشنر نامزد کر دیا گیا۔ انہوں نے استصواب عام کے ذریعے مسلسل تین دن گھر گھر جا کر لوگوں کی آراء معلوم کیں جن کے مطابق بھاری اکثریت نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو خلیفہ بنائے جانے کے حق میں فیصلہ دیا۔ اس الیکشن میں خواتین بھی شامل ہوئیں اور تاریخ میں پہلی بار ایسی مثال قائم کی گئی(۱)۔ جبکہ آج کے دور دور میں ہم سیاسی معاملات میں عورت کی شمولیت کا سہرا مغرب کے سر رکھتے ہیں حالانکہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔ یہ اسلام ہی تھا جس نے آج سے چودہ سو سال قبل عورت کو رائے حق دہی کا حق عطا کیا۔

## (۳) مقنّنہ (parliament) میں نمائندگی کا حق

حضور نبی اکرم ﷺ کے عطا کردہ زریں جمہوری اصولوں پر خلفائے راشدین بھی کاربند رہے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے مختلف ریاستی معاملات میں خواتین سے مشاورت کی۔ ایک رات حضرت عمر رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ میں لوگوں کے مسائل سے آگہی کے لئے گھوم رہے تھے کہ ایک گھر سے آپ رضی اللہ عنہ نے ایک عورت کے اشعار سنے جس میں وہ اپنے شوہر کی جدائی کا ذکر کر رہی تھی۔ جس کا شوہر جہاد پر جانے کی وجہ سے کافی عرصہ سے گھر سے دور تھا۔ اس معاملہ نے آپ کو پریشان کردیا اور آپ نے واپس آتے ہی ام المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے اس پر مشاورت کی اور ان کے مشورہ سے مجاہدین کے

(۱) ۱۔ بخاری، الصحیح، کتاب الاحکام، باب کیف یبایع، ۶: ۲۶۳۴، ۲۶۳۵، رقم: ۶۷۸۱

۲۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۸: ۱۴۷

۳۔ طبری، تاریخ الامم و الملوک، ۳: ۳۵۔ ۳۷

۴۔ ابن کثیر، البدایہ و النہایہ، ۵: ۲۲۶، ۲۲۷

Marfat.com

گھر سے دور رہنے کی زیادہ سے زیادہ مدت چار ماہ مقرر فرمائی۔(۱)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے نظام خلافت کی تفاصیل سے واضح ہوتا ہے کہ آپ کی مجلس شوریٰ میں خواتین کو بھی نمائندگی حاصل تھی۔ ایک موقع پر جب آپ نے مجلس شوریٰ سے عورتوں کے مہر کی مقدار متعین کرنے پر رائے لی تو مجلس شوریٰ میں موجود ایک عورت نے کہا آپ کو اس کا حق اور اختیار نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَ اِنْ اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ وَّ اٰتَيْتُمْ اِحْدٰهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْئًا ؕ اَتَاْخُذُوْنَهٗ بُهْتَانًا وَّ اِثْمًا مُّبِيْنًا ۝(۲)

''اور اگر تم ایک بیوی کے بدلے دوسری بیوی بدلنا چاہو اور تم اسے ڈھیروں مال دے چکے ہو تب بھی اس میں سے کچھ واپس مت لو۔ کیا تم ظلم و دہشت کے ذریعے اور کھلا گناہ کر کے وہ مال (واپس) لو گے ۝''

اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی تجویز واپس لے لی اور فرمایا:

امرأة خاصمت عمر فخصمته۔(۳)

''ایک عورت نے عمر سے بحث کی اور وہ اُس پر غالب آ گئی۔''

دوسری روایت کے مطابق آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

امراة أصابت و رجل أخطاء۔(۴)

''عورت نے صحیح بات کی اور مرد نے غلطی۔''

اس واقعہ کی رو سے یہ بات ملحوظ خاطر رہے کہ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کسی عوامی جگہ یعنی

(۱) سیوطی، تاریخ الخلفاء: ۱۳۹

(۲) القرآن، النساء، ۴: ۲۰

(۳) عبدالرزاق، المصنف، ۶: ۱۸۰، رقم: ۱۰۴۲۰

(۴) شوکانی، نیل الاوطار، ۶: ۱۷۰

Marfat.com

مارکیٹ، بازار وغیرہ میں ریاستی معاملہ discuss نہیں کر رہے تھے بلکہ یہ مسئلہ پارلیمنٹ میں زیرِ غور تھا جس کا مطلب ہے کہ عامۃ الناس کی بجائے منتخب افراد ہی اس عمل مشاورت میں شریک تھے۔ لہٰذا ایک خاتون کا کھڑے ہو کر بل پر اعتراض کرنے سے یہ مفہوم نمایاں طور پر اخذ ہوتا ہے کہ اس دور میں خواتین کو ریاستی معاملات میں شرکت کرنے، حکومت میں شامل ہونے اور اپنی رائے پیش کرنے کا اختیار حاصل تھا۔ مزید برآں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا بل واپس لے لینا اور اپنی غلطی کا اعتراف کر لینا اس بات کا بین ثبوت ہے کہ اسلام میں جنسی امتیاز کے لئے کوئی جگہ نہیں اور مرد و زن کو یکساں حقوق حاصل ہیں۔

ثانیاً اس واقعہ سے اسلامی ریاست کے آئینی و قانونی معاملات چلانے کے بارے میں بھی ہدایات ملتی ہیں، اسلامی ریاست میں بل پارلیمنٹ کے سامنے پیش کیا جاتا ہے اور پھر ہر رکن پارلیمنٹ اس کے بارے میں اپنی رائے دیتا ہے۔ اگر مخالفت میں دلائل ٹھوس اور مضبوط ہوں تو بل واپس بھی لیا جاتا ہے ورنہ باہمی اتفاق رائے سے وہ بل قانون بنا دیا جاتا ہے، اور دورِ جدید میں یہی طریقہ کار جمہوریت کہلاتا ہے۔

## (۴) عورت بطور سیاسی مشیر

اسلام سے قبل خواتین کو کسی بھی سماجی یا سیاسی کردار کا اہل نہیں سمجھا جاتا تھا۔ اسلام نے عورت کو سماجی و معاشرتی زندگی میں پر وقار عطا کیا۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی سنت مبارکہ سے خواتین سے مشاورت کی تعلیم دی۔ آغازِ نبوت میں حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا کردار اس کی واضح نظیر ہے۔ صلح حدیبیہ کے موقع پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کفار مکہ سے معاہدہ کے بعد ظاہری صورت حال کے پیش نظر مغموم تھے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب انہیں ارشاد فرمایا:

قوموا فانحروا ثم احلقوا۔ [1]

(۱) ۱۔ بخاری، الصحیح، کتاب الشروط، باب الشروط فی الجهاد، ۲: ۹۷۸، رقم: 2581

Marfat.com

''کھڑے ہو جاؤ اور قربانی کرو اور بال کٹواؤ۔''

تو صحابہ ﷺ میں سے کوئی بھی کھڑا نہ ہوا۔ اس پر آپ ﷺ اپنی قیام گاہ پر حضرت ام سلمہ ﷺ کے پاس تشریف لائے اور ان سے مشورہ کیا تو حضرت ام سلمہ نے آپ ﷺ کو مشورہ دیتے ہوئے فرمایا:

**یا نبی اللہ: اتحب ذلک ...... اخرج الیھم ثم لا تکلم احدا منھم کلمة حتی تنحر بدنک، و تدعو حالقک، فیحلقک فخرج، فلم یکلم احدا منھم حتی فعل ذلک ...... نحر بدنه و دعا حالقه فحلقه، فلما رأوا ذلک قاموا فنحروا، و جعل بعضھم یحلق بعض حتی کاد بعضھم یقتل بعض غما۔**(۱)

......... ۲۔ ابوداؤد، السنن، کتاب الجھاد، باب فی صلح العدو، ۳:۸۵، رقم: ۲۷۶۵

۳۔ احمد بن حنبل، المسند، ۴: ۳۳۰

۴۔ عبدالرزاق، المصنف، ۵: ۳۴۰، رقم: ۹۷۲۰

۵۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۷: ۳۸۹، رقم: ۳۶۸۵۵

۶۔ ابن جارود، المنتقی: ۱۳۳، رقم: ۵۰۵

۷۔ بیھقی، السنن الکبری، ۵: ۲۱۵

۸۔ بیھقی، السنن الکبری، ۹: ۲۲۰

۹۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۰: ۱۴، رقم: ۱۳

(۱) ۱۔ بخاری، الصحیح، کتاب الشروط، باب الشروط فی الجھاد، ۲: ۹۷۸، رقم: ۲۵۸۱

۲۔ عبدالرزاق، المصنف، ۵: ۳۴۰، رقم: ۹۷۲۰

۳۔ طبری، تاریخ الامم و الملوک، ۲: ۶۳۷

۴۔ ابن حبان، الصحیح، ۱۱: ۲۲۵، رقم: ۴۸۷۲

۵۔ ابن حزم، الاحکام، ۴: ۴۴۷

Marfat.com

''اے نبی اللہ! کیا آپ یہ چاہتے ہیں کہ وہ آپ کے حسب حکم قربانی کریں اور سر منڈوائیں...... (تو پھر) آپ ﷺ ان کی طرف تشریف لے جائیں اور ان میں سے کسی سے بھی گفتگو نہ کریں بلکہ اپنی قربانی کا جانور ذبح فرمائیں۔ اور حجام کو بلائیں جو آپ ﷺ کے بال کاٹے گا۔ اس پر آپ ﷺ باہر تشریف لے گئے اور آپ ﷺ نے کسی سے کلام نہ فرمایا بلکہ اسی طرح کیا یعنی قربانی کا جانور ذبح کیا اور حجام کو بلایا جس نے آپ ﷺ کے بال کاٹے جب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے یہ دیکھا تو کھڑے ہوگئے اور قربانی کرنے لگے اور ایک دوسرے کے بال بنانے لگے۔ حالانکہ ان کی شدت غم کا یہ عالم تھا کہ گویا ایک دوسرے کو (اس غم سے) قتل کر دیتے۔''

صلح حدیبیہ کے موقع پر آپ ﷺ کا ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے مشورہ کرنا صائبۃ الرائے خواتین سے مشاورت کا اصول بیان کرتا ہے۔ (۱)

آپ ﷺ کی اس تعلیم پر خلفائے راشدین بھی عمل پیرا رہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عسکری خدمات انجام دینے والے افراد کے گھر سے باہر رہنے کی مدت کا تعین ام المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے مشورہ سے کیا۔

## (۵) اِنتظامی ذمہ داریوں پر تقرری کا حق

مسلم معاشرے میں خواتین کو صرف مجلس شوریٰ کی رکنیت کا حق ہی حاصل نہیں تھا بلکہ وہ مختلف انتظامی ذمہ داریوں پر بھی فائز رہیں مثلاً حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے شفا بنت عبداللہ عدویہ کو بازار کا نگران مقرر کیا تھا۔ وہ قضاء الحسبہ (Accountability Court) اور قضاء سوق (Market Administration) کی ذمہ دار تھیں۔

شفاء بڑی سمجھ دار اور با صلاحیت خاتون تھیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کی رائے کو

(۱) ابن حجر عسقلانی، فتح الباری، ۶: ۲۷۵

Marfat.com

مقدم رکھتے تھے اور پسند فرمایا کرتے تھے اور دوسروں پر فضیلت دیتے تھے۔[۱]

حضرت سمراء بنت نہیک اسدیہ رضی اللہ عنہا نے حضور ﷺ کا زمانہ مبارک پایا تھا اور کافی عمر رسیدہ تھیں۔ وہ جب بازار میں سے گزرتیں تو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتی تھیں۔ ان کے پاس ایک کوڑا تھا جس سے ان لوگوں کو مارتی تھیں جو کسی برے کام میں مشغول ہوتے۔[۲]

## (۶) سفارتی مناصب پر فائز ہونے کا حق

ریاستی معاملات میں عورت کے کردار پر اسلام کے اعتماد کا نتیجہ تھا کہ حضرت عثمان ﷺ نے اپنے دورِ خلافت میں ۲۸ھ میں حضرت اُم کلثوم بنت علی رضی اللہ عنہما کو ملکہ روم کے دربار میں سفارتی مشن پر بھیجا۔

> بعثت أم كلثوم بنت عليّ بن أبي طالب إلى ملكة الروم بطيب و مشارب واحفاش من احفاش النساء ...... وجاءت امرأة هرقل و جمعت نساءها و قالت: هذه هدية امرأة ملك العرب و بنت نبيهم۔[۳]

> ”حضرت اُم کلثوم بنت علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہما کو روم کی ملکہ کی طرف خوشبو، مشروبات اور عورتوں کے سامان رکھنے کے صندوقچے دے کر بھیجا گیا۔ ...... آپ کے اِستقبال کے لیے ہرقل کی زوجہ آئی اور اس نے (روم کی) خواتین کو جمع کیا اور کہا: یہ تحفے عرب کے بادشاہ کی بیوی اور ان کے نبی کی بیٹی

(۱) ۱۔ ابن حزم، المحلی، ۹: ۴۲۹

۲۔ ابن عبدالبر، الاستیعاب بر حاشیہ الاصابہ، ۴: ۳۴۱

(۲) ابن عبدالبر، الاستیعاب بر حاشیہ الاصابہ، ۴: ۳۳۵

(۳) طبری، تاریخ الامم والملوک، ۲: ۶۰۱

Marfat.com

لے کر آئی ہیں۔‘‘

اس طرح آپ نے سفارتی مناصب پر عورتوں کی تقرری کی نظیر قائم فرمائی۔

## (۷) ریاست کی دفاعی ذمہ داریوں میں نمائندگی کا حق

حضور نبی اکرم ﷺ کے دور مبارک میں عورتیں جہاد میں برابر حصہ لیتی تھیں۔ آپ ﷺ نے عورتوں کو جہاد میں حصہ لینے کی حوصلہ افزائی فرمائی، عورتوں کی یہ حیثیت اسلامی معاشرے میں ان کے فعال کردار اور نمایاں مقام کا مظہر ہے:

**عن انس قال: دخل رسول الله ﷺ علی ابنة ملحان فاتکأ عندها، ثم ضحک، فقالت: لم تضحک یا رسول الله؟ فقال: ناس من امتی یرکبون البحر الأخضر فی سبیل الله، مثلهم مثل الملوک علی الاسرة۔ فقالت: یا رسول الله، ادع الله ان یجعلنی منهم۔ قال: اللهم اجعلها منهم، ثم عاد فضحک فقالت له مثل أو ممّ ذلک؟ فقال لها مثل ذلک، فقالت: ادع الله ان یجعلنی منهم۔ قال: انت من الاولین ولست من الاخرین۔ قال انس: فتزوجت عبادة بن الصامت فرکبت البحر مع بنت قرظة، فلما قفلت، رکبت دآبتها فوقصت بها فسقطت عنها فماتت۔(۱)**

’’حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ بنت ملحان رضی اللہ عنہا کے گھر جلوہ افروز ہوئے تو ٹیک لگائی اور سو گئے پھر ہنسے تو انہوں نے دریافت کیا: یا رسول اللہ! آپ کو کس چیز نے ہنسایا ہے؟ فرمایا، میری امت کے کچھ افراد راہ خدا میں اس سبز سمندر پر سواری کر رہے ہیں۔ ان کی مثال ایسی ہے جیسے بادشاہ

(۱) بخاری، الصحیح، کتاب الجهاد والسیر، باب غزو المرأة، ۳:۱۰۵۵، رقم: ۲۷۲۲

Marfat.com

اپنے تختوں پر بیٹھتے ہیں۔ عرض گزار ہوئیں: یا رسول اللہ! دعا کیجئے کہ اللہ تعالیٰ مجھے ان میں شمار فرما لے۔ آپ ﷺ نے دعا کی: اے اللہ! اسے ان میں شامل فرما لے۔ آپ ﷺ پھر سو گئے اور پھر ہنسے اور پھر اسی طرح پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے پہلے کی طرح جواب دیا۔ انہوں نے التجا کی کہ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے، مجھے اس گروہ میں شامل فرما لے۔ فرمایا تمہارا شمار پہلے گروہ میں ہے نہ کہ دوسرے میں، حضرت انس ﷺ فرماتے ہیں کہ اس کے بعد انہوں نے حضرت عبادہ بن صامت سے نکاح کر لیا پھر یہ (حضرت معاویہ کی بیوی) بنت قرظہ کے ہمراہ بحری سفر پر نکلیں جب واپس لوٹیں تو اپنے جانور پر سوار ہونے لگیں لیکن اس سے گر پڑیں اور جاں بحق ہو گئیں۔''

عن انس قال: لما کان یوم احد انهزم الناس عن النبی ﷺ قال: ولقد رأیت عائشة بنت ابی بکر و ام سلیم و انهما لمشمرتان، اری خدم سوقهما، تنقزان القرب و قال غیره: تنقلان القرب علی متونهما، ثم تفرغانه فی أفواه القوم ثم ترجعان فتملآنها ثم تجیئان فتفرغانها فی افواه القوم۔(۱)

''حضرت انس ﷺ نے فرمایا کہ جب جنگ احد میں لوگ حضور نبی اکرم ﷺ سے دور ہو گئے تو میں نے حضرت عائشہ بنت ابوبکر اور حضرت اُم سلیم رضی اللہ عنہما کو دیکھا کہ دونوں نے اپنے دامن سمیٹے ہوئے ہیں اور میں ان کے پیروں کی پازیب دیکھ رہا تھا دونوں اپنی پیٹھ پر پانی کی مشکیں لاتیں اور پیاسے مسلمانوں کو پلاتی تھیں پھر لوٹ جاتیں اور مشکیزے بھر کر لاتیں اور پیاسے مسلمانوں کو پلاتیں۔''

(۱) بخاری، الصحیح، کتاب الجهاد والسیر، باب غزو المرأة، ۳: ۱۰۵۵، رقم: ۲۷۲۴

Marfat.com

**قال ثعلبة بن ابی مالک: ان عمر ابن الخطاب قسم مروطا بین نساء من نساء المدینة فبقی مرط جید، فقال له بعض من عنده: یا أمیر المومنین اعط هذا ابنة رسول الله ﷺ التی عندک یریدون ام کلثوم بنت علی، فقال عمر: أُم سلیط احق و ام سلیط من نساء الانصار ممن بایع رسول الله ﷺ قال عمر: فانها کانت تزفر لنا القرب یوم احد۔(۱)**

''ثعلبہ بن ابو مالک روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب ﷺ نے مدینہ منورہ کی مستورات میں کچھ چادریں تقسیم کی تھیں۔ ایک عمدہ چادر باقی بچ رہی۔ حاضرین میں سے کسی نے کہا اے امیرالمومنین! یہ رسول اللہ ﷺ کی اس صاحبزادی کو دے دیجئے جو آپ کے حرم میں ہے۔ ان کی مراد ام کلثوم بنت علی رضی اللہ عنہما سے تھی۔ حضرت عمر نے فرمایا کہ ام سلیط زیادہ حقدار ہیں اور ام سلیط انصار کی ان عورتوں میں سے ہیں جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کے دست مبارک پر بیعت کی تھی اور یہ اس لئے بھی زیادہ حقدار ہیں کہ جنگ احد میں ہمارے لئے مشک بھر بھر کر لاتی تھیں۔''

**عن انس قال کان رسول الله ﷺ یغزوبام سلیم و نسوة معها من الانصار یسقین المآء ویدا وین الجرحی۔(۲)**

(۱) بخاری، الصحیح، کتاب الجهاد والسیر، باب حمل النساء، ۳: ۱۰۵۶، رقم: ۲۷۲۵

(۲) ۱۔ترمذی، السنن، کتاب السیر، ماجاء فی الخروج، ۴: ۱۳۹، رقم: ۱۵۷۵

۲۔ ابودائود، السنن، کتاب الجهاد، باب فی النساء یغزون، ۳: ۱۸، رقم: ۲۵۳۱

۳۔ابن حبان، الصحیح، ۱۱: ۲۶، رقم: ۴۷۲۳

Marfat.com

''حضرت انس ﷛ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اُم سلیم اور کچھ انصاری خواتین کے ہمراہ جہاد فرماتے تھے یہ خواتین پانی پلاتی تھیں اور زخمیوں کی مرہم پٹی کرتی تھیں۔''

**عن ام عطیة قالت غزوت مع رسول اللہ ﷺ سبع غزوات اخلفهم فی رحالهم فاصنع لهم الطعام و اداوی الجرحی و اقوم علی المرضی۔**(۱)

''حضرت اُم عطیہ فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سات جہاد کیے میں غازیوں کی منزلوں میں ان کے پیچھے رہتی تھی ان کے لئے کھانا پکاتی تھی زخمیوں کی مرہم پٹی کرتی تھی اور بیماروں کے علاج کا انتظام کرتی تھی۔''

حضور اکرم ﷺ کے دور مبارک میں ایسی خواتین کا تذکرہ ملتا ہے جنہوں نے بے مثال عسکری خدمات انجام دیں حضرت عائشہؓ اور حضرت نسیبہ بنت کعب نے غزہ احد میں شرکت کی، صفیہ بنت عبدالمطلب نے غزوہ خیبر میں یہودی کو قتل کیا۔ ازرہ بنت الحارث نے اہل بیسان کے خلاف لڑائی میں حصہ لیا۔ ام عطیہ الانصاریہ نے آپ ﷺ کے ساتھ سات غزوات میں شرکت کی۔ ام حکیم بنت الحارث روم کے خلاف معرکے میں شریک تھیں۔ یہی نہیں، کتب تاریخ بے شمار دیگر خواتین کے عسکری کردار کا تذکرہ بھی پیش کرتی ہیں۔(۲)

---

(۱) مسلم، الصحیح، کتاب الجهاد والسیر، باب النساء الغازیات، ۳: ۱۴۴۷، رقم: ۱۸۱۲

(۲) ۱۔ واقدی، المغازی، ۲: ۵۷۴

۲۔ بیہقی، دلائل النبوة، ۲: ۲۱۲

۳۔ بلاذری، انساب الاشراف، ۱: ۳۲۶

Marfat.com

## (۸) عورت کا حقِ اَمان دہی

عورت کے ریاستی کردار کا نمایاں اظہار اسے آپ ﷺ کی طرف سے عطا کردہ حق امان دہی سے بھی ہوتا ہے۔

۱۔ حضور نبی اکرم ﷺ کی صاحبزادی حضرت زینب رضی اللہ عنہا نے اپنے شوہر ابوالعاص بن الربیع کو امان دی جسے آپ ﷺ نے برقرار رکھا۔ (۱)

۲۔ حضرت ام ہانی بنت ابی طالب نے اپنے دیوروں میں سے دو اشخاص کو امان دی اور رسول اکرم ﷺ نے ان کی امان کو بھی برقرار رکھتے ہوئے فرمایا:

قد أمّنا من أمّنت۔ (۲)

''(اے اُم ہانی!) جس کو تم نے امان دی اس کو ہم نے بھی امان دی۔''

۳۔ حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

إن المرأة تأخذ للقوم، یعنی تجیر علی المسلمین۔ (۳)

''عورت پوری قوم کے لئے امان دے سکتی ہے یعنی مسلمانوں کی طرف سے امان دے سکتی ہے۔''

۴۔ عورت کی امان کا صحیح ہونا رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام کے زمانہ میں ایک عام

---

(۱) ابن ہشام، السیرۃ النبویۃ، ۱: ۶۵۷

(۲) ۱۔ ترمذی، السنن، کتاب السیر، باب ما جاء فی أمان العبد، ۴: ۱۴۱، رقم: ۱۵۷۹

۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۶: ۳۴۱، رقم: ۲۶۹۳۶

(۳) ۱۔ ترمذی، السنن، کتاب السیر، باب ما جاء فی أمان العبد، ۴: ۱۴۱، رقم: ۱۵۷۹

۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲: ۳۶۵

Marfat.com

بات تھی۔ یہاں تک کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا:

إن كانت المرأة لتجير على المؤمنين فيجوز۔[1]

"اگر کوئی عورت (مسلمانوں کی مصلحت کے خلاف بھی) کسی کو امان دے دے تو جائز ہے۔"

## (۹) مسلم معاشرے میں عورت کا کردار

یہ عورت کو اسلام کی عطا کردہ عزت اور تکریم ہی تھی جس سے وہ معاشرے کا ایک موثر اور باوقار حصہ بن گئی اور اس نے زندگی کے ہر شعبے میں نمایاں کردار ادا کیا۔ سیاسی و انتظامی اور سفارتی کردار کے علاوہ تعلیم و فن کے میدان میں بھی عورتیں نمایاں مقام کی حامل تھیں۔ روایتِ حدیث، قرات و کتابت، شعر و ادب اور دیگر علوم و فنون میں بھی بے شمار خواتین مہارت اور سند کا درجہ رکھتی تھیں،[2] جن سے کچھ کا ذکر ذیل میں دیا گیا ہے:

| نمبر شمار | نام | کردار شہرت |
|---|---|---|
| ۱۔ | اُم المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا | روایتِ حدیث، فقہ و قانون، تاریخ، علم الانساب، شعر، طب، علم نجوم |
| ۲۔ | اسماء بنت ابی بکر | روایتِ حدیث |
| ۳۔ | اُم عبد اللہ بن زبیر | روایتِ حدیث |

---

(۱) ابوداؤد، السنن، کتاب الجهاد، باب فی أمان المرأة، ۳:۸۴، رقم: ۲۷۶۴

(۲) ۱۔ طبری، تاریخ الامم و الملوک، ۴: ۲۶۰

۲۔ ابن عبد البر، الاستیعاب بر حاشیہ الاصابہ، ۴: ۳۳۵

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۴۔ | شفاء العدویہ | قرات وکتابت کی ماہر، ام المومنین حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہما کی (قبل از شادی) معلّمہ |
| ۵۔ | عائشہ بنت طلحہ | شعر وادب، نجوم، علم الافلاک کی ماہرہ<br>حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی شاگرد و بھانجی |
| ۶۔ | سکینہ بنت حسین رضی اللہ عنہما | شعر وادب کی ماہرہ |
| ۷۔ | ولادہ بنت سکفی الیادی | شعر وادب کی ماہرہ |
| ۸۔ | علیہ بنت مہدی | شعر وادب کی ماہرہ |
| ۹۔ | حمرہ بنت زیادت | شعر وادب کی ماہرہ |
| ۱۰۔ | خنساء | شعر وادب کی ماہرہ |
| ۱۱۔ | عائشہ الباعونیہ | شعر وادب کی ماہرہ |
| ۱۲۔ | میمونہ بنت سعد | روایتِ حدیث (حضرت علی ﷺ نے ان سے روایت کی ہے) |
| ۱۳۔ | کریمہ مروزیہ | روایتِ حدیث، امام بخاری نے ان سے اخذِ حدیث کیا |
| ۱۴۔ | ام فضل کریمہ بنت عبد الوہاب | محدثہ، مؤرّخ محمد بن ابی شامہ کی (علم حدیث میں) معلّمہ |
| ۱۵۔ | فاطمۃ بنت عباس | عالمہ، فقیہہ، واعظہ، مصر و دمشق میں بڑا اثر تھا |
| ۱۶۔ | فاطمۃ حمرانیہ | محدثہ |
| ۱۷۔ | اخت مزنی | امام شافعی سے کسبِ علم کیا، مرافعی نے ان سے مسائل زکوٰۃ بیان کئے |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۱۸۔ | نفیسہ بنت حسن بن زید بن حسن بن علی بن ابی طالب | عالمہ |
| ۱۹۔ | ہجیمہ بنت حیّ | تابعین میں سے ہیں، محدثہ، ترمذی و ابن ماجہ نے ان سے روایت کی |
| ۲۰۔ | فخر النساء سیدہ شہیدہ (۵ھ) | ادب اور تاریخ اسلامی کی ماہرہ اور معلمہ |
| ۲۱۔ | سیدہ عائشہ بنت احمد بن قادم اندلسیہ | عالمہ، فاضلہ، ماہر کتابت |
| ۲۲۔ | لبنی | لغت ونحو کی عالمہ |
| ۲۳۔ | فاطمۃ بنت علی بن حسین بن حمزہ | فقہ حنبلی کی ماہرہ، معاصر علماء نے ان سے قراۃ کی اور سند دارمی کی اجازت لی |
| ۲۴۔ | رابعہ قسیسہ عدویہ | واعظہ، حسن بصری نے بھی ان سے استفادہ کیا |
| ۲۵۔ | سارہ بنت عمر بن عبد العزیز | محدثہ |
| ۲۶۔ | ام ایمن حبشیہ | عالمہ، فاضلہ |
| ۲۷۔ | شفاء بنت عبداللہ عدویۃ | روایت حدیث کی ماہرہ |
| ۲۸۔ | درہ بنت ابی لہب | محدثہ، شاعرہ |
| ۲۹۔ | فاطمۃ بنت قیس | عالمہ، فقیہہ |
| ۳۰۔ | اسماء بنت ابی بکر | علم طب کی ماہرہ |
| ۳۱۔ | فریعہ بنت مالک | محدثہ، مجاہدہ |
| ۳۲۔ | سلمی بنت قیس انصاریہ | علم طب کی ماہرہ |
| ۳۳۔ | زینب بنت ابی سلمہ | محدثہ، فقیہہ، عالمہ |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۳۴۔ | ام کلثوم بنت عقبہ امویہ | کاتبہ، قاریہ، روایہ و محدثہ |
| ۳۵۔ | صفیۃ بنت عبد المطلب | شاعرہ |
| ۳۶۔ | ام سنان اسلمیہ | محدثہ |
| ۳۷۔ | ام فضل بنت حارث | محدثہ، راویہ، فقیہہ |
| ۳۸۔ | سیدہ شریفہ فاطمہ | یمن، صنعاء و نجران کی والیہ |
| ۳۹۔ | شفاء بنت عبداللہ مخزومیہ | حضرت عمر نے انہیں عدالتی ذمہ داری، قضاء الحسبہ (accountability court) اور قضاء السوق (market administration) پر فائز کیا۔ |
| ۴۰۔ | ام خلیفہ مقتدر | سربراہ محکمہ استئناف (appellant court)، بغداد |
| ۴۱۔ | سیدہ اروی بنت احمد بن محمد | 5ھ کے اواخر میں یمن کی حاکمہ تھیں، 'الملک الاکرم' کی زوجہ |
| ۴۲۔ | سیدہ حنیفہ خانون | سلطان صلاح الدین کی بھتیجی 634ھ میں حلب کی والیہ رہیں |
| ۴۳ | 80 سے زائد خواتین محدثات | ابن عساکر نے ان سے روایت کی(۱) |

---

(۱) ۱۔ مسلم، الصحیح، کتاب الإیمان، باب بیان أن الإسلام بدأ غریبا ۷: ۱۴۴، ۱۴۵

۵۔ ابن سعد، الطبقات الکبریٰ، ۸: ۴۵۔۴۸

۶۔ ابن سعد، الطبقات الکبریٰ، ۲: ۳۳۰

۷۔ بیہقی، دلائل النبوہ، ۵: ۴۱۶، ۴۱۷

Marfat.com

دفاعی اور جنگی مہمات میں حصہ لینے والی نمایاں خواتین درج ذیل ہیں:

| نمبر شمار | نام | وجہ شہرت |
|---|---|---|
| ۱۔ | حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا | غزوہ احد میں شرکت |
| ۲۔ | حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا | غزوہ احد میں شرکت |
| ۳۔ | صفیہ بنت عبد المطلب (حضور ﷺ کی پھوپھی) | غزوہ خیبر میں یہودی کو قتل کیا |
| ۴۔ | ام الخیر بنت حریش بارقیہ | جنگی اور دفاعی مہمات میں شرکت |
| ۵۔ | زرقاء بنت عدی بن قیس ہمزانیہ | جنگی اور دفاعی مہمات میں شرکت |
| ۶۔ | عکرمہ بنت الطرش | جنگی اور دفاعی مہمات میں شرکت |
| ۷۔ | اُم سنان بنت خیثمہ بن خرشہ مذحجیہ | جنگی اور دفاعی مہمات میں شرکت |

---

۸۔ بیہقی، دلائل النبوه، ۶: ۱۸۱، ۱۸۲

۹۔ بیہقی، دلائل النبوه، ۷: ۱۸۹

۱۰۔ ابن عبد البر، الاستیعاب، ۴: ۲۹۱، ۳۳۳، ۴۴۴

۱۱۔ نووی، تہذیب الاسماء و اللغات، ۱: ۱۴۲، ۱۴۳

۱۲۔ ابن اثیر، اسد الغابۃ فی معرفۃ الصحابہ، ۵: ۴، ۴۵۰، ۵۴۰

۱۳۔ ابن کثیر، البدایہ و النہایہ، ۵: ۷۸

۱۴۔ عسقلانی، الاصابہ فی تمییز الصحابہ، ۴: ۲۹۱، ۳۱۱، ۳۳۳

۱۵۔ عسقلانی، تہذیب التہذیب، ۱۲: ۴۲۱، ۴۲۸، ۴۷۷

۱۶۔ ملا علی قاری، عمدة القاری، ۱: ۲۸

۱۷۔ زرقانی، شرح المواہب اللدنیہ، ۴: ۲۷۹۔۲۸۱

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۸۔ | ازرہ بنت حارث بن کلدہ | ایک لشکر کی قیادت اور اہل بیسان سے لڑائی |
| ۹۔ | ام عطیہ انصاریہ | رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سات غزوات میں شرکت |
| ۱۰۔ | امیہ بنت قیس قفاریہ | غزوہ خیبر میں شرکت |
| ۱۱۔ | ام حکیم بنت حارث | روم کے خلاف معرکے میں شرکت |
| ۱۲۔ | ام ایمن حبشیہ | غزوہ احد، غزوہ خیبر و حنین، سریہ موتہ میں شرکت |
| ۱۳۔ | ام سلیم بنت ملحان | غزہ خیبر و حنین میں شرکت |
| ۱۴۔ | ام حرام بنت ملحان | پہلی بحری مجاہدہ |
| ۱۵۔ | حمنہ بنت جحش | غزوہ احد میں شرکت |
| ۱۶۔ | اسماء بنت عمرو انصاریہ | حدیبیہ و غزوہ خیبر میں شرکت |
| ۱۷۔ | ربیع بنت معوذ انصاریہ | غزوہ بدر میں شرکت |
| ۱۸۔ | نسیبہ بنت کعب انصاریہ | غزوہ احد، غزوہ بنی قریظہ، حدیبیہ، غزوہ خیبر، غزوہ حنین و یمامہ میں شرکت |
| ۱۹۔ | ام سفیان اسلمیہ | غزوہ تبوک میں شرکت (۱) |

(۱) ۱۔ واقدی، المغازی، ۱: ۲۴۹، ۲۵۰

۲۔ ابن سعد، الطبقات الکبریٰ، ۸: ۴۱۵

۳۔ بیہقی، دلائل النبوہ، ۲: ۲۱۲

۴۔ ابو نعیم، حلیۃ الاولیاء و طبقات الاصفیاء، ۲: ۶۴

۵۔ نووی، تہذیب الاسماء و اللغات، ۱: ۲۱۲

۶۔ بلازری، انساب الاشراف، ۱: ۳۲۶

Marfat.com

## حاصلِ کلام

مندرجہ بالا مباحث سے یہ اَمر اَلم نشرح ہو جاتا ہے کہ اِسلام نے دیگر اَفرادِ معاشرہ کی طرح خواتین کو بھی عزت، تکریم، وقار اور بنیادی حقوق کی ضمانت دیتے ہوئے ایک ایسی تہذیب کی بنیاد رکھی جہاں ہر فرد معاشرے کا ایک فعال حصہ ہوتا ہے۔ اسلامی معاشرے میں خواتین اِسلام کے عطا کردہ حقوق کی برکات کے سبب سماجی، معاشرتی، سیاسی اور انتظامی میدانوں میں فعال کردار ادا کرتے ہوئے معاشرے کو اِرتقاء کی اَعلیٰ منازل کی طرف گامزن کرنے کا باعث بنتی ہیں۔ قومی اور بین الاقوامی زندگی میں خواتین کے کردار کا مندرجہ بالا تذکرہ اس کی عملی نظیر پیش کرتا ہے۔

Marfat.com

Marfat.com

# مآخذ ومراجع


۱۔ القرآن الحکیم

۲۔ ابن اثیر، ابوالحسن علی بن محمد بن عبدالکریم بن عبدالواحد شیبانی جزری (۵۵۵۔۶۳۰ھ/۱۱۶۰۔۱۲۳۳ء)۔ **أسد الغابه فی معرفة الصحابه**۔ بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیہ۔

۳۔ احمد بن حنبل، ابوعبداللہ بن محمد (۱۶۴۔۲۴۱ھ/۷۸۰۔۸۵۵ء)۔ **المسند**۔ بیروت، لبنان: المکتب الاسلامی، ۱۳۹۸ھ/۱۹۷۸ء۔

۴۔ اندلسی، عمر بن علی بن احمد وادیاشی (۷۲۳۔۸۰۴ھ)۔ **تحفة المحتاج الیٰ ادلة المحتاج**۔ مکہ مکرمہ، سعودی عرب: دار حراء، ۱۴۰۶ھ۔

۵۔ بخاری، ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بن ابراہیم بن مغیرہ (۱۹۴۔۲۵۶ھ/۸۱۰۔۸۷۰ء)۔ **التاریخ الکبیر**۔ بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیہ۔

۶۔ بزار، ابوبکر احمد بن عمرو بن عبدالخالق بصری (۲۱۰۔۲۹۲ھ/۸۲۵۔۹۰۵ء)۔ **المسند**۔ بیروت، لبنان: ۱۴۰۹ھ۔

۷۔ بلاذری، احمد بن یحییٰ بلاذری۔ **انساب الاشراف**۔ مصر: دار المعارف۔

۸۔ بلاذری، احمد بن یحییٰ بلاذری۔ **فتوح البلدان**۔ بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیہ۔

۹۔ بیہقی، ابوبکر احمد بن حسین بن علی بن عبداللہ بن موسیٰ (۳۸۴۔۴۵۸ھ/۹۹۴۔۱۰۶۶ء)۔ **دلائل النبوہ**۔ بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیہ،


Marfat.com

۱۴۰۵ھ/ ۱۹۸۵ء۔

۱۰۔ بیہقی، ابو بکر احمد بن حسین بن علی بن عبد اللہ بن موسیٰ (۳۸۴۔۴۵۸ھ/ ۹۹۴۔ ۱۰۶۶ء)۔ **السنن الصغیر**۔ بیروت، لبنان: دارالکتب العلمیہ، ۱۴۱۲ھ / ۱۹۹۲ء۔

۱۱۔ بیہقی، ابو بکر احمد بن حسین بن علی بن عبد اللہ بن موسیٰ (۳۸۴۔۴۵۸ھ/ ۹۹۴۔ ۱۰۶۶ء)۔ **السنن الکبریٰ**۔ مکہ مکرمہ، سعودی عرب: مکتبہ دار الباز، ۱۴۱۴ھ/ ۱۹۹۴ء۔

۱۲۔ بیہقی، ابو بکر احمد بن حسین بن علی بن عبد اللہ بن موسیٰ (۳۸۴۔۴۵۸ھ/ ۹۹۴۔ ۱۰۶۶ء)۔ **شعب الایمان**۔ بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیہ، ۱۴۱۰ھ/ ۱۹۹۰ء۔

۱۳۔ ترمذی، ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ بن موسیٰ بن ضحاک سلمی (۲۱۰۔۲۷۹ھ/ ۸۲۵۔۸۹۲ء)۔ **الجامع الصحیح**۔ بیروت، لبنان: دار الغرب الاسلامی، ۱۹۹۸ء۔

۱۴۔ ابن جارود، ابو محمد عبد اللہ بن علی نیشاپوری (م ۳۰۷ھ)۔ **المنتقیٰ**۔ بیروت، لبنان: مؤسسۃ الکتاب الثقافیہ، ۱۴۰۸ھ/ ۱۹۸۸ء۔

۱۵۔ ابن جوزی، ابو الفرج عبد الرحمٰن بن علی بن محمد بن علی بن عبید اللہ (۵۱۰۔۵۷۹ھ/ ۱۱۱۶۔۱۲۰۱ء)۔ **التحقیق فی الاحادیث الخلاف**۔ بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیہ، ۱۹۹۴ء۔

۱۶۔ ابن جوزی، ابو الفرج عبد الرحمٰن بن علی بن محمد بن علی بن عبید اللہ (۵۱۰۔۵۷۹ھ/ ۱۱۱۶۔۱۲۰۱ء)۔ **مناقب امیر المومنین عمر بن خطاب**۔ بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیہ۔

۱۷۔ حاکم، ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ بن محمد (۳۲۱۔۴۰۵ھ/ ۹۳۳۔۱۰۱۴ء)۔ **المستدرک علی الصحیحین**۔ بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیہ،


Marfat.com

۱۴۱۱ھ/۱۹۹۰ء۔

۱۸۔ حاکم، ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ بن محمد (۳۲۱۔۴۰۵ھ/۹۳۳۔۱۰۱۴ء)۔ **المستدرک علی الصحیحین**۔ مکہ، سعودی عرب: دار الباز للنشر و التوزیع۔

۱۹۔ ابن حبان، ابو حاتم محمد بن حبان بن احمد بن حبان (۲۷۰۔۳۵۴ھ/۸۸۴۔۹۶۵ء)۔ **الثقات**۔ بیروت، لبنان: دار الفکر، ۱۳۹۵ھ/۱۹۷۵ء۔

۲۰۔ ابن حبان، ابو حاتم محمد بن حبان بن احمد بن حبان (۲۷۰۔۳۵۴ھ/۸۸۴۔۹۶۵ء)۔ **الصحیح**۔ بیروت، لبنان: مؤسسۃ الرسالہ، ۱۴۱۴ھ/۱۹۹۳ء۔

۲۱۔ ابن حبان، ابو حاتم محمد بن حبان بن احمد بن حبان (۲۷۰۔۳۵۴ھ/۸۸۴۔۹۶۵ء)۔ **طبقات المحدثین بأصبهان**۔ بیروت، لبنان: مؤسسۃ الرسالہ، ۱۴۱۲ھ/۱۹۹۲ء۔

۲۲۔ ابن حزم، قرطبی۔ **حجۃ الوداع**۔ ریاض، سعودی عرب: بیت الافکار الادلۃ للنشر و التوزیع، ۱۹۹۸ء۔

۲۳۔ حسینی، ابراہیم بن محمد (۱۰۵۴۔۱۱۲۰ھ)۔ **البیان و التعریف**۔ بیروت، لبنان: دار الکتاب العربی، ۱۴۰۱ھ۔

۲۴۔ حمیدی، ابو بکر عبداللہ بن زبیر (م ۲۱۹ھ/۸۳۴ء)۔ **المسند**۔ بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیہ + قاہرہ، مصر: مکتبۃ المتنبی۔

۲۵۔ ابن خزیمہ، ابو بکر محمد بن اسحاق (۲۲۳۔۳۱۱ھ/۸۳۸۔۹۲۴ء)۔ **الصحیح**۔ بیروت، لبنان: المکتب الاسلامی، ۱۳۹۰ھ/۱۹۷۰ء۔

۲۶۔ خلال، ابو بکر احمد بن محمد بن ہارون بن یزید (۲۳۴۔۳۱۱ھ)۔ **السنۃ**۔ ریاض، سعودی عرب: ۱۴۱۰ھ۔

۲۷۔ ابو داؤد، سلیمان بن اشعث بن اسحاق بن بشیر بن شداد ازدی سجستانی (۲۰۲۔

Marfat.com

۲۷۵ھ/ ۸۱۷۔۸۸۹ء)۔ السنن۔ بیروت، لبنان: دار الفکر، ۱۴۱۴ھ/ ۱۹۹۴ء۔

۲۸۔ ابو داؤد، سلیمان بن اشعث بن اسحاق بن بشیر بن شداد ازدی سجستانی (۲۰۲۔ ۲۷۵ھ/ ۸۱۷۔۸۸۹ء)۔ **کتاب المراسیل**۔ بیروت، لبنان: مؤسسۃ الرسالہ، ۱۴۰۸ھ۔

۲۹۔ ابو داؤد، سلیمان بن اشعث بن اسحاق بن بشیر بن شداد ازدی سجستانی (۲۰۲۔ ۲۷۵ھ/ ۸۱۷۔۸۸۹ء)۔ **کتاب المراسیل**۔ لاہور، پاکستان: مکتبۃ العلمیہ۔

۳۰۔ دار قطنی، ابو الحسن علی بن عمر بن احمد بن مہدی بن مسعود بن نعمان (۳۰۶۔ ۳۸۵ھ/ ۹۱۸۔۹۹۵ء)۔ السنن۔ بیروت، لبنان: دار المعرفہ، ۱۳۸۶ھ/ ۱۹۶۶ء۔

۳۱۔ دارمی، ابو محمد عبد اللہ بن عبد الرحمٰن (۱۸۱۔۲۵۵ھ/ ۷۹۷۔۸۶۹ء)۔ السنن۔ بیروت، لبنان: دار الکتاب العربی، ۱۴۰۷ھ۔

۳۲۔ دیلمی، ابو شجاع شیرویہ بن شہردار بن شیرویہ بن فناخسرو ہمذانی (۴۴۵۔۵۰۹ھ/ ۱۰۵۳۔۱۱۱۵ء)۔ **الفردوس بمأثور الخطاب**۔ بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیہ، ۱۹۸۶ء۔

۳۳۔ ابن راہویہ، ابو یعقوب اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن ابراہیم بن عبد اللہ (۱۶۱۔ ۲۳۷ھ/ ۷۷۸۔۸۵۱ء)۔ المسند۔ مدینہ منورہ، سعودی عرب: مکتبۃ الایمان، ۱۴۱۲ھ/ ۱۹۹۱ء۔

۳۴۔ رویانی، ابو بکر محمد بن ہارون (م ۳۰۷ھ)۔ المسند۔ قاہرہ، مصر: مؤسسہ قرطبہ، ۱۴۱۶ھ۔

۳۵۔ زرقانی، ابو عبد اللہ محمد بن عبد الباقی بن یوسف بن احمد بن علوان مصری ازہری مالکی (۱۰۵۵۔۱۱۲۲ھ/ ۱۶۴۵۔۱۷۱۰ء)۔ **شرح المواهب اللدنیہ**۔ بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیہ، ۱۴۱۷ھ/ ۱۹۹۶ء۔

۳۶۔ زرقانی، ابو عبد اللہ محمد بن عبد الباقی بن یوسف بن احمد بن علوان مصری ازہری

Marfat.com

مالکی (۱۰۵۵۔۱۱۲۲ھ/۱۶۴۵۔۱۷۱۰ء)۔ **شرح الموطا**۔ بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیہ، ۱۴۱۱ھ۔

۳۷۔ زیلعی، ابو محمد عبداللہ بن یوسف حنفی (م۷۶۲ھ)۔ **نصب الرایۃ لأحادیث الھدایہ**۔ مصر: دارالحدیث، ۱۳۵۷ھ۔

۳۸۔ ابن سعد، ابو عبد اللہ محمد (۱۶۸۔۲۳۰ھ/۷۸۴۔۸۴۵ء)۔ **الطبقات الکبریٰ**۔ بیروت، لبنان: دار بیروت للطباعۃ والنشر، ۱۳۹۸ھ/۱۹۷۸ء۔

۳۹۔ سیوطی، جلال الدین ابو الفضل عبد الرحمٰن بن ابی بکر بن محمد بن ابی بکر بن عثمان (۸۴۹۔۹۱۱ھ/۱۴۴۵۔۱۵۰۵ء)۔ **الدر المنثور فی التفسیر بالمأثور**۔ بیروت، لبنان: دار المعرفہ۔

۴۰۔ سیوطی، جلال الدین ابو الفضل عبد الرحمٰن بن ابی بکر بن محمد بن ابی بکر بن عثمان (۸۴۹۔۹۱۱ھ/۱۴۴۵۔۱۵۰۵ء)۔ **شرح سنن ابن ماجہ**۔ کراچی، پاکستان: قدیمی کتب خانہ۔

۴۱۔ سیوطی، جلال الدین ابو الفضل عبد الرحمٰن بن ابی بکر بن محمد بن ابی بکر بن عثمان (۸۴۹۔۹۱۱ھ/۱۴۴۵۔۱۵۰۵ء)۔ **الدیباج**۔ الخبر، سعودی عرب: دار ابن عفان، ۱۴۱۶ھ/۱۹۹۶ء۔

۴۲۔ شافعی، ابو عبد اللہ محمد بن ادریس بن عباس بن عثمان قرشی (۱۵۰۔۲۰۴ھ /۷۶۷۔۸۱۹ء)۔ **الأم**۔ بیروت، لبنان: دار المعرفہ، ۱۳۹۳ھ۔

۴۳۔ شافعی، ابو عبد اللہ محمد بن ادریس بن عباس بن عثمان قرشی (۱۵۰۔۲۰۴ھ /۷۶۷۔۸۱۹ء)۔ **السنن الماثورہ**۔ بیروت، لبنان: دار المعرفہ، ۱۴۰۶ھ۔

۴۴۔ شافعی، ابو عبد اللہ محمد بن ادریس بن عباس بن عثمان بن شافع قرشی (۱۵۰۔۲۰۴ھ/۷۶۷۔۸۱۹ء)۔ **المسند**۔ بیروت لبنان: دار الکتب العلمیہ

۴۵۔ شمس الحق، ابو طیب محمد عظیم آبادی۔ **عون المعبود شرح سنن ابی داؤد**۔

Marfat.com

بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیہ، ۱۴۱۵ھ۔

۴۶۔ شوکانی، محمد بن علی بن محمد (۱۱۷۳۔۱۲۵۰ھ/۱۷۶۰۔۱۸۳۴ء)۔ **ارشاد الفحول**۔ بیروت، لبنان: دار الفکر، ۱۴۱۲ھ/۱۹۹۲ء۔

۴۷۔ شوکانی، محمد بن علی بن محمد (۱۱۷۳۔۱۲۵۰ھ/۱۷۶۰۔۱۸۳۴ء)۔ **فتح القدیر**۔ مصر: مطبع مصطفی البابی الحلبی و اولادہ، ۱۳۸۳ھ/۱۹۶۴ء۔

۴۸۔ شوکانی، محمد بن علی بن محمد (۱۱۷۳۔۱۲۵۰ھ/۱۷۶۰۔۱۸۳۴ء)۔ **نیل الاوطار شرح منتقی الاخبار**۔ بیروت، لبنان: دار الفکر، ۱۴۰۲ھ/۱۹۸۲ء۔

۴۹۔ شہاب، ابوعبداللہ محمد بن سلامہ بن جعفر بن علی بن حکمون بن ابراہیم بن محمد بن مسلم قضاعی (م ۴۵۴ھ/۱۰۶۲ء)۔ **المسند**۔ بیروت، لبنان: مؤسسۃ الرسالہ، ۱۴۰۷ھ/ ۱۹۸۶ء۔

۵۰۔ شیبانی، ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک بن مخلد (۲۰۶۔۲۸۷ھ/۸۲۲۔۹۰۰ء)۔ **الآحاد و المثانی**۔ ریاض، سعودی عرب: دار الرایہ، ۱۴۱۱ھ/۱۹۹۱ء۔

۵۱۔ شیبانی، ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک بن مخلد (۲۰۶۔۲۸۷ھ/۸۲۲۔۹۰۰ء)۔ **الزھد**۔ قاہرہ، مصر: دار الریان للتراث، ۱۴۰۸ھ۔

۵۲۔ شیبانی، ابوعبداللہ محمد بن حسن (۱۳۲۔۱۸۹ھ)۔ **الحجہ**۔ بیروت، لبنان: عالم الکتب، ۱۴۰۳ھ۔

۵۳۔ شیبانی، ابوعبداللہ محمد بن حسن (۱۳۲۔۱۸۹ھ)۔ **الحجہ**۔ لاہور، پاکستان: دار المعارف نعمانیہ۔

۵۴۔ شیبانی، ابوعبداللہ محمد بن حسن (۱۳۲۔۱۸۹ھ)۔ **المبسوط**۔ کراچی، پاکستان: ادارۃ القرآن و العلوم الاسلامیہ۔

۵۵۔ ابن ابی شیبہ، ابو بکر عبد اللہ بن محمد بن ابراہیم بن عثمان کوفی (۱۵۹۔۲۳۵ھ/ ۷۷۶۔۸۴۹ء)۔ **المصنف**۔ ریاض، سعودی عرب: مکتبۃ الرشد، ۱۴۰۹ھ۔

Marfat.com

۵۶۔ طبرانی، سلیمان بن احمد بن ایوب (۲۶۰۔۳۶۰ھ/۸۷۳۔۹۷۱ء)۔ **مسند الشامیین**۔ بیروت، لبنان: مؤسسۃ الرسالہ، ۱۴۰۵ھ/۱۹۸۴ء۔

۵۷۔ طبرانی، سلیمان بن احمد بن ایوب (۲۶۰۔۳۶۰ھ/۸۷۳۔۹۷۱ء)۔ **المعجم الاوسط**۔ ریاض، سعودی عرب: مکتبۃ المعارف، ۱۴۰۵ھ/۱۹۸۵ء۔

۵۸۔ طبرانی، سلیمان بن احمد بن ایوب (۲۶۰۔۳۶۰ھ/۸۷۳۔۹۷۱ء)۔ **المعجم الصغیر**۔ بیروت، لبنان: دار الفکر، ۱۴۱۸ھ/ ۱۹۹۷ء۔

۵۹۔ طبرانی، سلیمان بن احمد بن ایوب (۲۶۰۔۳۶۰ھ/۸۷۳۔۹۷۱ء)۔ **المعجم الکبیر**۔ موصل، عراق: مطبعۃ الزہراء الحدیثہ۔

۶۰۔ طبرانی، سلیمان بن احمد بن ایوب (۲۶۰۔۳۶۰ھ/۸۷۳۔۹۷۱ء)۔ **المعجم الکبیر**۔ قاہرہ، مصر: مکتبہ ابن تیمیہ۔

۶۱۔ طبری، ابو جعفر محمد بن جریر بن یزید (۲۲۴۔۳۱۰ھ/۸۳۹۔۹۲۳ء)۔ **تاریخ الامم والملوک**۔ بیروت، لبنان، دار الکتب العلمیہ، ۱۴۰۷ھ۔

۶۲۔ طبری، ابو جعفر محمد بن جریر بن یزید (۲۲۴۔۳۱۰ھ/۸۳۹۔۹۲۳ء)۔ **جامع البیان فی تفسیر القرآن**۔ بیروت، لبنان: دار المعرفہ، ۱۴۰۰ھ/۱۹۸۰ء۔

۶۳۔ طیالسی، ابو داؤد سلیمان بن داؤد جارود (۱۳۳۔۲۰۴ھ/۷۵۱۔۸۱۹ء)۔ **المسند**۔ بیروت، لبنان: دار المعرفہ۔

۶۴۔ ابن عبد البر، ابو عمر یوسف بن عبد اللہ بن محمد (۳۶۸۔۴۶۳ھ/۹۷۹۔۱۰۷۱ء)۔ **الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب**۔ بیروت، لبنان: دار الجیل، ۱۴۱۲ھ۔

۶۵۔ ابن عبد البر، ابو عمر یوسف بن عبد اللہ بن محمد (۳۶۸۔۴۶۳ھ/۹۷۹۔۱۰۷۱ء)۔ **التمہید**۔ مغرب (مراکش): وزات عموم الأوقاف و الشؤون الإسلامیہ، ۱۳۸۷ھ۔

۶۶۔ عبد الرزاق، ابو بکر بن ہمام بن نافع صنعانی (۱۲۶۔۲۱۱ھ/۷۴۴۔۸۲۶ء)۔


Marfat.com

المصنف۔ بیروت، لبنان: المکتب الاسلامی، ۱۴۰۳ھ۔

۶۷۔ عبد بن حمید، ابو محمد بن نصر کسی (م ۲۴۹ھ/۸۶۳ء)۔ **المسند۔** قاہرہ، مصر: مکتبۃ السنہ، ۱۴۰۸ھ/۱۹۸۸ء۔

۶۸۔ عسقلانی، احمد بن علی بن حجر بن محمد بن محمد بن علی بن احمد کنانی (۷۷۳۔ ۸۵۲ھ/۱۳۷۲۔۱۴۴۹ء)۔ **الاصابہ فی تمییز الصحابہ۔** بیروت، لبنان: دار الجیل، ۱۴۱۲ھ/۱۹۹۲ء۔

۶۹۔ عسقلانی، احمد بن علی بن حجر بن محمد بن محمد بن علی بن احمد کنانی (۷۷۳۔ ۸۵۲ھ/ ۱۳۷۲۔۱۴۴۹ء)۔ **تلخیص الحبیر.** مدینہ منورہ، سعودی عرب: ۱۳۸۴ھ/۱۹۶۴ء۔

۷۰۔ عسقلانی، احمد بن علی بن حجر بن محمد بن محمد بن علی بن احمد کنانی (۷۷۳۔ ۸۵۲ھ/ ۱۳۷۲۔۱۴۴۹ء)۔ **تهذیب التهذیب۔** بیروت، لبنان: دار الفکر، ۱۴۰۴ھ/۱۹۸۴ء۔

۷۱۔ عسقلانی، احمد بن علی بن حجر بن محمد بن محمد بن علی بن احمد کنانی (۷۷۳۔ ۸۵۲ھ/ ۱۳۷۲۔۱۴۴۹ء)۔ **الدرایہ فی تخریج احادیث الهدایہ۔** بیروت، لبنان: دار المعرفہ۔

۷۲۔ عسقلانی، احمد بن علی بن حجر بن محمد بن محمد بن علی بن احمد کنانی (۷۷۳۔ ۸۵۲ھ/ ۱۳۷۲۔۱۴۴۹ء)۔ **فتح الباری۔** لاہور، پاکستان: دار نشر الکتب الاسلامیہ، ۱۴۰۱ھ/ ۱۹۸۱ء۔

۷۳۔ عسقلانی، احمد بن علی بن حجر بن محمد بن محمد بن علی بن احمد کنانی (۷۷۳۔ ۸۵۲ھ/ ۱۳۷۲۔۱۴۴۹ء)۔ **هدی الساری مقدمہ فتح الباری۔** بیروت، لبنان: دار المعرفہ، ۱۳۷۹ھ۔

۷۴۔ ابو عوانہ، یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم بن زید نیشاپوری (۲۳۰۔۳۱۶ھ/۸۴۵۔

Marfat.com

۹۲۸ء)۔ **المسند**۔ بیروت، لبنان: دار المعرفہ، ۱۹۹۸ء۔

۷۵۔ ابن قدامہ، ابو محمد عبداللہ بن احمد مقدسی (م ۶۲۰ھ)۔ **المغنی فی فقه الامام احمد بن حنبل الشیبانی**۔ بیروت، لبنان: دارالفکر، ۱۴۰۵ھ۔

۷۶۔ ابن قدامہ، ابو محمد عبداللہ بن احمد مقدسی (م ۶۲۰ھ)۔ **المقنع**۔ المطبعۃ السّلفیہ۔

۷۷۔ قرطبی، ابو عبداللہ محمد بن احمد بن محمد بن یحیٰی بن مفرج اُموی (۲۸۴۔۳۸۰ھ/ ۸۹۷۔۹۹۰ء)۔ **الجامع لاحکام القرآن**۔ بیروت، لبنان: دار احیاء التراث العربی۔

۷۸۔ کاسانی، علاؤ الدین ابو بکر (م ۵۸۷ھ)۔ **بدائع الصنائع**۔ بیروت، لبنان: دار الکتاب العربی، ۱۹۸۲ء۔

۷۹۔ کاسانی، علاؤ الدین ابو بکر (م ۵۸۷ھ)۔ **بدائع الصنائع**۔ کراچی، پاکستان: ایچ ایم سعید کمپنی۔

۸۰۔ ابن کثیر، ابو الفداء اسماعیل بن عمر بن کثیر بن ضوء بن کثیر بن زرع بصروی (۷۰۱۔۷۷۴ھ/۱۳۰۱۔۱۳۷۳ء)۔ **البدایه و النهایه**۔ بیروت، لبنان: دار الفکر، ۱۴۱۹ھ/۱۹۹۸ء۔

۸۱۔ ابن کثیر، ابو الفداء اسماعیل بن عمر بن کثیر بن ضوء بن کثیر بن زرع بصروی (۷۰۱۔۷۷۴ھ/۱۳۰۱۔۱۳۷۳ء)۔ **تفسیر القرآن العظیم**۔ بیروت، لبنان: دار المعرفہ، ۱۴۰۰ھ/۱۹۸۰ء۔

۸۲۔ کنانی، احمد بن ابی بکر بن اسماعیل (۷۶۲۔۸۴۰ھ)۔ **مصباح الزجاجة فی زوائد ابن ماجه**۔ بیروت، لبنان: دار العربیہ، ۱۴۰۳ھ۔

۸۳۔ مالک، ابن انس بن مالک ﷺ بن ابی عامر بن عمرو بن حارث اصبحی (۹۳۔۱۷۹ھ/۷۱۲۔۷۹۵ء)۔ **المدونة الکبریٰ**۔ بیروت، لبنان: دار صادر۔

۸۴۔ مالک، ابن انس بن مالک ﷺ بن ابی عامر بن عمرو بن حارث اصبحی (۹۳۔

Marfat.com

۱۷۹ھ/ ۷۱۲۔۷۹۵ء)۔ **المدونة الكبرىٰ**۔ بیروت، لبنان: دار الفكر للطباعة و النشر والتوزيع، ۱۹۸۰ء۔

۸۵۔ ابن ماجه، ابو عبد الله محمد بن يزيد قزوینی (۲۰۹۔۲۷۳ھ/ ۸۲۴۔۸۸۷ء)۔ **السنن**۔ بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیہ ، ۱۴۱۹ھ/ ۱۹۹۸ء۔

۸۶۔ مبارک پوری، ابو العلاء محمد عبد الرحمٰن بن عبد الرحیم (۱۲۸۳۔۱۳۵۳ھ)۔ **تحفة الاحوذی**۔ بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیہ ۔

۸۷۔ محلی، جلال الدین محمد بن احمد بن محمد بن ابراہیم بن احمد بن ہاشم (۷۹۱۔ ۸۶۴ھ/ ۱۳۸۹۔۱۴۵۹ء)۔ + سیوطی۔ **تفسیر الجلالین**۔ کراچی، پاکستان: تاج کمپنی لمیٹڈ۔

۸۸۔ مرغینانی، برہان الدین ابو الحسن علی بن ابی بکر۔ **الهدایه**۔ کراچی، پاکستان: محمد علی کارخانہ اسلامی کتب۔

۸۹۔ مزی، ابو الحجاج یوسف بن زکی عبد الرحمٰن بن یوسف بن عبد الملک بن یوسف بن علی (۶۵۴۔۷۴۲ھ/ ۱۲۵۶۔۱۳۴۱ء)۔ **تحفة الاشراف بمعرفة الاطراف**۔ ممبئی، بھارت: الدار القیمہ + بیروت، لبنان: المکتب الاسلامی، ۱۴۰۳ھ/ ۱۹۸۳ء۔

۹۰۔ مزی، ابو الحجاج یوسف بن زکی عبد الرحمٰن بن یوسف بن عبد الملک بن یوسف بن علی (۶۵۴۔۷۴۲ھ/ ۱۲۵۶۔۱۳۴۱ء)۔ **تهذیب الکمال**۔ بیروت، لبنان: مؤسسۃ الرسالہ، ۱۴۰۰ھ/ ۱۹۸۰ء۔

۹۱۔ مقدسی، ابو عبد اللہ بن محمد بن مفلح (۷۱۷۔۷۶۲ھ)۔ **الفروع**۔ بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیہ ، ۱۴۱۸ھ۔

۹۲۔ مقدسی، محمد بن عبد الواحد بن احمد بن عبد الرحمٰن بن اسماعیل بن منصور سعدی حنبلی (م ۵۶۹۔۶۴۳ھ/ ۱۱۷۳۔۱۲۴۵ء)۔ **الاحادیث المختارہ**۔ مکہ مکرمہ، سعودی

Marfat.com

عرب: مکتبۃ النہضۃ الحدیثہ، ۱۴۱۰ھ/۱۹۹۰ء۔

۹۳۔ مناوی، عبدالرؤف بن تاج العارفین بن علی بن زین العابدین (۹۵۲۔۱۰۳۱ھ/ ۱۵۴۵۔۱۶۲۱ء)۔ **فیض القدیر شرح الجامع الصغیر**۔ مصر: مکتبہ تجاریہ کبریٰ، ۱۳۵۶ھ۔

۹۴۔ ابن مندہ، ابو عبد اللہ محمد بن اسحاق بن یحیٰ (۳۱۰۔۳۹۵ھ/۹۲۲۔۱۰۰۵ء)۔ **الایمان**۔ بیروت، لبنان: مؤسسۃ الرسالہ، ۱۴۰۶ھ۔

۹۵۔ منذری، ابو محمد عبد العظیم بن عبد القوی بن عبد اللہ بن سلامہ بن سعد (۵۸۱۔ ۶۵۶ھ/ ۱۱۸۵۔ ۱۲۵۸ء)۔ **الترغیب و الترهیب**۔ بیروت، لبنان: دارالکتب العلمیہ، ۱۴۱۷ھ۔

۹۶۔ نسائی، ابو عبدالرحمٰن احمد بن شعیب بن علی بن سنان بن بحر بن دینار (۲۱۵۔ ۳۰۳ھ/۸۳۰۔۹۱۵ء)۔ **السنن**۔ بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیہ، ۱۴۱۶ھ/۱۹۹۵ء۔

۹۷۔ نسائی، ابو عبدالرحمٰن احمد بن شعیب بن علی بن سنان بن بحر بن دینار (۲۱۵۔۳۰۳ھ/ ۸۳۰۔۹۱۵ء)۔ **السنن الکبریٰ**۔ بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیہ، ۱۴۱۱ھ/۱۹۹۱ء۔

۹۸۔ ابونعیم، احمد بن عبد اللہ بن احمد بن اسحاق بن موسیٰ بن مہران اصبہانی (۳۳۶۔ ۴۳۰ھ/ ۹۴۸۔۱۰۳۸ء)۔ **حلیۃ الاولیاء و طبقات الاصفیاء**۔ بیروت، لبنان: دار الکتاب العربی، ۱۴۰۰ھ/۱۹۸۰ء۔

۹۹۔ ابونعیم، احمد بن عبد اللہ بن احمد بن اسحاق بن موسیٰ بن مہران اصبہانی (۳۳۶۔ ۴۳۰ھ/ ۹۴۸۔۱۰۳۸ء)۔ **مسند الامام ابی حنیفه**۔ ریاض، سعودی عرب: مکتبۃ الکوثر، ۱۴۱۵ھ۔

۱۰۰۔ ابونعیم، احمد بن عبد اللہ بن احمد بن اسحاق بن موسیٰ بن مہران اصبہانی (۳۳۶۔

Marfat.com

۴۳۰ھ/۹۴۸-۱۰۳۸ء)۔ **المسند المستخرج علی صحیح مسلم.** بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیہ، ۱۹۹۶ء۔

۱۰۱۔ نووی، ابو زکریا یحییٰ بن شرف بن مری بن حسن بن حسین بن محمد بن جمعہ بن حزام (۶۳۱-۶۷۷ھ/۱۲۳۳-۱۲۷۸ء)۔ **تهذیب الاسماء و اللغات۔** بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیہ۔

۱۰۲۔ نووی، ابو زکریا یحییٰ بن شرف بن مری بن حسن بن حسین بن محمد بن جمعہ بن حزام (۶۳۱-۶۷۷ھ/۱۲۳۳-۱۲۷۸ء)۔ **شرح صحیح مسلم۔** کراچی، پاکستان: قدیمی کتب خانہ، ۱۳۷۵ھ/۱۹۵۶ء۔

۱۰۳۔ نووی، ابو عبد المعطی محمد بن عمر بن علی جاوی۔ **نهاية الزين۔** بیروت، لبنان: دار الفکر۔

۱۰۴۔ واسطی، اسلم بن سہل (م ۲۹۲ھ)۔ **تاریخ واسط۔** بیروت، لبنان: عالم الکتب، ۱۴۰۶ھ۔

۱۰۵۔ واقدی، محمد بن عمر بن واقد۔ **المغازی۔** بیروت، لبنان: نشر دانش اسلامی، ۱۴۰۵ھ۔

۱۰۶۔ ابن ہشام، ابو محمد عبد الملک حمیری (م ۲۱۳ھ/۸۲۸ء)۔ **السيرة النبويه۔** بیروت، لبنان: دار الجیل، ۱۴۱۱ھ۔

۱۰۷۔ ابن ہمام، کمال الدین بن محمد بن عبد الواحد (م ۶۸۱ھ)۔ **فتح القدیر۔** کوئٹہ، پاکستان: مکتبہ رشیدیہ۔

۱۰۸۔ ہندی، علاء الدین علی متقی حسام الدین (م ۹۷۵ھ)۔ **کنز العمال۔** بیروت، لبنان: مؤسسۃ الرسالہ، ۱۳۹۹ھ/۱۹۷۹ء۔

۱۰۹۔ ہیثمی، نور الدین ابو الحسن علی بن ابی بکر بن سلیمان (۷۳۵-۸۰۷ھ/۱۳۳۵-۱۴۰۵ء)۔ **مجمع الزوائد۔** قاہرہ، مصر: دار الریان للتراث + بیروت، لبنان:

Marfat.com

دار الکتاب العربی، ۱۴۰۷ھ/۱۹۸۷ء۔

۱۱۰۔ ہیثمی، نور الدین ابو الحسن علی بن ابی بکر بن سلیمان (۷۳۵۔۸۰۷ھ/ ۱۳۳۵۔۱۴۰۵ء)۔ **موارد الظمآن إلیٰ زوائد ابن حبان۔** بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیہ۔

۱۱۱۔ ابو یعلیٰ، احمد بن علی بن مثنی بن یحیٰ بن عیسیٰ بن ہلال موصلی تمیمی (۲۱۰۔۳۰۷ھ/ ۸۲۵۔۹۱۹ء)۔ **المسند۔** دمشق، شام: دار المأمون للتراث، ۱۴۰۴ھ/۱۹۸۴ء۔

۱۱۲۔ ابو یعلیٰ، احمد بن علی بن مثنی بن یحیٰ بن عیسیٰ بن ہلال موصلی تمیمی (۲۱۰۔۳۰۷ھ/ ۸۲۵۔۹۱۹ء)۔ **المعجم،** فیصل آباد، پاکستان: ادارۃ العلوم والاثریہ، ۱۴۰۷ھ۔

113. Blackstone, W., *Commentaries on the Laws of England*, Book I.

114. Cecilia Morgan, *An Embarrassingly and Severely Masculine Atmosphere: Women, Gender and the Legal Profession at Osgood Hall*, 1920s-1960s (1996), 11 Canadian Journal of Law and Society 19.

115. Inter-Parliamentary Union (IPU) 1995., *Women in Parliaments 1945-1995*: A World Statistical Survey. Geneva and IPU (Inter-Parliamentary Union). 2003.

116. James Macgregor Burns et al., *Government by the People*, 15th ed. Englewood Cliffs: Prentice Hall, 1993.

117. John M. Blum et al., *The National Experience: A History of the United States*, 8th ed. Ft. Worth: Harcourt, 1993.

118. Kerber, *Women of the Republic: Intellect and Ideology in Revolutionary America*, Chapel Hill: University of North Carolina Press, 1980.

Marfat.com

119. Lorna C. Mason et al., *History of the United States*, vol. 1: Beginnings to 1877, Boston: Houghton Mifflin, 1992.

120. Milton C. Cummings and David Wise, *Democracy Under Pressure: An Introduction to the American Political System*, 7th ed. Fort Worth: Harcourt Brace, 1993.

121. Paton, G., *Textbook of Jurisprudence*, 4th ed. OUP, London, 1972, p-392.

122. Richard N. Current et al., *American History: A Survey*, 7th ed. New York: Knopf, 1987.

123. Roger Cotterrell, *The Sociology of Law*, 2nd ed. Butterworths, London, 1992.

124. *UN Report 1980 quoted in Contemporary Political Ideologies*: Roger Eatwell & Anthony Wright, Westview Press, San Francisco, 1993.

125. http://www.calvarychapel.com/library/Reference/Social/DivorceStatistics.htm, 15 March 2002, 0200 PST.

126. http://www.divorcemag.com/statistics/statsworld.shtml, 15 March 2002, 0200 PST.

127. http://www.divorcenter.org/faqs/stats.htm, 15 March 2002,0200 PST.

128. http://www.divorcereform.org/black.html, 15 march 2002,0200 PST.

129. http://www.ifas.org/fw/9607/statistics.html, 15 March 2002, 0200PST.

130. http://www.odh.state.oh.us/Data/whare/mardiv/MGlance.htm, 15 March 2002, 0200 PST.

Marfat.com

Marfat.com

اِسلام کی آمد سے قبل عورت اَلم ناک صورتِ حال سے دوچار تھی جس سے اسے اِسلام نے آزادی عطا کی۔ یہ اَمر کہ عورت کے حقوق کا تحفظ اِسلام کے عطا کردہ ضابطوں سے ہی ہوسکتا ہے، مغربی معاشرے میں عورت کی حالت کے مشاہدہ سے بھی پایہ ثبوت کو پہنچ جاتا ہے۔ عورت کے حقوق کے تحفظ کا مفہوم انفرادی، معاشرتی، خاندانی اور عائلی سطح پر عورت کو ایسا تقدس اور احترام فراہم کرنا ہے جس سے معاشرے میں اس کے حقوق کے حقیقی تحفظ کا اظہار بھی ہو۔ اگر ہم حقائق اور اَعداد و شمار کی روشنی میں مغربی معاشرے میں عورت کے حقوق کا جائزہ لیں تو انتہائی مایوس کن صورت حال سامنے آتی ہے۔ جب کہ اسلام کی حقوقِ نسواں کی تاریخ درخشاں روایات کی امین ہے۔ روزِ اول سے اسلام نے عورت کے مذہبی، سماجی، معاشرتی، قانونی، آئینی، سیاسی اور انتظامی کردار کا نہ صرف اعتراف کیا بلکہ اس کے جملہ حقوق کی ضمانت بھی فراہم کی۔ تاہم یہ ایک المیہ ہے کہ آج مغربی اہل علم جب بھی عورت کے حقوق کی تاریخ مرتب کرتے ہیں تو اس باب میں اسلام کی تاریخی خدمات اور بے مثال کردار سے یکسر صرف نظر کرتے ہوئے اسے نظر انداز کر دیتے ہیں۔

منہاج القرآن پبلیکیشنز
365-M, Model Town, Lahore- Pakistan
Tel: +92-42-5168514, 111-140-140, Fax: 5168184
Yousaf Market ghazni Street 38 Urdu bazar Lahore Ph: 7237695
www.minhaj.org, e-mail: tehreek@minhaj.org
*BT-0004-1*

Marfat.com